مَا كَانَ مُحَمَّدٌ أَبَا أَحَدٍ مِّن رِّجَالِكُمْ وَلَٰكِن رَّسُولَ اللَّهِ وَخَاتَمَ النَّبِيِّينَ ۗ وَكَانَ اللَّهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمًا

رَدِّ مرزائیتؒ

مرزا قادیانی کی علمی خیانت کا تحقیقی جائزہ

تالیف و تصنیف

شیخ القرآن حضرت مولانا

غلام اللہ خان نور اللہ مرقدہ

مؤسس دار العلوم تعلیم القرآن راولپنڈی

ناشر

شعبہ تصنیف و تالیف

دار العلوم تعلیم القرآن، راجہ بازار، راولپنڈی

Maktaba Tul Ishaat.com

عظیم الشان خوشخبری

★ اب مکتبہ اشاعت آپ کے جیب میں ★

دنیا میں کسی بھی جگہ علماء جماعت اشاعت التوحید والسنۃ کے تمام تصانیف

Play Store اور Website سے بالکل فری انسٹال / ڈاؤن لوڈ کریں۔

انسٹال / ڈاؤن لوڈ کرنے کا طریقہ

Play Store سے " مکتبۃ الاشاعت " انسٹال کرنے کے بعد ایپ میں مطلوبہ کتاب ڈاون لوڈ کریں

نیز اپنی کتاب کو Website / Play Store پر مفت شائع کرنے کے لیے بھی رابطہ کریں۔

نیز ماہنامہ التوحید والسنۃ پلے سٹور اور ویب سائٹ دونوں پر دستیاب ہے۔

نوٹ

ویب سائٹ پر جماعت اشاعت التوحید والسنۃ کے تمام تصانیف مثلاً تفاسیر، فتاویٰ جات، شروح، سوانح حیات، نوٹس، درس نظامی کے کتب وغیرہ دستیاب ہیں آپ وقتاً بوقتاً Play Store اور website پر چیک کیا کریں مزید معلومات کے لیے دیے گئے واٹس ایپ نمبر پر رابطہ کریں۔ وہاں آپ کو آسانی کے لئے مطلوبہ کتاب کا link دیا جائے گا اور آپ کو بہترین رہنمائی دی جائے گی جس سے آپ کو مطلوبہ کتاب آسانی سے ملے گا۔ پلے سٹور پر ترجمہ و تفسیر یا سورتوں کے نوعیت والے تصانیف دستیاب ہوں ہیں کیونکہ ایک PDF میں اس کا مطالعہ مشکل ہوتا ہے تو ہم نے آسانی کے لیے ہر ایک پارے کے لیے الگ الگ بٹن بنایا ہے تاکہ قارئین کے لیے پڑھنے میں آسانی ہو باقی تمام نوعیت کے تصانیف مندرجہ ذیل ویب سائیٹ پر دستیاب ہوں گے۔ جو Goggle پر مزکورہ ویب سائیٹ میں سرچ کرنے سے یا ہمارے مندرجہ بالا app " مکتبۃ الاشاعت " کو پلے سٹور سے انسٹال کرنے کے بعد ایپ میں سرچ کرنے سے ملیں گے۔ آسانی کے لیے ویب سائیٹ پر links ملاحظہ کیجئے۔ جزاکم اللہ

WhatsApp:0320-1914145

ویب سائیٹ maktabatulishaat.com (مکتبۃ الاشاعت ڈاٹ کام)

مَا كَانَ مُحَمَّدٌ أَبَا أَحَدٍ مِّن رِّجَالِكُمْ وَلَٰكِن رَّسُولَ اللَّهِ وَخَاتَمَ النَّبِيِّينَ ۗ وَكَانَ اللَّهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمًا

رَدِّ مِرزائیت

مرزا قادیانی کی علمی خیانت کا تحقیقی جائزہ

تالیف و تصنیف

شیخ القرآن حضرت مولانا

غلام اللہ خان نور اللہ مرقدہ

مؤسس دارالعلوم تعلیم القرآن راولپنڈی

شعبہ تصنیف و تالیف

ناشر دارالعلوم تعلیم القرآن، راجہ بازار، راولپنڈی

Maktaba Tul Ishaat.com

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

نام کتاب:........... ردِّ مرزائیت

تالیف وتصنیف:............ شیخ القرآن مولانا غلام اللہ خان رحمۃ اللہ علیہ

باہتمام:............ جانشین شیخ القرآن مولانا اشرف علی حفظہ اللہ

پروف ریڈنگ:...... استاذ الحدیث مولانا عبدالرشید لاوی حفظہ اللہ

معاونین:...... مولانا مفتی محمد عاصم...... نواسہ شیخ القرآن آغا ارشد محمود

تعداد:........... ایک ہزار

اشاعت:...... اول

تاریخ اشاعت:...... 7 ستمبر 2019ء

ناشر و سٹاکسٹ:...... دارالعلوم تعلیم القرآن، راجہ بازار، راولپنڈی 051-5550668

ملنے کا پتہ

☆...... کتب خانہ رشیدیہ، مدینہ کلاتھ مارکیٹ، راجہ بازار، راولپنڈی:051-5771798

☆...... مکتبہ رحمانیہ، اقرأ سنٹر غزنی سٹریٹ، اردو بازار، لاہور:0423-7224228

☆...... مکتبہ العلم، 18 اردو بازار، لاہور:0423-7231788

☆...... مکتبہ رشیدیہ، شیش محل روڈ، داتا دربار، لاہور:0423-7364516

☆...... کتب خانہ مجیدیہ، بیرون بوہڑ گیٹ، ملتان:061-4543841

☆...... مکتبہ الحسینیہ ضیاء العلوم، فاروق اعظم روڈ، سرگودھا۔

Maktaba Tul Ishaat.com

فہرست

نمبر شمار	عنوانات	صفحہ نمبر
1	انتساب	9
2	کلمۃ الناشر	10
3	پیش لفظ	14
4	مرزا کی علمی قابلیت	16
5	مرزا کا علمیت اور عصمت کا دعویٰ	16
6	علم حساب	16
7	مرزا کے اغلاط	16
8	علم جغرافیہ	18
9	علم تاریخ	18
10	علم الصرف، علم النحو، علم المعانی، علم الطب	19
11	علم الفقہ، علم اصول حدیث، علم الحدیث	20
12	علم التفسیر	21
13	علم القرآن، علم اللغت	22
14	علم العقائد	23
15	علم اصول السلام در مساوات	25
16	علم المنطق، علم فلسفہ	26
17	علم مناظرہ، مسلمانوں کی مردم شماری، 1892ء	27

Maktaba Tul Ishaat.com

18	جھوٹے آدمی کے متعلق مرزا کا فتویٰ	28
19	عدالت میں مرزا کا جھوٹ	28
20	عمر مسیح میں مرزا کا خبط	29
21	متناقض باتوں والے شخص کے متعلق مرزا کا فتویٰ	31
22	قبر مسیح علیہ السلام کے متعلق مرزا کا خبط عشواء	32
23	حیات مسیح علیہ السلام میں مرزا کا خبط عشواء	33
24	مرزا کی عربی کی فاحش اغلاط	34
25	خلاف اس کے اقوال مرزا	35
26	مرزا کی چالیس کے قریب ادبی اغلاط عربی میں	35
27	مرزا نے صرف حرامزادہ کی گالی مخالفین کی سنائی	39
28	مرزا قادیانی کی جھوٹی قسمیں	41
29	جھوٹ بولنے والے کے متعلق مرزا کا فتویٰ	41
30	خود مرزا کی جھوٹی حلفیں	41
31	جواب تاویلات	43
32	آنحضرت ﷺ کی توہین مرزا کی زبانی	43
33	مرزا قادیانی کی صحیح انسانیت پر بحث مرزا قادیانی صحیح انسان نہیں	50
34	مرزا قادیانی کی تبدیلی عقائد سب کی علت غائیہ انگریزی حکومت کی چاپلوسی (پولیٹیکل غرض) تھی	63
35	مرزا کے الہامات میں اغلاط	67

Maktaba Tul Ishaat.com

36	مندرجہ بالا معیار پر مرزا کے الہامات	68
37	مرزا قادیانی کی اصلاحی خدمات	74
38	قادیان کی واجب الارض میں مرزا کا رواج کی پابندی کا بیان	76
39	(پہلا حصہ) مرزا قادیانی کی گالیاں	85
40	(دوسرا حصہ) مرزا کا گالیاں دینا	88
41	مرزا کے جھوٹے الہامات (حصہ اول)	92
42	مرزا کے جھوٹے الہامات (حصہ ثانی)	92
43	امراض قادیانی	99
44	مرزا کی اپنی زبانی اس کی بیماریاں گنواتے ہیں	99
45	مرزا کا دعویٰ مسیح موعود ہونے کا پانہ (دعویٰ کے متعلق پانچ ادوار)	101
46	مرزا میں مسیح موعود کی علامت موجود نہیں	103
47	کفر مرزا قادیانی	108
48	مرزا کے ادعاء نبوت کے ثبوت	110
49	مرزا قادیان نے اپنی نبوت کا انکار کیا	121
50	مرزا قادیانی نے حضرت مسیح علیہ السلام کو گالیاں دیں اور اس کے جواب کی تردید (پہلا حصہ)	122
51	مرزا قادیانی نے حضرت مسیح علیہ السلام کو گالیاں دیں اور اس کے جواب کی تردید (دوسرا حصہ)	124
52	مرزا کی نظر میں دوسرے مسلمان کافر یا مومن؟	133

Maktaba Tul Ishaat.com

53	مرزا کے نزدیک دوسرے اہل اسلام دائرہ اسلام سے خارج ہیں	134
54	مرزا قادیانی کے غلط حوالجات وتحریفات	136
55	مرزا کی نظر میں انبیاء کرام (علیہم السلام) حصہ اول	139
56	مرزا نے کیا انبیاء علیہم السلام کو سمجھا (حصہ دوم)	140
57	مرزا خود کو خاتم النبیین ہونے کا دعویدار	145
58	مرزا در پردہ تشریعی نبوت کا دعویدار ہے	148
59	لاہوری پارٹی کے لیے	152
60	افضلیت مرزا از جمیع انبیاء علیہم السلام	155
61	مرزا بریلوی جماعت کا ہمنوا ہے	158
62	مرزا میں تبدیلی ہوئی یا مسلمانوں میں	162
63	**حصہ دوم** (مرزا کی کتابوں سے حوالہ جات)	169
64	......سرمہ چشم آریہ......	169
65	......تصنیفات احمدیہ جلد سوم، فتح اسلام، توضیح مرام، ازالہ اوہام......	173
66	......اتمام الحجۃ......	179
67	......ضرورۃ الامام......	180
68	......دافع البلاء......	182
69	......انوار الاسلام......	183
70	......ایام الصلح......	185
71	......حقیقۃ الوحی......	186

Maktaba Tul Ishaat.com

72	نشانات	189
73	الہامات	190
74	امور قابل طلب حوالہ	191
75	انبیاء علیہم السلام سے مرزا کی ہمسری یا فضیلت	193
76	تخلف کن کن میں ناجائز ہے	194
77	براہین احمدیہ	202
78	براہین احمدیہ حصہ پنجم یا نصرۃ الحق	206
79	چشمہ معرفت	212
80	نهج المصلى	212
81	**حصہ سوم** (حیات حضرت مسیح علیہ السلام اور مرزا قادیانی)	216
82	حیات حضرت مسیح علیہ السلام	216
83	براہین کے متعلق	218
84	مرزا غلام احمد قادیانی سے غلطی نہیں بن سکتی	219
85	حیات مسیح علیہ السلام کی اہمیت	220
86	حیات حضرت مسیح علیہ السلام از آیات قرآن مجید	221
87	یہودیوں اور عیسائیوں کا عقیدہ	221
88	حیات مسیح علیہ السلام کی احادیث	223
89	حیات (مسیح علیہ السلام کے متعلق) اقوال آئمہ دین	227
90	احادیث وفات کا جواب	227

Maktaba Tul Ishaat.com

91	**حدیث**:......لو کان عیسی حیا......الخ	229
92	**حدیث**:......حلیقبن مسیح علیہ السلام	230
93	**حدیث**:......لا مہدی الا عیسیٰ علیہ السلام	231
94	آیات وفات مسیح علیہ السلام کا جواب	231
95	**عکس تحریر قلمی نسخہ**	238

Maktaba Tul Ishaat.com

انتساب

میں والد گرامی قدر

شیخ القرآن مولانا غلام اللہ خان رحمۃ اللہ علیہ

کی مرزائیت کے خلاف تحریر کردہ کتاب کا انتساب

"امیر شریعت مولانا سید عطاء اللہ شاہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ"

کے نام کرتا ہوں۔

کیونکہ والد گرامی نے امیر شریعت رحمۃ اللہ علیہ کی قیادت میں

"مجلس احرار اسلام"

کے ساتھ وابستہ رہ کر کما حقہ اپنی خدمات سرانجام دیں۔

پیش کردہ کتاب بھی اسی دور کی لاجواب تصنیف ہے۔

اللہ تعالیٰ اس کتاب کے مطالعہ سے ہدایت کا سامان پیدا کردے۔ آمین۔

(جانشین شیخ القرآن)

(مولانا) اشرف علی

مہتمم دارالعلوم تعلیم القرآن، راولپنڈی

Maktaba Tul Ishaat.com

کلمة الناشر

فتنہ قادیانیت چودھویں صدی کا عظیم فتنہ ہے۔ جسے متحدہ ہندوستان پر فرنگی تسلط کے بعد وجود میں لایا گیا۔ اکابرین علماء دیوبند نے حسب معمول اس فتنے کا تعاقب کیا، مناظروں، مباہلوں اور تحریری شکل میں جاری تعاقب کی ایمان افروز تاریخ محفوظ ہے۔ جن علماء کو اس فتنے کی سرکوبی کی اللہ تعالیٰ کی طرف سے خصوصی توفیق ملی، ان میں سے خاتم المحدثین حضرت مولانا انور شاہ کشمیری رحمہ اللہ اور امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاری رحمہ اللہ نے گرانقدر خدمات انجام دیں۔

علامہ انور شاہ کشمیری رحمہ اللہ مسئلہ ختم نبوت میں علماء ہند کی نسبت زیادہ حساس تھے۔ دارالعلوم دیوبند اور مدرسہ اسلامیہ ڈابھیل کی مسند حدیث پر بیٹھ کر قادیانیت کے خلاف جو محاذ قائم کیا جسے دیانت دار مورخ سنہری حروف میں لکھنے پر مجبور ہے اور رہے گا۔

حضرت شیخ القرآن مولانا غلام اللہ خان رحمہ اللہ اگر تفسیر قرآن میں امام الموحدین رئیس المفسرین حضرت مولانا حسین علی الوانی رحمہ اللہ کے شاگرد رشید ہیں، تو حدیث میں امام العصر مولانا علامہ انور شاہ کشمیری رحمہ اللہ کے تلمیذ ارشد ہیں۔ امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاری نے حضرت علامہ انور شاہ کشمیری رحمہ اللہ کے حکم پر اپنی جماعت احرار اسلام میں شعبہ تبلیغ تحفظ ختم نبوت قائم کیا۔ حضرت شیخ القرآن مولانا غلام اللہ خان رحمہ اللہ نے احرار اسلام میں شمولیت اختیار کی، اور شعبہ تبلیغ ختم نبوت سے وابستہ ہوئے، اور حضرت امیر شریعت کی قیادت میں ملک بھر کے طوفانی دورے کر کے خوابیدہ مسلمانوں کو بیدار کیا، اور اپنی آتش بیانی سے مسلمانوں کو گرمایا، اور انہیں مرزائیوں کی خطرناک سازشوں سے روشناس کروایا۔

1953ء کی تحریک ختم نبوت شروع ہوتے ہی حضرت شیخ القرآن رحمہ اللہ کو پس

Maktaba Tul Ishaat.com

دیوار زنداں بھیج دیا گیا جسکی وجہ سے تاجدار ختم نبوت کے ساتھ عشق ومحبت کے جوہر دکھانے کا موقعہ میسر نہ آسکا۔

لیکن 1974ء میں چلنے والی تحریک ختم نبوت میں جانی، مالی، علمی، عملی تمام تر توانائیاں ناموس رسالت کے تحفظ پر نچھاور کردیں۔

اور

یہ بات بھی تاریخ کا ایک سنہرا باب بن کر رہ گئی۔ جیسا کہ آغا عبدالکریم شورش کاشمیری رحمہ اللہ نے تحریک ختم نبوت میں تحریر کیا ہے کہ (ربوہ) چناب نگر مرزائیوں نے اپنا ہیڈ کوارٹر بنالیا تو مرزا بشیر الدین محمود نے بلوچستان کو قادیانی صوبہ بنانے کا اعلان کیا جس سے خدشہ پیدا ہو کہ کہیں پورا ملک قادیانی سٹیٹ نہ بن جائے۔ ان حالات کے پیش نظر "تحریک ختم نبوت" کے سربراہان نے تین نکاتی ایجنڈے پر اتفاق کیا اور اس تین نکاتی ایجنڈے میں سب سے پہلے (کمپنی باغ) لیاقت باغ راولپنڈی میں حضرت شیخ القرآن مولانا غلام اللہ خان رحمہ اللہ کی صدارت میں "دارالعلوم تعلیم القرآن" کے سالانہ جلسہ سے خطاب کرتے ہوئے امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاری رحمہ اللہ نے تین نکاتی ایجنڈا پیش کیا۔ حضرت شیخ القرآن رحمہ اللہ نے تحریک ختم نبوت 1974 میں

"دارالعلوم تعلیم القرآن"

کو ہیڈ کوارٹر بنایا ہوا تھا۔

پھر جب "تحریک ختم نبوت" عروج وثریا پر پہنچی تو اس وقت کے وزیر مسٹر ذوالفقار علی بھٹو نے حضرت شیخ القرآن رحمہ اللہ کو بڑے سخت لہجے میں کہا کہ!

"مولانا آپ کا مدرسہ ہے کہ تحریکوں کا ہیڈ کوارٹر"

تو حضرت شیخ رحمہ اللہ نے برجستہ جواب دیا کہ وزیراعظم صاحب میرے مدرسہ کا نام

Maktaba Tul Ishaat.com

"تعلیم القرآن" ہے،

اور قرآن کی تعلیم ہے۔

فرمایا:

"مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ"

(سورۃ الاحزاب آیت نمبر:40)

پیش نظر کتاب حضرت شیخ القرآن رحمہ اللہ نے 1949-12-9 میں "ردمرزائیت" پر مرتب کی تھی، جس میں مرزا قادیانی کی کتب سے مرزا قادیانی کی شخصیت وکردار کے حوالے سے مختلف پہلوؤں کو اجاگر کیا گیا ہے۔ کتاب کے مطالعہ سے معلوم ہو جائے گا کہ مرزا قادیانی نبی ورسول تو کجا روحانیت کے کسی معمولی درجے پر فائز بھی نہیں ہوسکا۔

یہ کتاب قلمی نسخہ کی شکل میں حضرت شیخ القرآن رحمہ اللہ کے ذاتی کتب خانے میں موجود تھی، جواب تک شائع نہیں ہوسکی۔ اس کتاب کو جس انداز میں والد گرامی نے مرتب کیا ویسے ہی من وعن جدید تزئین وترتیب کے ساتھ شائع کیا جارہا ہے۔ اور اس کتاب کے شائع کرنے کا مقصد یہ ہے کہ مرزا غلام احمد قادیانی کی علمی خیانت کو واضح کر کے مسلمانوں کے ایمان کا تحفظ کیا جائے اور عوام الناس کو قادیانی دجل وفریب سے بچایا جاسکے۔

یہ پہلی کاوش ہے۔ اس کے بعد والد گرامی کی مزید مختلف موضوعات پر لکھی گئی کتب اور افادات اور خطبات شیخ القرآن، دروس شیخ القرآن بھی قارئین کی خدمت میں پیش کرنے کی ان شاء اللہ سعادت حاصل کروں گا۔

اور اس کے ساتھ ساتھ والد گرامی کے ذاتی کتب خانے میں موجود اپنے اساتذہ بالخصوص "حضرت جی رحمہ اللہ" کا علمی مواد بھی قارئین کی خدمت میں شائع کر کے پیش کروں گا۔ ان شاء اللہ۔

Maktaba Tul Ishaat.com

اللہ تعالیٰ سے دست بدعا ہوں کہ وہ میری اس محنت کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے اور ہدایت کے جو طالب ہیں ان کے لیے ذریعہ ہدایت بنائے۔ آمین

والسلام

(جانشین شیخ القرآن)

(مولانا) اشرف علی

مہتمم دارالعلوم تعلیم القرآن راجہ بازار، راولپنڈی

تاریخ:.......5 ستمبر 2019

Maktaba Tul Ishaat.com

پیش لفظ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم.

الحمدللہ وسلام علی عبادہ الذین اصطفیٰ. امابعد!

احقر ہیچمدان کو مراحل کتابت سے گزرنے کے بعد تصحیح اغلاط کے لیے اس کتابچہ کی نظر ثانی کا موقعہ میسر آیا، اپنی بساط کے مطابق بنظر غائر دیکھنے کی کوشش کی گئی، سامنے آنے والی اغلاط کی درستی پر نشان دہی کر دی گئی۔ پھر بھی جہاں فروگذاشت ہو گئی ہو، تو ناظرین وقارئین حضرات کے توجہ دلانے پر آئندہ ایڈیشن میں اُن کو بھی شکریہ کے ساتھ شامل تصحیح کر لیا جائیگا۔ ان شاء اللہ تعالیٰ.

"حضرت شیخ القرآن مولانا غلام اللہ خان رحمہ اللہ تعالیٰ نور مرقدہٗ" نے کسی وقت میں انتہائی محنت شاقہ سے لٹریچر مرزائیت سے ٹھوس اور مضبوط دلائل کا ذخیرہ فراہم کر کے مسیلمہ قادیان کی جھوٹی اور جعلی نبوت کا چہرہ اس کی اپنی تحریروں کے آئینہ میں ایسا واضح دکھایا ہے کہ اس کا نبی ہونا تو بہت دور کی بات ہے۔

؎ چہ نسبت خاک را بہ عالم پاک

اس کے اپنے ترشحاتِ قلم سے دن چڑھے سورج کی طرح ظاہر ہوتا ہے کہ ایسا شخص تو انسانیت کی 'خوبو' رکھنے والا ادنیٰ انسان بھی کہلانے کا مستحق نہیں، چہ جائیکہ نبی کہلائے۔ یہ مجموعہ صداقت نشان اس حقیقت کی ترجمانی کرتا ہے جو کلام ربانی کے ارشاد میں یوں وارد ہے۔

فرمایا: "وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰی عَلَی اللّٰهِ كَذِبًا اَوْقَالَ اُوْحِیَ اِلَیَّ وَلَمْ یُوْحَ اِلَیْهِ شَیْءٌ" (سورۃ الانعام آیت نمبر:93)

Maktaba Tul Ishaat.com

ترجمہ: "اور اس شخص سے بڑھ کر کون ظالم (ناانصاف) ہو سکتا ہے، جو اللہ پر جھوٹا بہتان باندھے (جھوٹی باتیں) اس کی طرف منسوب کرے، یا یوں کہے کہ میری جانب وحی کی گئی ہے، حالانکہ اس کی جانب کچھ بھی وحی نہیں کی گئی" یعنی خدا کی طرف سے اس پر کوئی وحی نہیں آئی اور وہ وحی کا مدعی ہے۔

حضرت شیخ رحمہ اللہ کی محنت کا یہ ثمرہ

~ داد ایم ترا ز گنج مقصود نشان

کا مصداق ہے۔ واللہ الھادی. یھدی لنورہ من یشاء.

تصحیح اغلاط کے لیے نظر ثانی کے بعد یہ چند سطور بطور پیش لفظ قلمبند کی گئیں۔ دعا ہے اللہ رب العزت اس مجموعہ صداقت نشان کو اپنے دربار اقدس میں قبول فرما کر

"عقیدہ ختم نبوت"

سے بھٹکے ہوؤں کی ہدایت کا ذریعہ بنائیں، اور عامۃ المسلمین کو اس سے استفادہ کی سعادت نصیب فرمائیں۔ امین ثم امین

"سمجھنے کے لیے تو بات سیدھی سی ہے۔ نبی خود کتابیں نہیں لکھتے اور جو خود کتابیں لکھے وہ نبی نہیں ہو سکتا"۔

حررہ الاحقر عبدالرشید لادی

خادم تدریس دارالعلوم تعلیم القرآن، راولپنڈی

غفر اللہ لہ ولوالدیہ ولجمیع المسلمین

بتاریخ:...... 30 اگست 2019ء بروز جمعۃ المبارک

Maktaba Tul Ishaat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مرزا کی علمی قابلیت

امر اول:

مرزا کا علمیت اور عصمت کا دعویٰ:

1......"ضرورت امام صفحہ نمبر:10": امام الزمان کو مخالفوں اور سائلوں کے ساتھ مقابلہ کرنے میں اس قدر الہام کی ضرورت نہیں، جس قدر علمی قوت کی ضرورت ہے کیونکہ شریعت پر ہر ایک قسم کے اعتراض کرنے والے ہوتے ہیں۔ طبابت کی رو سے بھی۔ ہیئت کے رو سے بھی، طبعی رو سے بھی، اور جغرافیہ کی رو سے بھی۔

2......"ملفوظات احمدیہ صفحہ نمبر:165 حصہ اول": بڑا معجزہ علمی معجزہ ہوتا ہے۔

3......"نور الحق صفحہ نمبر:72 حصہ دوم": ان اللّٰہ لا یترکنی علی خطاءٍ طرفۃ عین ویعصمنی عن کل بین".

4......"مواہب الرحمٰن صفحہ نمبر:3": کلما قلت قلت عن امرہٖ وما فعلت شیئًا عن امری۔

علم حساب

امر دوم:

مرزا کے اغلاط:

1......آئینہ کمالات اسلام، مطبوعہ ریاض ہند پریس 1893ء: والد اس عورت کا (یعنی محترمہ محمدی

Maktaba Tul Ishaat.com

بیگم (قاتل) نکاح سے چوتھے مہینے مطابق پیشگوئی فوت ہوگیا۔یعنی نکاح 7اپریل 1892ء کو ہوا۔اور وہ 31ستمبر 1892ء کو بمقام ہوشیار پور فوت ہوگیا۔

2......آئینہ کمالات اسلام، ریاض ہند پریس 1893ء:صفحہ 312 حاشیہ ،نکاح کے چوتھے مہینے پیشگوئی کی میعاد میں مرگیا۔

3......آئینہ کمالات اسلام،ریاض ہند پریس،صفحہ 7:280اپریل 1892ء کواس لڑکی کا دوسری جگہ نکاح ہوگیا۔اور 31 ستمبر 1892ء کو یہ پیشگوئی پوری ہوگئی۔

4......اور 31 ستمبر 1892ء کو یہ پیشگوئی ،صفحہ 325:پیشگوئی جولڑکی کے باپ کے متعلق ہے جو 31 ستمبر 1892ء کو پوری ہوگئی۔

منظور الٰہی مرزائی نے یہی غلطی کی ۔دیکھو!(البشری صفحہ نمبر:11 جلد نمبر:2)

''7اپریل 1892ء کو اس لڑکی کا دوسری جگہ نکاح ہوگیا۔اور 31 ستمبر 1892ء کو احمد بیگ ہوشیار پور میں فوت ہوگیا''۔

حکیم فضل دین مرزائی نے یہی ٹھوکر کھائی ۔دیکھو!(الحکم صفحہ 18 جلد 10 ،صفحہ 10 کالم ع4بابت 24 مئی 1904ء)''مرزا احمد بیگ 31 ستمبر 1892ء کو ٹھیک چوتھے مہینے بعد نکاح کے جو 7اپریل 1892ء کو ہوا تھا مرگیا''۔

5......(تریاق القلوب صفحہ نمبر:41 طبع اول وصفحہ 376 طبع ثانی)مگر اس لڑکی نے پیٹ میں ہی دو مرتبہ باتیں کیں۔اور پھر اس کے بعد 14 جون 1899ء کو وہ پیدا ہوا اور جب کہ وہ چوتھا لڑکا تھا اس مناسبت کے لحاظ سے اس نے اسلامی مہینوں میں سے چوتھا مہینہ یعنی ماہ صفر اور ہفتے کے دنوں میں سے چوتھا دن یعنی چہار شنبہ (بدھ) پایا۔

6......دیباچہ صفحہ 7 براہین احمدیہ حصہ پنجم پہلے پچاس حصے لکھنے کا ارادہ تھا مگر پچاس سے پانچ پر اکتفاء کیا گیا چونکہ پچاس اور پانچ کے عدد میں صرف ایک نقطہ کا فرق ہے۔اس لئے پانچ حصوں سے وہ وعدہ پورا ہوگیا۔

Maktaba Tul Ishaat.com

علم جغرافیہ

1......اشتہار چندہ منارۃ مسیح صفحہ 7 ملحقہ خطبہ الہامیہ قادیان جو ضلع گورداسپور پنجاب میں ہے جو لاہور سے گوشہ مغرب اور جنوب میں واقع ہے۔

2......اخبار الحکم صفحہ 29، جلد 11، صفحہ 10 کالم 2، 17 اگست 1907 زیر عنوان: ''حج کرنے کیوں نہیں جاتے'' ایک شخص نے عرض کی کہ مخالف مولوی اعتراض کرتے ہیں کہ مرزا صاحب حج کو کیوں نہیں جاتے۔ فرمایا: کہ یہ لوگ شرارت کے ساتھ ایسا اعتراض کرتے ہیں۔ آنحضرت ﷺ دس سال مدینہ میں رہے دو دن کا راستہ مدینہ اور مکہ میں تھا مگر آپ نے دس سال کوئی حج نہ کیا۔

ست بچن صفحہ 67: ''مکہ سے گیارہ دن میں مدینہ پہنچے''۔

علم تاریخ

1......چشمہ معرفت صفحہ 286 تاریخ دان لوگ جانتے ہیں، کہ آپ کے (یعنی آنحضرت ﷺ ناقل) گھر میں گیارہ لڑکے پیدا ہوئے تھے، اور سب کے سب فوت ہو گئے تھے۔

2......ملفوظات احمدیہ صفحہ 346،347 جلد اول: کہتے ہیں کہ امام حسین رضی اللہ عنہ کے پاس ایک نوکر چائے کی پیالی لایا، جب قریب آیا، تو غفلت سے وہ پیالی آپ (رضی اللہ عنہ) کے سر پر گر پڑی۔

3......ایام الصلح صفحہ 48: یہ کس قدر عظیم الشان پیشگوئی ہے۔ کہ دار قطنی میں آج سے گیارہ سو برس پہلے مندرج ہو کر تمام دنیا میں شائع ہو گئی۔ (ولادت دار قطنی 306 ہجری، وفات 385 ہجری ہیں۔ ایام الصلح 1317 یا 1318ء) تصنیف 1899ء۔

4......چشمہ معرفت صفحہ 320 نور القرآن، صفحہ 10، حصہ اول، صفحہ 28، حصہ اول، اربعین صفحہ 5/3، ضمیمہ صفحہ 4، تحفہ گولڑوی میں پادری فنڈ کو فنڈل کر کے لکھا ہے۔

5......ازالہ اوہام 96/114 طبع اول ہمارے امام المحدثین حضرت اسماعیل صاحب اپنی صحیح بخاری میں۔

Maktaba Tul Ishaat.com

6......ایام الصلح صفحہ 81 فتاویٰ ابن حجر جو حنفیوں کی ایک نہایت معتبر کتاب ہیں، حالانکہ ابن حجر شافعی المذہب ہیں۔

7......توضیح مرام صفحہ 2 یوحنا جس کا نام ایلیا اور ادریس بھی ہے۔ ۱۲

علم الصرف

1......انجام آتھم، صفحہ 262: ان لفظہ التحت کان فی الاصل طبۃ ومعناہ ماکان تحت القدم وحاذی الفوق جھتہ ثم بدل الطاء بالتاء والیاء بالحاء لکثرۃ الاستعمال ولنظائرۃ کثیرۃ"۔

2......ملفوظات احمدیہ، صفحہ 33 حصہ دوم طبع لاہوری: ھدی للمتقین تو القاء جو "افتعال" کے باب پر ہے، اور یہ باب تکلف کے لیے آتا ہے۔ مثلاً ملفوظات احمدیہ صفحہ 351، حصہ اول۔

علم النحو

1......تحفہ گولڑویہ صفحہ 45/72 طبع اول: علم نحو میں صریح یہ قاعدہ مانا گیا ہے کہ "توفی" کے لفظ میں یہاں خدا فاعل اور انسان مفعول بہ ہو، تو ہمیشہ اس جگہ "توفی" کے معنی مارنے اور روح قبض کے آتے ہیں۔

علم المعانی

1......تریاق القلوب، حاشیہ صفحہ 251 طبع ثانی وصفحہ 143 طبع اول: کیونکہ اس آیت میں لف نشر مرتب ہے پہلے وفات کا وعدہ ہے، پھر رفع کا، پھر تطہیر کا، پھر یہ کہ خداوند تعالیٰ ان کے متبعین کو ہر ایک پہلو سے غلبہ بخش کر مخالفوں کو قیامت تک ذلیل کرتا رہیگا۔

علم الطب

1......حمامۃ البشریٰ صفحہ 73 "وقد اتفق الحکماء علی ان اعدل اصناف الناس لکان

Maktaba Tul Ishaat.com

خط استواء''۔

علم الفقہ

1......چشمہ معرفت صفحہ 275: جب عورت بذریعہ حاکم کے طلاق لیتی ہے، تو اسلامی اصطلاح میں اس کا نام ''خلع'' ہے۔

2......اربعین صفحہ 7/4: میری وحی میں امر بھی ہے اور نہی بھی۔ مثلاً یہ الہام ''قُلْ لِلْمُؤْمِنِيْنَ يَغُضُّوْا مِنْ اَبْصَارِهِمْ وَيَحْفَظُوْا فُرُوْجَهُمْ. ذٰلِكَ اَزْكٰى لَهُمْ'' (سورۃ النور آیت نمبر: 31) یہ براہین احمدیہ میں درج ہے۔ اور اس میں امر بھی ہے اور نہی بھی۔

علم اصول حدیث

1......ایام الصلح صفحہ 172 محدثین کا یہ اصول مانا ہوا ہے کہ کسی حدیث کی پیشگوئی پوری ہو جائے، تو گو وہ حدیث مرفوع ہے، پوری ہونے کے بعد وہ صحیح تسلیم ہو گی۔

علم الحدیث

1......انجام آتھم صفحہ 129: ''وماجاء فی الحدیث لفظ النزول من السماء''۔

کنز العمال میں ابن عباسؓ کی مرفوع روایت میں ہے: ''ینزل فی عیسیٰ ابن مریم من السماء حکماً عدلاً''...... الخ اس حدیث کو مرزا نے حمامۃ البشریٰ 89،88 میں دو دفعہ نقل کیا مگر ''من السماء'' کا لفظ کاٹ گیا۔

چہ دلاور است دزدے کہ بکف چراغ دارد

اور خود مرزا نے ازالہ اوہام صفحہ 81 طبع اول میں لکھا: صحیح مسلم کی حدیث میں یہ لفظ موجود ہے کہ حضرت مسیح (علیہ السلام) جب آسمان سے اتریں گے، تو ان کا لباس زرد رنگ کا ہو گا۔

اور تحفہ گولڑویہ صفحہ 184 طبع جدید نج میں ابن داطیل وغیرہ سے روایت لکھی ہے کہ مسیح

Maktaba Tul Ishaat.com

عصر کے وقت آسمان پر سے نازل ہوگا۔ ابن وا طبل وغیرہ کا قول جو سر چشمہ نبوت سے لیا گیا ہے۔

2......ملفوظات احمدیہ صفحہ 128 حصہ اول: "سلمان منا اهل بیت "سلیمان یعنی دو صالحین اور پھر فرمایا: علی شرب الحسن۔

3......ایام الصلح صفحہ 143 عیسیٰ (علیہ السلام) کی عمر ایک سو بیس (120) برس ہوئی تھی، محدثین نے اس حدیث کو اول درجہ کی صحیح مانا ہے اور کوئی جرح نہیں کیا گیا۔

4......انجام آتھم صفحہ 111، 101، ضمیمہ حصہ پنجم، براہین احمدیہ صفحہ 125: پھر مرزا نے لکھا ہے کہ حضرت عیسیٰ (علیہ السلام) کے لیے رجوع کا لفظ حدیث نبویہ میں نہیں آیا، جس کا معنی دوبارہ آنے کے ہیں حالانکہ رجوع عیسیٰ (علیہ السلام) کی احادیث ہیں۔ مثلاً حضرت شیخ الحدیث علامہ انور شاہ صاحب مرحوم نے "عقیدۃ الاسلام" میں مروی ہیں۔

اور اس کے علاوہ مرزا کا بھی قول ہے۔ الحکم صفحہ 2،9 فروری 1908ء صفحہ 3 کالم نمبر 2 جلد 12 جیسا کہ حدیثوں میں صریح طور پر وارد ہو چکا ہے کہ جب مسیح دوبارہ دنیا میں آئے گا تو تمام دینی جنگوں کا خاتمہ کر دے گا۔

اور براہین احمدیہ صفحہ 458 و 465 طبع لاہوری میں بھی مرزا آیات قرآنیہ سے حضرت مسیح (علیہ السلام) کا دوبارہ دنیا میں آنا ثابت کرتا ہے۔

علم التفسیر

1......تحفہ گولڑویہ صفحہ 33، ایام الصلح صفحہ 63: "الناس" کا لفظ بمعنی دجال معبود بھی آتا ہے، پھر اور معنی کرنا معصیت ہے۔ چونکہ قرآن شریف کے ایک اور مقام میں "الناس" کے معنی دجال ہی لکھا ہے اور وہ یہ ہے "لَخَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَكْبَرُ مِنْ خَلْقِ النَّاسِ"

(سورۃ حم مومن آیت نمبر: 57)

2......ست بچن صفحہ 140 "لم یلد" کا لفظ جس کے یہ معنی ہیں کہ خدا کسی کا بیٹا نہیں کسی کا جنایا ہوا

Maktaba Tul Ishaat.com

نہیں۔

علم القرآن

1.....حقیقۃ الوحی صفحہ 189 مع حاشیہ: وعید کی پیشگوئیوں میں منسوخی کا سلسلہ اس کی طرف سے جاری ہے، یہاں تک جو جہنم میں ہمیشہ رہنے کی وعید قرآن شریف میں کافروں کے لئے ہے اور وہاں بھی یہ آیت موجود ہے، "اِلَّا مَا شَآءَ رَبُّکَ. اِنَّ رَبَّکَ فَعَّالٌ لِّمَا یُرِیْدُ"

(سورۃ ہود آیت نمبر:107)

یعنی کافر ہمیشہ دوزخ میں رہیں گے۔ لیکن اگر تیرا رب چاہے، کیونکہ جو کچھ وہ چاہتا ہے اس کے کرنے پر وہ قادر ہے لیکن بہشتیوں کے لئے ایسا نہیں فرمایا کیونکہ وہ وعدہ ہے وعید نہیں۔

اور حاشیہ صفحہ 189 میں ہے اور قرآن شریف میں کفار اور مشرکین کی سزا کے لئے ابدی جہنم کا ذکر ہے اور بار بار فرمایا: "خٰلِدِیْنَ فِیْھَآ اَبَدًا" (سورۃ النساء آیت نمبر:57) اور پھر باوجود اس کے قرآن شریف میں دوزخیوں کے حق میں "اِلَّا مَا شَآءَ رَبُّکَ" (سورۃ ہود آیت نمبر:107) موجود ہے۔

2.....تریاق القلوب صفحہ 66 طبع اول: ان قوموں میں سے ہیں جو اسلام میں دوسری قوموں سے خادم اور نیچی قومیں بھی جاتی ہیں، جیسے حجام، موچی، تیلی، ڈوم...... الخ یہ خلاف قرآن مجید "وَجَعَلْنٰکُمْ شُعُوْبًا وَّ قَبَآئِلَ لِتَعَارَفُوْا. اِنَّ اَکْرَمَکُمْ عِنْدَ اللّٰہِ اَتْقٰکُمْ"

(سورۃ الحجرات آیت نمبر:13)

علم اللغت

1.....نسیم دعوت صفحہ 23: "عربی میں آدمی کو انسان کہتے ہیں، یعنی جس میں دو انس ہیں۔

ایک انس خدا کی،

اور ایک انس بنی نوع کی"۔

Maktaba Tul Ishaat.com

2......تعلیم اسلامی یعنی اسلامی اصول کی فلاسفی صفحہ 38: ''اور خنزیر کا لفظ خنز اور اژ سے مرکب ہے جس کے یہ معنی ہیں کہ میں اس کو فاسد اور خراب دیکھتا ہوں''۔

3......اسلامی اصول کی فلاسفی صفحہ 138: ''برزخ عربی لفظ ہے، جو مرکب ہے زخ اور بر سے، جسکے یہ معنی ہیں کہ طریق کسب اعمال ختم ہوگیا''۔

4......اسلامی اصول کی فلاسفی صفحہ 73: ''زنجبیل دو لفظوں سے مرکب ہے۔ یعنی زنا اور جبل سے۔

''زنا'' لغت عرب میں اوپر چڑھنے کو کہتے ہیں۔

اور جبل پہاڑ کو۔ اس کے ترکیبی معنی یہ ہیں کہ پہاڑ پر چڑھ گیا''۔

5......ملفوظات احمدیہ صفحہ 217 حصہ اول: (لفظ شہید کی بحث) ''شہید یہ لفظ شہد سے بھی نکلا ہے وہ شہد کی طرح ایک شیرینی اور حلاوت پاتے ہیں''۔

6......ملفوظات احمدیہ صفحہ 7 حصہ اول: ''محبت ایک عربی ہے اور معنی اس کے پر ہو جاتا ہے۔

7......حاشیہ متعلقہ صفحہ 164، ست بچن د۔ز: ''يَا أَسَفَى عَلَى يُوسُفَ''

(سورۃ یوسف آیت نمبر: 84)

''پس اس سے صاف نکلتا ہے کہ یوسف پر اسف یعنی اندوہ کیا گیا۔ اس لیے اس کا نام یوسف ہوا''۔

8......حاشیہ متعلقہ صفحہ 164، ست بچن د۔ز: ''ایسا ہی مریم کا نام بھی ایک موقعہ پر دلالت کرتا ہے اور وہ یہ کہ جب مریم کا لڑکا عیسیٰ (علیہ السلام) پیدا ہوا، تو وہ اپنے اہل وعیال سے دور تھی۔ اور مریم وطن سے دور ہونے کو کہتے ہیں۔

علم العقائد

1......تریاق القلوب صفحہ 152 طبع ثانی صفحہ 65،66 طبع اول: ''اولیاء اللہ اور رسول اور نبی جن پر

Maktaba Tul Ishaat.com

خدا کا رحم اور فضل ہوتا ہے اور خدا ان کو اپنی طرف کھینچتا ہے۔

دو دو قسم کے ہوتے ہیں۔

ایک وہ جو دوسروں کی اصلاح کے لیے مامور نہیں ہوتے۔"وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا لِيُطَاعَ "(سورۃ النساء آیت نمبر:64)(ازالہ اوہام صفحہ 1133)

2......سرمہ چشم آریہ، صفحہ 145،146 حاشیہ، مطبوعہ انجمن احمدیہ اشاعت اسلام لاہور: "دوسرا ٹکڑا اعتراض کا کہ تقریر مذکورہ بالا سے خدا تعالیٰ کا اپنی مثل بنانے پر قادر ہونا لازم آتا ہے۔ اس کا جواب یہ ہے کہ قدرت الٰہی صرف ان چیزوں کی طرف رجوع کرتی ہیں، جو اس کی صفات ازلیہ ابدیہ کے مخالف نہ ہوں، بیشک یہ بات تو صحیح اور ہر طرح سے مدلل اور منقول ہے کہ جس چیز کا علم خدا تعالیٰ کو کامل ہو، اس چیز کو اگر چاہے، تو پیدا بھی کر سکتا ہے، لیکن یہ بات ہرگز صحیح اور ضروری نہیں، کہ جن باتوں کے کرنے پر وہ قادر ہو، ان سب باتوں کو بلا لحاظ اپنی صفات کمالیہ کے کر کے بھی دکھاوے۔ ایسا ہی اس کی قدرت اس طرف رجوع نہیں کرتی، کہ وہ اپنے تئیں ہلاک کرے، کیونکہ یہ فعل اس کی صفت حیات ازلی وابدی کے منافی ہے۔ پس اس طرح سے سمجھ لینا چاہیے، کہ وہ اپنے جیسا خدا بھی نہیں بناتا، کیونکہ اس کی صفت احدیت اور بیمثل و مانند ہونے کی جو ازلی ابدی طور پر اس میں پائی جاتی ہے، اس طرف توجہ کرنے سے اس کو روکتی ہے۔ پس ذرا آنکھ کھول کر سمجھ لینا چاہیے کہ ایک کام کرنے سے عاجز ہونا اور بات ہے، لیکن باوجود قدرت کے بلحاظ صفات کمالیہ امر منافی صفات کی طرف توجہ نہ کرنا یہ اور بات ہے۔

3......چشمہ معرفت صفحہ 160: پس خدا تعالیٰ کی صفات قدیمہ کے لحاظ سے مخلوق کا وجود نوعی طور پر قدیم ماننا پڑتا ہے، نہ شخصی طور پر۔ یعنی مخلوق کی نوع قدیم سے چلی آتی ہے، ایک نوع کے بعد دوسری نوع خدا پیدا کرتا چلا آیا ہے۔ سو اسی طرح ہم ایمان رکھتے ہیں، اور یہی قرآن شریف نے ہمیں سکھایا ہے، اور خدا تعالیٰ کے قدیم صفات پر نظر کر کے مخلوق کے لئے قدامت نوعی ضروری ہے، مگر قدامت شخصی ضروری نہیں۔ (خلاف اس کے ملفوظات احمدیہ، حصہ اول، صفحہ 134 نوعی قدم کا میں

Maktaba Tul Ishaat.com

ہرگز ہرگز قائل نہیں ہوں۔

4.....تریاق القلوب صفحہ 131 حاشیہ: یہ نکتہ یاد رکھنے کے لائق ہے کہ اپنے دعویٰ کا انکار کرنے والے کو کافر کہنا یہ صرف ان نبیوں کی شان ہے، جو خدا تعالیٰ کی طرف سے شریعت اور احکام جدیدہ لاتے ہیں، لیکن صاحب شریعت کے ماسواء جس قدر ملہم ومحدث ہیں، گووہ کیسے ہی جناب الٰہی میں اعلیٰ شان رکھتے ہوں۔ اور خلعت مکالمہ الٰہیہ سے سرفراز ہوں، ان کے انکار سے کوئی کافر نہیں بن جاتا۔

5.....حمامۃ البشریٰ صفحہ 44/35 لاہوری: بلکہ" حیات کلیم اللّٰہ ثابت بنص القرآن الکریم تفرافی القرآن ما قال اللّٰہ تعالیٰ " فَلَا تَكُنْ فِيْ مِرْيَةٍ مِّنْ لِّقَآئِهٖ" (سورۃ الم سجدہ آیت نمبر: 23) وانت تعلم ان ھذہ الایۃ نزلت فی موسیٰ فھی دلیل صریح علی حیات موسیٰ لانہ لقی رسول اللّٰہ ﷺ والاموات لا یلاقون الاحیاء ولا تجد مثل ھذہ الایات فی شان عیسیٰ (علیہ السلام) نعم جاء ذکر وفاتہ فی مقامات شتی فتدبر.

6.....نورالحق صفحہ 51 حصہ اول: ھذا ھو موسیٰ فتی اللّٰہ الذی اشار اللّٰہ فی کتابہ الی حیاتہ وفرض علینا ان نومن بانہ حی فی السماء ولم یمت ولیس من المیّتین واما نزول عیسیٰ من السماء فقد البتنا بطلانہ فی کتابنا الحامۃ وخلاصتہ انا لانجد فی القرآن شیئا فی ھذا الباب من غیر خبر وفاتہ الذی نجدھا فی مقامات کثیرۃ من القرآن المجید.

علم اصول اسلام در مساوات

1.....تریاق القلوب طبع اول صفحہ 66: "ان قوموں میں سے ہو، جو اسلام میں دوسری قوموں کی خادم اور نیچ قومیں سمجھی جاتی ہیں، جیسے حجام، موچی، تیلی، ڈوم، میراثی، سقہ، قصائی، جولاہے"۔

Maktaba Tul Ishaat.com

علم المنطق

1......سرمہ چشم آریہ، صفحہ 179 (لاہوری): "مطبع ہی واسطے صناعت منطق ہیں، قضیہ ضروریہ مطلقہ سے قضیہ دائمہ مطلقہ کو اخص مطلق قرار دیا گیا ہے، پس یہ دائمہ مطلقہ ہے، قضیہ ضروریہ مطلقہ سے اسی واسطے اخص سمجھا جاتا ہے"۔

2......جنگ مقدس صفحہ 7: "قیاسات سے جمیع اقسام میں سے استقراء کا مرتبہ وہ اعلیٰ شان کا مرتبہ ہے کہ اگر یقینی اور قطعی مرتبہ سے اس کو انداز کر دیا جائے، تو دین و دنیا کا تمام سلسلہ بگڑ جاتا ہے۔

ازالہ اوہام طبع اول 888 صفحہ: "اور کچھ شک نہیں، استقراء یہی ادلہ یقینیہ میں سے ہے، بلکہ جس قدر حقائق کے ثابت کرنے کے لیے استقراء سے مدد ملی ہے، اور کسی طریق سے مدد نہیں ملی"۔

3......چشمہ معرفت صفحہ 56: "لمی دلیل اس کو کہتے ہیں کہ دلیل سے مدلول کا پتہ لگالیں جیسا کہ ہم نے ایک جگہ دھواں دیکھا تو ہم نے اس سے آگ کا پتہ لگالیا۔

علم فلسفہ

1......سرمہ چشم آریہ، صفحہ 171 حاشیہ: "یہی نقطہ درمیانی ہے، جس کو اصطلاحات اہل اللہ میں نفسی نقطہ احمد مجتبیٰ و محمد مصطفیٰ نام رکھتے ہیں اور فلاسفہ کی اصطلاحات میں عقل اول کے نام سے یہی موسوم کیا گیا ہے"۔

2......تحفہ گولڑویہ صفحہ 16: "علاوہ اس کے صاف ظاہر ہے کہ علم طبعی کے رو سے جس کے مسائل مشہودہ محسوسہ ہیں، ہمیشہ جسم معرض تحلیل و تبدیل میں ہے۔ ہر آں اور سیکنڈ ذرات جسم بدلتے رہتے ہیں جو اس وقت ہیں وہ ایک منٹ کے بعد نہیں"۔

Maktaba Tul Ishaat.com

علم مناظرہ

1 ......مکتوبات احمدیہ، صفحہ 22، حصہ دوم: "مناسب ہے کہ یہ سارا مضمون ایک ہی دفعہ براد ہند میں درج ہو، یعنی تین تحریریں ہماری طرف سے اور تین ہی آپ کی طرف سے ہوں۔ اور ان پر دونوں منصفوں کی منفصل رائے درج ہو"۔

2 ......مکتوبات احمدیہ، صفحہ 70 حصہ دوم: "اول تقریر کرنے کا ہمارا حق ہوگا، کیونکہ ہم معترض ہیں۔ پھر پنڈت صاحب برعایت شرائط جو چاہیں گے۔ جواب دینگے۔ پھر ان کا جواب الجواب ہماری طرف سے گذارش ہوگا۔ اور بحث ختم ہو جاوے گی۔

مسلمانوں کی مردم شماری 1892ء

☆......آئینہ کی مدت اسلام، صفحہ 183 مطبع لاہوری "بیس کروڑ مسلمان مان رہے ہیں"۔

☆......ضمیمہ چشمہ معرفت، 1908، صفحہ 9 "آج کم سے کم بیس کروڑ ہر طبقہ کے مسلمان آپ کی غلامی میں کمر بستہ کھڑے ہیں"۔

☆......پیغام صلح، 1908، صفحہ 33 "بیس کروڑ انسانوں کا محمد درگاہ پر سر جھکا رکھا ہے"۔

☆......نور القرآن، 1894، صفحہ 7 حاشیہ حصہ اول "اس زمانہ میں چالیس کروڑ "لا الٰہ اللہ" کہنے والے موجود ہیں"۔

☆......تحفہ گولڑویہ، 1902، صفحہ 108 "نوے کروڑ مسلمان مختلف دیار و بلاد ہیں"۔

☆......ست بچن 1896، صفحہ 67 حاشیہ "انگریزوں نے سرسری مردم شماری میں بیس کروڑ لکھی تھی مگر جدید تحقیقات کی رو سے معلوم ہوا ہے کہ دراصل مسلمان روئے زمین پر چورانوے کروڑ ہیں"۔

☆......ملفوظات احمدیہ حصہ اول صفحہ 159 "99 کروڑ مسلمان اس کے خادم موجود ہیں"۔

Maktaba Tul Ishaat.com

جھوٹے آدمی کے متعلق مرزا کا فتویٰ

1..... جھوٹ بولنا مرتد ہونے سے کم نہیں۔ (حاشیہ ضمیمہ گولڑویہ، صفحہ 19)

2..... تکلف سے جھوٹ بولنا گوہ (یعنی پشتو میں) غل کہتے ہیں کھانا ہے۔ (ضمیمہ انجام آتھم، صفحہ 59)

3..... میرے نزدیک جھوٹا ثابت ہونے کی ذلت کئی سو ہزاروں موتوں سے بدتر ہے۔ (آریہ دھرم، صفحہ 43)

4..... جھوٹ جو اس پاخانہ سے بھی بڑھ کر بدبو رکھتا ہے۔ (ملفوظات احمدیہ، حصہ اول، صفحہ 181)

5..... غلط بیانی اور بہتان طرازی راستبازوں کا کام نہیں، بلکہ نہایت شریر اور بدذات آدمیوں کا کام ہے۔ (آریہ دھرم، ص 11)۔

6..... اگر کوئی شخص ایک بات میں جھوٹا ثابت ہو جائے تو پھر اس کی بات کا اعتبار نہیں رہتا۔ (چشمہ معرفت، ص 222)

عدالت میں مرزا کا جھوٹ

1..... انوار الاسلام، 1894، صفحہ 2 ''پیشگوئی میں فریق مخالف کے لفظ سے جس کے لئے ہاویہ یا ذلت کا وعدہ تھا۔ ایک گروہ مراد ہے جو اس بحث سے تعلق رکھتا تھا۔ خواہ خود بحث کرنے والا تھا یا معاون، یا خاص سرگروہ تھا۔

انوار الاسلام، ص 7،8 یہ تو مسٹر عبداللہ آتھم کا حال ہوا، مگر اس کے باقی رفیق بھی جو فریق بحث لفظ میں داخل تھے ان میں سے کوئی بھی اثر ہاویہ خالی نہ رہا، اور ان سب نے میعاد کے اندر اپنی اپنی حالت کے موافق مزہ دیکھ لیا۔ ڈاکٹر مارٹن کلارک اور ویسا ہی اس کے دوسرے دوستوں اور عزیزوں اور ماتحتوں کو سخت صدمہ پہنچایا، کتاب البریہ، صفحہ 244،245 ڈاکٹر کلارک صاحب کی بابت یہ پیشگوئی نہ تھی۔ اور نہ وہ اس پیشگوئی میں شامل تھا۔ فریق سے مراد ہی ہے جیسا کہ عبارت

Maktaba Tul Ishaat.com

سے ظاہر ہے۔ فریق اور شخص کا یک ہی معنی ہیں میں نے کوئی پیشگوئی نہ اشارۃً اور نہ کنایتاً ڈاکٹر کلارک صاحب کی بابت کی۔ کتاب البریہ، صفحہ 173 ہم نے کبھی پیشگوئی نہیں کی، کہ ڈاکٹر کلارک صاحب مرجائیگے۔ عبداللہ آتھم صاحب کی درخواست پر پیشگوئی صرف اس کے واسطے تھی۔ کل متعلقین مباحثہ کی بابت پیشگوئی نہ تھی۔ یہ بیان 1897ء اگست کا ہے۔

2 ...... ضمیمہ انجام آتھم، صفحہ 66 مباہلہ سے پہلے میرے ساتھ شائد تین یا چار سو آدمی ہونگے۔ اب آٹھ ہزار سے کچھ زیادہ وہ لوگ ہیں جو اس راہ میں جان فشان ہیں۔ 1897 کی یہ کتاب ہے ایک سال بعد جب مرزا پر انکم ٹیکس کا مقدمہ چلا، تو اس وقت مرزا نے اپنے اپنے مریدوں کی تعداد 318 بتائی۔

بیان ایک تحصیلدار پرگنہ بٹالہ کا ضرورۃ الامام میں مذکور ہے اور اس کی مرزا نے حرف بحرف تصدیق کی ہے۔ ملاحظہ ہو ضرورۃ الامام، صفحہ 43 مرزا غلام احمد ابتدائی ایام میں خود ملازمت کرتا رہا اور اس امر کی ہمیشہ کوشش کرتا رہا۔ کہ وہ ایک مذہبی سرگروہ مانا جائے۔ اس فرقہ میں حسب فہرست منسلکہ ہذا 318 آدمی ہیں۔ ضرورۃ الامام، صفحہ 42 اس جگہ محنت اور تفتیش منشی تاج الدین صاحب تحصیلدار ہرگنہ بٹالہ قابل شد ہے، جنہوں نے احقاق حق اور انصاف کو متصور رکھ کر واقعات صحیحہ کو آئینہ کی طرح حکام بالادست کو دکھلا دیا۔ بیان 1898ء 17 ستمبر کا ہے۔

3 ...... اعظم بیگ کے مقدمہ میں قادیان کی زمین کی پیداوار کم دکھلانے کی کوشش کی، اور جھوٹ بکا اس کے بعد تحقیقات کرنے سے مرزا کا جھوٹ ظاہر ہوا۔

عمر مسیح میں مرزا کا خبط

دو ہزار سال: براہین احمدیہ، صفحہ 458، 464 میں عیسیٰ (علیہ السلام) کو آسمان میں زندہ ثابت کیا ہے، ازروئے آیات قرآنیہ۔

120 سال: اتمام الحج، صفحہ 16 حاشیہ طبرانی اور مستدرک میں عائشہ صدیقہؓ سے یہ حدیث ہے کہ

Maktaba Tul Ishaat.com

نبی کریم ﷺ نے اپنی وفات کی بیماری میں فرمایا: کہ عیسیٰ بن مریم علیہ السلام ایکسو بیس برس تک جیتا رہا۔ (1894ء کی تصنیف)۔

120 سال: تحفہ گولڑویہ، ص 210 جدید" حدیثوں سے ثابت ہوتا ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام نے ایکسو بیس برس عمر پائی ہے۔ (1902 کی تصنیف)۔

125 سال: مسیح ہندوستان میں نمبر 53 احادیث میں معتبر روایتوں سے ثابت ہے کہ ہمارے نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ حضرت مسیح کی عمر ایکسو پچیس (125) کی ہوئی، اور اس بات کو اسلام کے تمام فرقے مانتے ہیں کہ حضرت مسیح علیہ السلام میں دو ایسی باتیں جمع ہوئی تھیں کہ کسی نبی میں وہ دو تو جمع نہیں ہوئیں۔ ایک یہ کہ انہوں نے کامل عمر پائی یعنی ایکسو پچیس برس زندہ رہے۔ 1908ء

125 سال: تریاق القلوب، ص 400 جدید میں بھی ایکسو بیس برس ہی لکھی ہے 1902ء۔

33 سال: ایک عیسائی کے تین سوالوں کا جواب صفحہ 41 مطبع لاہوری" مسیح یہی ہے کہ مسیح بغیر اپنی مرضی ناگہانی طور پر پکڑا گیا، اس سے بوضاحت ثابت ہوتا ہے کہ مسیح زندہ رہنا اور کچھ اور دن دنیا میں قیام کرنا چاہتا تھا اور اس کی روح نہایت بے قراری سے تڑپ رہی تھی کہ کسی طرح اس کی جان بچ جائے لیکن بلا مرضی اس کے اس کو یہ سفر پیش آ گیا یہ واقع صلیبی ہے۔ جس وقت حضرت مسیح کی عمر 33 تھی جیسے تحفہ گولڑویہ، صفحہ 210 جدید میں ہے۔

33 سال: اتمام الحج، صفحہ 17 اور امام مالکؒ نے کہا ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام مر گیا۔ اور وہ 33 برس کا تھا۔ جب فوت ہوا، اب دیکھو امام مالک کس شان اور خیر القرون کے زمانے کا اور کروڑ ہا آدمی اس کے پیرو ہیں جب ان کا یہ مذہب ہوا، تو یہی کہنا چاہئے کہ کروڑ ہا عالم اور متقی اور اہل ولائت جو کہ پیرو حضرت امام صاحب کے تھے ان کا یہی مذہب تھا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام فوت ہو گئے ہیں۔

83 سال: تحفۃ الندوہ، صفحہ 10" سب کے بعد جو آج ہمیں خبر ملی۔ یہ تو ایک ایسی خبر ہے کہ آج اس نے مسلمانوں کے لیے عید کا دن چڑھا دیا ہے اور وہ یہ ہے کہ حال میں بمقام یوروشلم پطرس حواری کا

Maktaba Tul Ishaat.com

دستخطی ایک کاغذ پرانی عبرانی میں لکھا ہوا ہے، دستیاب ہوا، جس کو کتاب کشتی نوح کے ساتھ شامل کیا گیا ہے، اس سے ثابت ہوتا ہے کہ حضرت مسیح علیہ السلام صلیب کے واقع سے تخمیناً پچاس برس بعد اس زمین پر فوت ہو گئے تھے یہ فیصلہ ہو گیا کہ وہ پطرس کی تحریر ہے اور واقع صلیب کے وقت حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی عمر تقریباً 33 سال تھی اور اس خط کے متعلق اکابر عالی و مذہب عیسوی نے تحقیقات کر کے یہ فیصلہ کیا ہے کہ یہ صحیح ہے اور ہمارے نزدیک اس کاغذ کی صحت پر اور قوی دلیل ہے۔ 1902ء۔

87 سال: اخبار الحکم نمبر 35 جلد 9، صفحہ 5 کالم نمبر 13 اکتوبر 1905 اس پر یہ سوال کرتے ہیں کہ جب کہ وہ 87 سال تک زندہ رہے، تو ان کی قوم نے ترقی کیوں نہ کی اس کا جواب یہ ہے کہ اس کا جواب دینا ہمارے ذمہ نہیں۔ 1905ء۔

158 سال: ریویو آف ریلیجز نمبر 11،12 جلد نمبر 2، صفحہ 429 اس واقعہ (صلیبی واقعہ) کے بعد عیسیٰ ابن مریم نے ایک سو بیس سال عمر پائی، اور واقع صلیبی کے وقت حضرت مسیح علیہ السلام کی عمر 33 سال تھی، جیسے کہ تحفہ گولڑویہ، صفحہ 210 وتحفۃ الندوہ، صفحہ 10 سے ثابت ہو چکا ہے تو کل عمر 153 سال کی ہوئی۔

متناقض باتوں والے شخص کے متعلق مرزا کا فتویٰ

1 ...... ست بچن، صفحہ 31 ”اور ظاہر ہے کہ ایک دل سے دو متناقض نہیں نکل سکتیں، کیونکہ ایسے طریق سے انسان یا تو پاگل کہلاتا ہے یا منافق“۔

2 ...... ست بچن، صفحہ 29 میں لکھا ہے کہ ”پرلے درجہ کے جاہل شخص کا کلام متناقض ہوتا ہے“۔

3 ...... ضمیمہ حصہ پنجم صفحہ 112 ”جھوٹے کلام میں تناقض ضرور ہوتا ہے“۔

4 ...... انجام آتھم، صفحہ 83 کہ ”تناقض بے عقل اور بے دین اور مخبوط الحواس شخص کی کلام میں ہوگا“۔

Maktaba Tul Ishaat.com

5...... براہین احمدیہ، صفحہ 385 میں ہے کہ "اختلاف فی الکلام کذب کی دلیل ہے"۔

قبر مسیح علیہ السلام کے متعلق مرزا کا خبط عشواء

1...... براہین احمدیہ، صفحہ 458، 464 میں" کیونکہ آیات قرآنیہ سے مرزا نے حضرت مسیح (علیہ السلام) کو زندہ آسمان پر تسلیم کیا ہے۔ اس کے لیے ابھی تک ان کی کوئی قبر نہیں"۔

2...... ازالہ اوہام، صفحہ 471، طبع اول" یہ سچ ہے کہ مسیح اپنی...... جا کر فوت ہو گیا۔ لیکن یہ ہرگز سچ نہیں کہ وہی جسم جو دفن ہو چکا وہی زندہ ہو گیا، 1891ء کی تالیف"۔

3...... اتمام الحج، صفحہ 18، 19 "حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی بھی بلاد شام میں قبر موجود ہے۔ اگر کہو کہ وہ قبر جعلی ہے، تو اس جعلی کا ثبوت ہونا چاہیے۔ اس صورت میں دوسرے انبیاء کی قبروں کی نسبت بھی تسلی نہیں رہے گی امان اٹھ جائیگا"۔

4...... ست بچن، صفحہ 164 کا حاشیہ میں "ہم نے کسی کتاب میں یہ بھی لکھا ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی قبر بلاد شام میں ہے، مگر اب صحیح تحقیق ہمیں اس بات کے لکھنے کے لیے مجبور کرتی ہے کہ واقع قبر وہی ہے جو کشمیر میں...... الخ 1895ء۔

اعجاز احمدی، صفحہ 19، 20 پھر آپ لوگ خدا تعالیٰ کو اس طرح پر جھوٹا قرار دیتے ہیں کہ خدا تو کہتا ہے کہ واقعہ صلیبی کے بعد عیسیٰ علیہ السلام اور اس کی ماں کو ہم نے ایک ٹیلہ پر جگہ دی۔

جیسا کہ فرماتا ہے: "وَآوَيْنٰهُمَآ اِلٰى رَبْوَةٍ ذَاتِ قَرَارٍ وَّ مَعِيْنٍ" (سورۃ المومنون آیت نمبر: 50) پس آپ کے خیال کی رو سے خدا تعالیٰ نعوذ باللہ صریح جھوٹا پڑتا ہے۔

5...... تحفۃ الندوہ، صفحہ 9، 10 ازاں بعد کشمیر میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی قبر بھی پیدا ہو گئی۔ پھر اس کے بعد عربی اور فارسی کی پرانی کتابیں پیدا ہو گئیں، جو بعض ان میں سے ہزار برس کی تصنیف ہے، اور حضرت عیسیٰ کی وفات کی گواہی دیتی اور قبر ان کی کشمیر میں بتلاتی ہیں۔ اور پھر سب کے بعد جو آج ہمیں خبر ملی یہ تو ایک خبر ہے، کہ گویا آج اس نے مسلمانوں کے لئے عید کا دن چڑھا دیا ہے اور وہ یہ

Maktaba Tul Ishaat.com

ہے کہ حال میں بمقام یوروشلم پطرس حواری کا دستخطی ایک پرانی عبرانی میں لکھا ہوا ہے، دستیاب ہوا ہے۔اس سے ثابت ہوتا ہے کہ حضرت مسیح علیہ السلام صلیب کے واقع سے تخمیناً پچاس برس کے بعد اس زمین پر فوت ہو گئے تھے۔اور اس خط کے متعلق اکابر علی و مذہب عیسوی بہت تحقیقات کر کے یہ فیصلہ کیا کہ یہ صحیح ہے اور ہمارے نزدیک اس کاغذ کی صحت پر ایک اور قوی دلیل ہے، 1903ء کی تالیف۔

6......چشمہ معرفت، صفحہ 250 حاشیہ، کتاب تاریخ طبری، صفحہ 739 میں، ایک بزرگ کی روایت سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی قبر کا حوالہ دیا ہے جو ایک جگہ دیکھی گئی ہے یہ قصہ ابن جریر نے اپنی کتاب میں لکھا ہے، جو نہایت معتبر اور آئمہ حدیث میں سے ہے ابن جریر طبرانی کے قول کے مطابق حضرت مسیح علیہ السلام کی قبر مدینہ منورہ میں ثابت ہوئی، 1908ء کی تصنیف۔

7......پھر اپنی حقیقۃ الوحی وغیرہ میں کشمیر میں تعلیم کیا ہے، 1908ء۔

متضاد اقوال والے شخص کے متعلق مرزا کا فتویٰ پہلے ہم ذکر چکے ہیں۔

حیات مسیح میں مرزا کا خبط عشواء

1......براہین احمدیہ، صفحہ 458، 464 میں، اہل اسلام کے عقیدہ کے موافق مرزا قادیانی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی حیات قرآن مجید کی دو آیتوں سے ثابت کرتا ہے۔اس قول کے لحاظ سے مرزا از روئے قرآن مجید حیات مسیح کا قائل ٹھہرا۔

2......اس قول میں مرزا قادیانی حضرت مسیح علیہ السلام کا واقعہ صلیبی میں ہی فوت ہو جانا تسلیم کرتا ہے۔گویا حضرت مسیح علیہ السلام بزعم مرزائیہ صلیبی واقع میں فوت ہو کر راندہ درگاہ الٰہی ٹھہرے، اور ملعون ہوئے۔ العیاذ باللہ

قول ملاحظہ ہو۔

ایک عیسائی کے تین سوالوں کا جواب، صفحہ 41 بلکہ سچ یہی ہے کہ مسیح علیہ السلام بغیر اپنی مرضی

Maktaba Tul Ishaat.com

کے ناگہانی طور پر پکڑا گیا اس سے بوضاحت ثابت ہوتا ہے کہ مسیح زندہ رہنا اور کچھ اور دن میں تسلیم کرنا چاہتا تھا اور اس کی روح نہایت بے قراری سے تڑپ رہی تھی کہ کسی طرح اس کی جان بچ جائے۔ لیکن بلا مرضی اس کے یہ سفر اس کو پیش آیا۔ اتمام الحج ص 17 مطبع لاہوری دیکھو کتاب مجمع بحار الانوار، صفحہ 286، جلد اول، جو اس حکمی کے لفظ کی شرح لکھتا ہے۔ ینزل (ای ینزل عیسیٰ علیہ السلام) حکماً (ای حاکماً بھذہ الشریعۃ) الانبیاء والاکثران عیسیٰ لم یمت وقال مالک مات وھو ثلث وثلثین سنۃ یعنی عیسیٰ علیہ السلام ایسی حالت میں نازل ہوگا جو اس شریعت کے مطابق حکم کریگا، نہ نبی ہوگا، اور اس کا یہ قول ہے کہ عیسیٰ نہیں مرا۔ اور امام مالک رحمہ اللہ نے کہا کہ عیسیٰ علیہ السلام مر گیا، اور وہ 33 برس کا تھا جب مرا۔ تو گویا واقعہ صلیبی میں ہی لعنتی موت سے مر گیا۔ (عیاذ باللہ)

3......تیسرا قول یہ ہے کہ واقعہ صلیبی پر فوت نہیں ہوئے۔ بلکہ وہاں سے کشمیر چلے گئے، وہیں فوت ہوئے، اور وہیں ان کی قبر ہے۔ یہ آج کل مرزائیوں کا مشہور قول ہے، جیسے حقیقۃ الوحی، صفحہ 101 حاشیہ میں ہے مگر خدا کا کلام قرآن شریف گواہی دیتا ہے کہ وہ مر گیا اور اس کی قبر سرینگر کشمیر میں ہے۔ جیسا کہ اللہ فرماتا ہے "وَاٰوَیْنٰھُمَآ اِلٰی رَبْوَۃٍ ذَاتِ قَرَارٍ وَّ مَعِیْنٍ" (سورۃ المومنون آیت نمبر:51) یعنی ہم نے عیسیٰ علیہ السلام اور اس کی ماں کو یہودیوں کے ہاتھ سے بچا کر ایک ایسے پہاڑ پر پہنچا دیا جو آرام اور خوشحالی کی جگہ ہے۔

مرزا کی عربی کی فاحش اغلاط

براہین احمدیہ، صفحہ 113 تا 118 گو کسی بشر کا کلام کیسا ہی صاف اور شستہ ہو، مگر اس کی نسبت یہ کہنا جائز نہیں ہو سکتا کہ فی الواقع تالیف اس کی انسانی طاقتوں سے باہر ہے۔ پس یہ خیال تو سراسر سودائیوں اور مخبوط الحواس کا کام ہے کہ پہلے ایک چیز کو اپنے منہ سے قوی بشریہ کی بنائی ہوئی مان لیں۔ اور پھر آپ ہی بڑا بنائیں کہ اب قوی بشریہ اس چیز کی مثل بنانے سے قاصر اور عاجز ہیں۔

Maktaba Tul Ishaat.com

علاوہ اس کے آج تک کسی انسان نے یہ دعویٰ نہیں کیا کہ میرے کلمات اور مصنوعات خدا کے کلمات مصنوعات کی طرح بیمثل و مانند ہیں۔ اگر کوئی نادان مغرور ایسا دعویٰ کرتا، تو ہزاروں اس سے بہتر تالیفیں کرنے والے اور اس کے منہ میں ذلت کی خاک بھرنے والے پیدا ہو جاتے۔

خلاف اسکے اقوال مرزا

1.....ضرورۃ الامام، صفحہ 25 خدا نے مجھے چار نشان دیئے ہیں۔

1.....میں قرآن شریف کے معجزے کے ظل پر عربی بلاغت و فصاحت دیا گیا ہوں۔ کوئی نہیں جو اس کا مقابلہ کر سکے۔ ایسے ہی حقیقۃ الوحی صفحہ 224۔ ایام الصلح صفحہ 158۔ والاستفتاء صفحہ 9۔ ملحقہ حقیقۃ الوحی، ایام الصلح صفحہ 172۔

نیز ایک آدمی کی عربی کے متعلق ضرورۃ الامام صفحہ 28 میں لکھتا ہے "مگر میں کیا کہوں، اور کیا لکھوں معافی مانگ کر کہتا ہوں، جس وقت میں نے آپ کے الہامات لکھے ہوئے سنے تھے۔ انہیں بعض جگہ صرفی اور نحوی غلطیاں تھی۔

نزول مسیح، صفحہ 56، اعجاز نمائی کو انشاء پردازی بروقت بھی اپنی نسبت دیکھتا ہوں کیونکہ جب میں عربی میں یا اردو میں کوئی عبارت لکھتا ہوں، تو محسوس کرتا ہوں کہ کوئی اندر سے مجھے تعلیم دے رہا ہے۔ ملفوظات احمدیہ حصہ اول، صفحہ 156 فرمایا معجزہ تو علم کا ہی بڑا ہوتا ہے بتایا عالم علم سے پہچانا جاتا ہے۔

اب مرزا کی "چالیس" کے قریب ادبی اغلاط عربی میں ثابت کی جاتی ہیں:

1.....حقیقۃ الوحی، صفحہ 262 کلام الصحت من لان رب کریم۔

2,3.....سراج منیر، صفحہ 11 فبشرنی ربی بموتہ فی ستۃ سنۃ ان فی ذلک لایات

Maktaba Tul Ishaat.com

للطالبین“

حجۃ اللہ، صفحہ 39 میں بھی ستۃ سنۃ ہے صحیح لفظ ستۃ سنین اس میں دو اغلاط ہوئے۔

4,5 ...... حمامۃ البشریٰ، صفحہ 83 فلا تظن یا اخی انی قلت کلمۃ فیہ. رائحۃ ادعاء النبوۃ صحیح لفظ ”فیھا“ ہے کیونکہ مؤنث ہے۔

6,7 ...... آئینہ کمالات اسلام، صفحہ 19 من تـغره لیس لہ اصل صحیح فی الشرع صحیح لفظ لیس لھا ہے۔کلمہ مؤنث ہے۔

8,9 ...... نورالحق، صفحہ 18 حصہ اول حاشیہ وھی مدینۃ علی ساحل بحر الروم بینھا وبین بیروت ثلثون اکواسا اکواس جمع کوس کی بنانا چاہتا ہے حالانکہ کوس عربی لفظ نہیں ہے کہ اس کی جمع اکواس ہو۔

10 ...... نورالحق، صفحہ 21 ولو کانت قلـۃ اوربعۃ ...... صحیح ربعھا ہے۔

11 ...... نورالحق، صفحہ 57/1 سالت عنی دلیلا علیہ صحیح سالتنی عن دلیل علیہ۔

12 ...... نورالحق، صفحہ 85/1 فاسلوا عنہ سر ھذا التحقیق صحیح فاسلوہ عن سر ...... الخ

13 ...... نورالحق، صفحہ 130/1 وسبقاء کوالجھا کالج عربی لفظ نہیں کہ اس کی جمع کوالج ہو۔

14,15,16,17 ...... آئینہ کمالات اسلام، صفحہ 10 وجعلـھم منھلا لالایغور ومتاعا لا یبور اصل عبارت صحیح یوں ہے۔وجعلھم مناھل لا تغور وامتعۃ لاتبور.

18,19,20,21,22,23 ...... آئینہ کمالات اسلام، صفحہ 5 ”فاعـطـاھـم اللّٰـہ قلبامتقلبا مع الحق ولـسـانـاً متحلیا بـالـصـدق وجـنـانـاً خالیاًمن الحسد والبخل “۔صحیح یہ ہے ”قلوبامتقلبۃ والسنۃ متحلیۃ وخالیۃ“۔

24,25 ...... آئینہ کمالات اسلام، صفحہ 5 انھم برھان رسالۃ سیدنا وحجۃ صدق مولانا صحیح براہین وحجج میں ہے۔

26 ...... آئینہ کمالات اسلام، صفحہ 8 سـالتھـمـامن ربِ الارض والـسماء صحیح سـالـت رب

Maktaba Tul Ishaat.com

الارض والسماء عنهما.

27......آئینہ کمالات اسلام، صفحہ 11 مـا اسـرتني كـروری منذلك صحیح مـا سـرّنی کیونکہ مسرت خود متعدی ہوتا ہے، اور پھر سرور میں بھی حسن نہیں۔

28......آئینہ کمالات اسلام، صفحہ 16 وجـه شيئا اسر اهل الصلاح صحیح سر اهل الصلاح کیونکہ مسرت خود متعدی ہے تسر الناظرین۔

29،30،31......آئینہ کمالات اسلام، صفحہ 20 رب ارحـم عـلـى الـذيـن يـلـعـنـون علی وارحيهم عليهم صحیح ارحم الذين وارحمهم کیونکہ رحم کا صلہ علی نہیں آتا۔ اولئک سیرحم الله ......الخ

32......الاستفتاء ملحقة حقيقة الوحي انا المسمى بغلام احمد بن مرزا غلام مرتضى ومرزا غلام مرتضىٰ ابن عطا محمد وعطا محمد بن مرزا گل محمد ...... الخ۔ صحیح غلام احمد بن غلام مرتضیٰ بن عطامحمد بن گل محمد ......الخ ہے۔

33......التبليغ، صفحہ 430 ملحقہ آئینہ کمالات اسلام فاعلموا يا اخوان ان اسمى غلام احمد واسم ابى غلام مرتضىٰ واسم ابيه عطا محمد وكان محمد بن گل محمد و گل محمدبن فيض محمد وفيض محمد بن محمد قائم ......الخ صحیح عبارت یوں تھی ان ابی غلام احمد بن غلام مرتضى بن عطامحمد بن گل محمد......الخ۔

34......الفرق فی آدم والمسيح الموعود، یہ مرزا جی کی ایک کتاب ہے جو خطبہ الہامیہ کے ساتھ بطور ضمیمہ شامل ہے۔ صحیح نام یوں تھا الـفـرق بیـن آدم والـمـسيح الـمـوعـود۔

35......آئینہ کمالات صفحہ 14 اضـلـوا خـلـقـا كثيرا بتلك الافتراء صحیح یہ تھا، بذلك الافتراء.

36......آئینہ کمالات اسلام، صفحہ 14 واسروا انفوسهم صحیح سرّوا.

Maktaba Tul Ishaat.com

37..... آئینہ کمالات اسلام، صفحہ 15 کیف ینطق نور اللہ من فوہ بطالوی صحیح من فیہ بطالوی.

38,39,40..... آئینہ کمالات اسلام، صفحہ 140 واللہ لو قتلت جمیع صبیانی واولادی واحفادی باعینی وقطعت ایدی وارجلی صحیح بعینیّ ویدی رجلی بصیغۃ تثنیہ کیونکہ ہر انسان میں دو ہاتھ دو پاؤں دو آنکھیں ہوتی ہیں۔

مرزا غلام احمد قادیانی اور لفظ حرامزادہ گالیاں دنیا مرزا کے نزدیک کس قدر بری چیز ہے:

1..... ملفوظات احمدیہ، صفحہ 85 حصہ دوم، اسی طرح انسانوں کو چاہیے کہ جب کوئی شریر گالی دے تو مومن کو لازم ہے۔ اعراض کرے۔ نہیں تو وہی کت پن کی مثال صادق آئیگی۔

2..... ازالہ اوہام، صفحہ 1243 لاہوری، تمہارے فتحمند اور غالب ہونے کی یہ راہ نہیں، گالی کے مقابل پر گالی دو کیونکہ اگر تم نے یہی راہیں اختیار کیں، تو تمہارے دل سخت ہو جائینگے۔

3..... کشتی نوح، صفحہ 11 کسی کو گال مت دو۔ گو وہ گالی دیتا ہو۔

4..... ضمیمہ اربعین، صفحہ 5، حاشیہ 4،5 گالی دینا اور بدنامی کرنا طریق شرافت نہیں۔

5..... آئینہ کمالات اسلام، صفحہ 529 لاہوری، اگر کوئی بدظنی کی راہ میں کیسی ہی بدزبانی اور بدگوئی کی مشق کر رہا ہے۔ اور ناخدا ترسی سے ہمیں آزار دے رہا ہے۔ ہم پھر بھی اس کے حق میں دعا ہی کرتے ہیں۔

6..... ضرورۃ الامام، صفحہ 8 امام میں قوت اخلاق ہو۔ اور وہ پورا نمونہ انک لعلی خلق عظیم کا ہو۔

7..... اربعین، صفحہ 1/7، میں اخلاقی اور اعتقادی اور ایمانی کمزوریوں اور غلطیوں کی اصلاح کے لیے دنیا میں بھیجا گیا ہوں۔

Maktaba Tul Ishaat.com

اب جو مرزا نے صرف حرامزادہ کی گالی مخالفین کی سنائی ہے وہی

ملاحظہ ہو:

1...... انوار الاسلام، صفحہ 27 اگر کوئی مولویوں سے کہے کہ ثابت نہیں، تو اگر وہ اس بات میں سچا اور حلال زادہ ہے تو عبداللہ آتھم کو اس حلف پر آمادہ کرے۔

2...... نور الاسلام، صفحہ 28 ان کا نام فتحیاب رکھنا، یہ حلال زادوں کا کام نہیں۔

3...... نور اسلام، صفحہ 33 بیشک وہ ولد الحلال اور نیک زادہ ہوگا۔

4...... نور الاسلام، صفحہ 33 اس کو ولد الحرام بننے کا شوق ہے۔

5...... نور الاسلام، صفحہ 34 حرامزادہ کی یہی نشانی ہے کہ سیدھی راہ چلے۔

6...... نور الاسلام، صفحہ 34 نہ ہم کسی جو حرامزادہ کہتے ہیں اور نہ ولد الزنا۔

7...... نور الاسلام، صفحہ 40 اگر وہ ولد حرام نہیں ہیں اور حلال زادے ہیں تو...... الخ

8...... نور الاسلام، صفحہ 41، کون اس فیصلے کے لیے بلا توقف سعی کرتا ہے اور کون ولد الحرام بننے پر آمادہ ہوتا ہے۔

9...... اخبار بدر 20 دسمبر 1906ء، صفحہ 5 کالم ع 3 یونہی تکذیب کرنا اور بلا وجہ معقول انکار اور استہزاء یہ حرامزدے کا کام ہے۔

10...... نور القرآن حصہ دوم، صفحہ 31 یہ نہایت خباثت اور شرارت اور حرامزادگی ہے۔

11...... آریہ دھرم، صفحہ 61 ایسے ایسے حرامزادے سفلہ طبع دشمن ہیں جو نے الزام لگاتے ہیں۔

12...... مسخہ حق ص 37 لیکن اگر وہ حلال زادہ ہے تو اب امتحان کے لیے ہمارے سامنے آ جائے۔

13...... اخبار الحکم 17 ستمبر 1901ء، صفحہ 2 کالم ع یونہی تکذیب کرنا اور بلا وجہ معقول انکار و استہزا یہ حرامزادہ کا کام ہے کوئی حلال زادہ ایسی جرات نہیں کر سکتا۔

14...... مسخہ حق، صفحہ 44 وہ کنجر ولد زنا کہلاتے ہیں وہ بھی جھوٹ بولنے سے شرماتے ہیں مگر اس

Maktaba Tul Ishaat.com

آریہ میں اس قدر بھی شرم باقی نہیں رہا۔

15......اشتہار ملحقہ شہادۃ القرآن، صفحہ 3 محسن کی بدخواہی کرنا (گورنمنٹ سے جہاد کرنا قل) ایک حرامی اور بدکار آدمی کا کام ہے۔

16......سعد اللہ نومسلم لدھیانوی کی بابت لکھتا ہے انجام آتھم، صفحہ 282

آذیتنی خبثا فلست بصادق ان لم تمت باالخزی یا ابن بغاء

ترجمہ: تو نے مجھے خبث سے ایذا دی پس اے کنجری کے بیٹے اگر تو رسوائی سے نہ مرے تو میں سچا نہ ہونگا۔

17......تتمہ حقیقۃ الوحی، صفحہ 15 سعد اللہ لدھیانوی کے بابت وہی شعر یا ابن بغا کا لفظ۔

18......سعد اللہ لدھانوی کے متعلق تتمہ حقیقۃ الوحی، صفحہ 21 یا ابن بغاء اے بازاری عورت کے بیٹے لکھا ہے۔

19......ازالہ اوہام، صفحہ 723,724 طبع اول حاشیہ میں 1857ء کے انقلاب کے علماء کی حق میں لکھتا ہے۔ جب ہم 1857ء کی سوانح کو دیکھتے ہیں۔ اور اس زمانہ کے مولویوں کے فتوؤں پر نظر ڈالتے ہیں تو......ان لوگوں نے چوروں اور قزاقوں اور حرامیوں کی طرح اپنی محسن گورنمنٹ پر حملہ کرنا شروع کیا۔

20......آئینہ کمالات اسلام، ص 236 لاہوری، مولوی محمد حسین صاحب بٹالوی کی بابت شیخ صاحب جو شخص حلال زادہ ہو۔ اول وہ جرأت کر کے اپنے بھائی پر بے تحقیق الزام نہیں لگاتا۔

21......نور الحق، صفحہ 126/1 "واعلم ان کل من ہومن ولد الحلال ولیس فی ذریۃ البغایا ونسل الدجال فیفعل امرامن امرین" جو حلال زادہ ہے۔ اور بازاری عورتوں اور دجال کی اولاد نہیں، دو نو کاموں میں سے ایک کام تو ضرور کریگا۔

22......آئینہ کمالات اسلام، صفحہ 435، لاہوری "کل مسلم یقبلنی ویصدق دعوتی الاذریۃ البغایا۔

ترجمہ ہر ایک انسان مجھے مانتا ہے۔ اور میرے دعویٰ کو سچا مانتا ہے۔ سوا اُن لوگوں کے جو کنجر و یوں کے بیٹے ہیں۔

"مرزا قادیانی کی جھوٹی قسمیں"

جھوٹ بولنے والے کے متعلق مرزا کا فتویٰ

1......ضمیمہ تحفہ گولڑویہ حاشیہ، صفحہ 19 "جھوٹ بولنا مرتد ہونے سے کم نہیں"۔

2......انجام آتھم، صفحہ 59 "تکلف سے جھوٹ بولنا گوہ یعنی غول کھانا ہے"۔

3......آریہ دھرم، صفحہ 42 "میرے نزدیک جھوٹا ثابت ہونے کی ذلت ہزاروں موتوں سے بدتر ہے"۔

4......ملفوظات احمدیہ، حصہ اول، صفحہ 181 "جھوٹ جو اس پاخانہ سے بھی بڑھکر بدبور کھتا ہے"۔

5......آریہ دھرم، صفحہ 11 "غلط بیانی اور بہتان طرازی راستبازوں کا کام نہیں، بلکہ شریر اور بدذات آدمی کا کام ہے"۔

6......نزول مسیح، صفحہ 237، تیم دعوت، صفحہ 84 "خدا کی جھوٹی قسم کھانا لعنتی کا کام ہے"۔

خود مرزا کی جھوٹی حلفیں

1......ایام الصلح، صفحہ 147 "میں حلفاً کہہ سکتا ہوں، کہ میرا حال یہی حال ہے، کوئی ثابت نہیں کر سکتا کہ میں نے کسی شخص سے قرآن حدیث یا تفسیر کا ایک سبق بھی پڑھا ہو۔ حالانکہ خود اس نے قرآن وحدیث وغیرہ لوگوں سے پڑھی ہے"..........

دیکھو! التبلیغ، صفحہ 433، لاہوری، ملحقہ آئینہ کمالات اسلام "ولم یتفق لی

Maktaba Tul Ishaat.com

التوغل فی علم الحدیث و الاصول و الفقه الا کطل من الوبل" کتاب البریة،
صفحہ 149، حاشیہ، میری تعلیم اس طرح ہوئی کہ جب میں چھ سات سال کا تھا ایک فارسی
خوان معلم میرے لیے نوکر رکھا گیا جنہوں نے قرآن شریف اور چند کتابیں فارسی کی پڑھائی
ہیں۔

2.....آسمانی فیصلہ، صفحہ 40 "مجھے اپنے رب کی قسم ہے کہ یہ سچ ہے اور تم اس بات کو وقوع
آنے سے روک نہیں سکتے ہم نے خود اس سے تیرا عقد باندھ لیا ہے، بری باتوں کو کوئی بدلا
نہیں سکتا۔ یہ الہام عربی میں ہے۔ جو محمدی بیگم منکوحہ آسمانی کے متعلق ہے اصل الہام عربی
میں تھا"۔

3.....آسمانی فیصلہ، صفحہ 20 "میں نے اللہ جل شانہ کی قسم کھا کر پیغام پوتچایا، کہ میری کسی تحریر
اور تقریر میں کوئی ایسا امر نہیں ہے، جو نعوذ باللہ عقیدہ اسلام کے مخالف ہو۔ حالانکہ خود اس نے
براہین احمدیہ، صفحہ 458، 464 میں حیات مسیح کا عقیدہ جو مرزا ہو گئے مرزا کے خیال میں
شرک عظیم ہے۔

نیز مرزا محمود حقیقۃ النبوۃ میں لکھا ہے۔" کہ مرزا 1901 تک جو ختم نبوت کا قائل
تھا، وہ اس کی عبادتیں منسوخ ہیں۔ تو بزعم محمود اس کا باپ ختم نبوت کا سالہا سال تک مشغ
رہا، جو مرزائیوں کے نزدیک بالکل اسلام کے خلاف ہے"۔

4.....آئینہ کمالات اسلام، صفحہ 438، لاہوری و اللہ قد کنت اعلم من ایام مدید؛
انی جعلت المسیح ابن مریم وانی نازل بمنزلہ ولکن اخفیتہ..... وتو
قفت فی الاظہار عشر سنین" حالانکہ خود مرزا نے اعجاز احمدی (ضمیمہ نزول مسیح
صفحہ 7،8 میں لکھا ہے کہ براہین احمدیہ کی تالیف کے بعد بارہ سال تک مجھے بالکل خبر نہ ہوئی
کہ میں مسیح موعود بنایا گیا ہوں۔ بلکہ میں حیات مسیح کا قائل رہا، اس سے ثابت ہوا کہ آئینہ کی

Maktaba Tul Ishaat.com

عبارت جھوٹ ہے۔

5.....حمامۃ البشریٰ، صفحہ 9 "واللہ یعلم انی ماقلت الاما قال اللہ تعالیٰ ولم اقل کلمۃ قط یخالفھا ومامسھا قلمی فی عمری" حالانکہ مرزا اور اس کی امت کے خیال میں حیات مسیح کا عقیدہ خلاف نصوص قرآنیہ وحدیثیہ ہے، جس کو مرزا نے براہین احمدیہ، صفحہ 408، 464 میں آیات قرآنیہ سے ثابت کیا۔ اور بقول محمود اس نے سالہا سال تک اپنی کتابوں میں ختم نبوت کے مسئلہ کی اشاعت کی جو بزعم مرزائیت نصوص قرآنیہ اور حدیث کے خلاف ہے۔

6.....اعجاز احمدیہ، صفحہ 30 "اس کے جواب میں خدا تعالیٰ کی قسم کھا کر بیان کرتے ہیں کہ میرے اس دعویٰ کی حدیث بنیاد نہیں، بلکہ قرآن اور وہ وحی ہے جو میرے پر نازل ہوئی، حالانکہ اس کے خلاف انجام آتھم، صفحہ 11 میں لکھا ہے کہ میرے دعویٰ کی بنیاد حدیث پر بھی ہے لہٰذا اعجاز احمدی (ضمیمہ نزول مسیح) کی قسم جھوٹی ثابت ہوئی"۔

جواب تلاویلات

کہ حمامۃ البشریٰ، صفحہ 14 حاشیہ میں خود مرزا نے لکھا ہے کہ جملہ قسمیہ میں کوئی تاویل وتخصیص کی گنجائش نہیں ہوا کرتی۔

شحنہ حق، صفحہ 44 "وہ کنجر جو ولد الزنا کہلاتے ہیں وہ جھوٹ بولنے سے شرماتے ہیں مگر اس آریہ میں اس قدر بھی شرم باقی نہ رہی"۔

آنحضرت ﷺ کی توہین مرزا کی زبانی

1.....عیسائیوں نے ایک کتاب امہات المومنین کے خلاف لکھی تھی، تو انجمن حمایت الاسلام لاہور والوں نے اس کتاب کی ضبطی کے لیے ایک ....حکومت کے سامنے پیش کرنے کا

Maktaba Tul Ishaat.com

ارادہ کیا، تو مرزا قادیانی اس تحریک کی مخالفت کی، جس کا ذکر حقیقۃ الوحی، صفحہ 275 و ایام الصلح، صفحہ 75 میں مفصل مذکور ہے۔

2...... براہین احمدیہ، حصہ پنجم کا ضمیمہ، صفحہ 111، حاشیہ "ہمارے نبی ﷺ کی استغفار تمام اسی بنا پر ہے کہ آپ بہت ڈرتے تھے کہ جو خدمت مجھے سپرد کی گئی ہے۔ یعنی تبلیغ کی خدمت اور خدا کی راہ میں جانفشانی کی خدمت اس کو جیسا حق تھا میں ادا نہیں کر سکا، حالانکہ نبی کی صداقت کی دلیل بقول مرزا یہ ہے کہ وہ اپنی مشن کو سرانجامی سے کامیابی دے"۔

دیکھو! ازالہ اوہام، صفحہ 1079، لاہوری، ان (انبیاء) کو موت نہیں دیتا جب تک وہ کام پورا نہ ہو جائے جس کے لیے وہ بھیجے گئے ہیں۔

ازالہ اوہام، صفحہ 1126، لاہوری "مامور من اللہ کی صداقت کا اس سے بڑھکر اور کوئی ثبوت نہیں جس کی خدمت لیے اس کا دعویٰ ہے کہ اس کو بجا لانے کے لئے میں بھیجا گیا ہوں، اگر وہ اس خدمت کو ایسی طرز پسندیدہ اور طریق برگزیدہ سے ادا کر دے۔

نتیجہ:......

"یہ ٹھہرا کہ بقول مرزا آنحضرت ﷺ کی نبوت ہی معاذ اللہ مخدوش ہو گئی، کیونکہ جو صداقت کا معیار بزعم مرزا تھا۔ وہ آنحضرت ﷺ میں نہیں پایا جاتا۔ جیسا کہ اس نے براہین حصہ پنجم میں لکھا ہے۔ آنحضرت ﷺ مدۃ العمر غلطی میں مبتلا رہے"۔

ازالہ اوہام، صفحہ 1181، لاہوری" جب آنحضرت ﷺ کی بیویوں نے آپ کے روبرو ہاتھ ناپنے شروع کیے تھے، تو آپ کو اس غلطی پر متنبہ نہیں کیا گیا، یہاں تک کہ آپ فوت ہو گئے"۔

ایسے ہی ازالہ، صفحہ 1201 میں بھی یہی مرزا نے لکھا ہے، جس سے ثابت ہوا کہ

Maktaba Tul Ishaat.com

اس پیشگوئی کی اصلی حقیقت آنحضرت ﷺ کو بھی معلوم نہیں تھی۔ حالانکہ مرزا خود کہتا ہے کہ انبیاء کو غلطی پر باقی نہیں رکھا جاتا۔

ضمیمہ نزول مسیح، صفحہ 24 کیونکہ انبیاء غلطی پر قائم نہیں رکھے جاتے۔

ضمیمہ حصہ پنجم براہین احمدیہ، صفحہ 116 مگر وہ انبیاء ہمیشہ اس غلطی پر قائم نہیں رکھے جاتے۔

مثلاً ضمیمہ براہین حصہ پنجم، صفحہ (8)، براہین احمدیہ، صفحہ 408 "اگر کوئی لغزش بھی ہو جائے، تو رحمت خداوندی جلد ان کا تدارک کر لیتی ہے"۔

نتیجہ یہ ہوا کہ آنحضرت ﷺ کا مدۃ العمر رہنا بقول مرزا ان کی نبوت کو مخدوش کرتا ہے۔ (العیاذ باللہ) کیونکہ نبی کی غلطی تو باقی نہیں رکھی جاتی۔

ضمیمہ نزول مسیح اعجاز احمدی، صفحہ 71 (شعر)

له خسف القمر المنير وان لى غسا القمر آن المشرقان اتنكر

5......ازالہ اوہام، صفحہ 1252، لاہوری، آنحضرت ﷺ جو اخبار حکایات بیان کردہ تصدیق کرتے تھے۔ اس کے لیے یہ ضروری نہیں ہوتا تھا کہ وہ تصدیق وحی کی رو سے ہو، چنانچہ کئی دفعہ یہ اتفاق ہوا ہوگا کہ آنحضرت ﷺ نے کسی مخبر کی خبر کو صحیح سمجھا اور بعد ازاں وہ خبر غلط نکلی...... تو گویا آنحضرت ﷺ کی تصدیق کا اعتبار نہیں۔

حالانکہ خود مرزا لکھتا ہے کہ انبیاء (علیہم السلام) کی شان یہ ہوتی ہے۔

"وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى ٥ اِنْ هُوَ اِلَّا وَحْیٌ يُّوْحٰى" (سورۃ النجم آیت نمبر: 3,4)

حقیقۃ الوحی، صفحہ 16 باعث فنا فی اللہ ہونے کے اس کی زبان (یعنی ملہم کی زبان) ہر وقت خدا کی زبان ہوتی ہے اگرچہ اس کو خاص طور پر الہام نہ بھی ہو تب بھی جو کچھ اس کی زبان پر جاری ہوتا ہے، وہ اس کی طرف سے نہیں، بلکہ خدا کی طرف سے ہے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

6......آنحضرت ﷺ کے معجزات بقول مرزا تین ہزار تھے۔

تحفہ گولڑویہ، صفحہ 63,64 جدید، صفحہ 40 قدیم مثلاً کوئی شریر النفس ان تین ہزار معجزات کا ذکر بھی کرے، جو ہمارے نبی ﷺ سے ظہور میں آئے۔

مثلہ ایک عیسائی کے تین سوالوں کا جواب، صفحہ 19 مگر اپنے معجزات ونشانات کی تعداد پر لاکھ سے زائد جو بالکل کھلے کھلے اور اعلیٰ درجہ کے خارق عادت ہیں بتلاتا ہے۔

حصہ پنجم براہین، صفحہ 58 ان چند سطروں میں جو پیشگوئیاں ہیں وہ اس قدر نشانیوں پر مشتمل ہیں، جو دس لاکھ سے زیادہ ہونگی، نشان بھی ایسے کھلے کھلے جو اول درجہ پر خارق عادت ہیں اور بہت ہی سخت گیری سے اور زیادہ سے زیادہ احتیاط سے بھی انکار شمار کیا جائے تب بھی یہ نشان جو ظاہر ہوئے میں لاکھ سے زائد ہونگے۔

مثلہ صفحہ 61 وصفحہ 12 کتاب مذکور

7......آنحضرت ﷺ کا علم بھی مرزا سے (عیاذ باللہ) کم تھا۔

ازالہ اوہام، صفحہ 1182 اگر آنحضرت ﷺ پر ابن مریم اور دجال کی حقیقت بوجہ نہ موجود ہونے کسی نمونہ کے وہ منکشف نہ ہوئی ہو، اور نہ دجال کے ستر (70) باغ کے گدھے کی اصل حقیقت کھلی ہو۔ اور نہ یاجوج وماجوج کی عمیق تہ تک وحی الٰہی نے اطلاع دی ہو۔ اور نہ دابۃ الارض کی ماہیت کی خبر دی ہو، تو کچھ تعجب کی بات نہیں۔

گویا مرزا اپنے آپ کو اب ان سب امور کا حقیقی عالم اور واقف سمجھتا ہے اور آنحضرت ﷺ کے متعلق یہ کہتا ہے کہ آپ کو ان اشیاء کے حقائق نہ معلوم ہوئے ہوں۔ نعوذ باللہ

8......تحفہ گولڑویہ، صفحہ 112 جدید، صفحہ 69 قدیم حاشیہ "خداوند تعالیٰ نے آنحضرت ﷺ کے چھپانے کے لیے ایک ایسی ذلیل جگہ تجویز کی، جو نہایت تنگ وتاریک وحشرات الارض کی

Maktaba Tul Ishaat.com

نجاست کی جگہ تھی۔ مگر اپنی جائے قبر کے متعلق مرزا یہ کہتا ہے۔

رسالہ الوصیہ، صفحہ 17,16 اور مجھے ایک جگہ قبر دکھائی گئی کہ یہ تیری قبر کی جگہ ہوگی ایک فرشتہ میں نے دیکھا کہ وہ زمین کو ناپ رہا تھا تب اس نے ایک مقام پر پہونچکر مجھے کہا کہ تیری قبر کی جگہ ہے، پھر ایک جگہ مجھے دکھلائی گئی کہ وہ چاندی سے زیادہ چمکتی تھی۔ اور اس کی مٹی چاندی کی تھی۔ تب مجھے کہا گیا کہ یہ تیری قبر ہے۔ آنحضرت ﷺ و مرزا کی جگہ کا موازنہ کرو۔ (عیاذ باللہ)

۱۔.....خطبہ الہامیہ، صفحہ 177 ہمارے نبی کریم ﷺ کی روحانیت نے پانچویں ہزار میں اجمالی صفات کے ساتھ ظہور فرمایا اور وہ زمانہ اس روحانیت کی ترقی کا انتہا نہ تھا۔ بلکہ اس کے کمالات کے معراج کے لیے پہلا قدم تھا پھر اس روحانیت نے چھٹے ہزار کے آخر میں یعنی اس وقت پوری طرح سے تجلی فرمائی۔

صفحہ 181 کتاب مذکور بلکہ حق یہ ہے کہ آنحضرت ﷺ کی روحانیت چھٹے ہزار کے آخر میں یعنی ان دنوں میں......ان سالوں (جب آنحضرت ﷺ بذات شریف دنیا میں رونق افروز تھے ناقل) کے اقویٰ اور اکمل اور اشد ہے بلکہ چودھویں رات کے چاند کی طرح ہے۔

صفحہ 184 کتاب مذکور اسلام ہلال کی طرح شروع ہوا، اور مقدر تھا کہ انجام کار آخر زمانہ (یعنی مرزا کا زمانہ) میں بدر ہو جائے۔ ہلال اور بدر کی نسبت مرزا کی زبانی ذیل میں درج ہے۔

ملفوظات احمدیہ، صفحہ 17، حصہ اول چونکہ رسول اللہ ﷺ کی وجود...... سے انبیاء علیہم السلام کو ایسی نسبت ہے جیسی کہ ہلال کو بدر سے ہوتی ہے۔

صفحہ 192 خطبہ الہامیہ ''اس زمانہ میں اسلام بدر کامل کی طرح ہو جائیگا''۔

Maktaba Tul Ishaat.com

صفحہ 193 خطبہ الہامیہ" ظاہر ہے کہ فتح مبین کا وقت ہمارے نبی کریم کے زمانہ میں گذر گیا اور دوسری فتح باقی رہی کہ پہلے غلبہ سے بہت بڑی اور زیادہ ظاہر ہے"۔

صفحہ 198 خطبہ الہامیہ" اسلام ہلال کی مانند مسجد حرام سے ظاہر ہوا۔ (آنحضرت ﷺ کے زمانے مبارکہ میں) پھر مسجد اقصیٰ تک پہونچا (قادیان میں) بدر کامل ہوگیا۔

10......مرزا کو اللہ تعالیٰ نے "قمر الانبیاء" کہا (عیاذ باللہ) انجام آتھم، صفحہ 58۔

11......اتانی مالم یعط من العلمین. آئینہ کمالات اسلام، صفحہ 309۔

انجام آتھم، صفحہ 77 گویا تمام دنیا میں کسی فرد بشر کو وہ کچھ نصیب نہ ہوا۔ جو مرزا کو عطا ہوا۔ (عیاذ باللہ)

12......مرزا اول المومنین ہے۔ آئینہ کمالات اسلام، صفحہ 78، لاہوری۔

اور اسی کتاب کے صفحہ 156 میں اول المومنین کے معنی مرزا نے یہ لکھا ہے میں "اول المسلمین" ہوں یعنی دنیا کی ابتدا اور اس کے آخیر تک میرے جیسا اور کوئی کامل نہیں جو ایسا اعلیٰ درجہ کا فنافی اللہ ہے۔

13......مرزا کے لیے الہام ہے آسمان سے کئی تخت اترے پر تیرا تخت سب سے اونچا بچھایا گیا۔ حقیقۃ الوحی، صفحہ 89، الاستفتاء، صفحہ 83، اربعین، صفحہ 45/3۔

14......آنحضرت ﷺ مثیل مسیح ہیں آئینہ کمالات اسلام، صفحہ 278 لاہوری۔

اور مثیل موسیٰ ہیں۔ ایام الصلح، صفحہ 58۔

اور بقول مرزا مثیل اپنے اصل سے مفضول ہوتا ہے۔

دیکھو! نور الحق، صفحہ 81/1 "ومن المعلوم ان الفضل للمتقدم.........."

15......الفرق فی آدم والمسیح الموعود، صفحہ خ، و، د ملحقہ خطبہ الھامیہ. "فان اظھار الدین علی ادیان اخری لایتحقق الاباالبینۃ

Maktaba Tul Ishaat.com

الکبریٰ. والحج القاطعه العظمی و کثرة اهل الصلاح والتقوی و کان اللّٰه قدقدّران دینه لا یظهربظهورتام علی الادیان کلها ولا یرزق اکثرالقلوب دلائل الحق ولایعطی تقوی الباطن لاکثرهاالافی زمان المسیح الموعود المهدی المعهود واما......التی هی قبله فلا تقم فیهاالتقوی ولاالدرایه بل یکثرالفسق والغوایه فان هذاالبعث بعث ماراه الاولون ولاالمرسلون السابقون ولاالنبیوّن اجمعون و کان ذلک تقدیرامن اللّٰه الودود بما سبق منه ان الغلبة التامة والصلاح الاکبر الاعم یختص بزمان المسیح الموعود ولذلک استمهل الشیطان الی هذاالزمان المسعود.

16......تتمہ حقیقۃ الوحی ،صفحہ 141 ”آنحضرت ﷺ کو دیکھو کہ جب آپ پر فرشتہ جبرئیل ظاہر ہوا۔تو آپ نے فی الفور یقین نہ کیا کہ یہ خدا کی طرف سے ہے۔بلکہ حضرت خدیجہؓ کے پاس ڈرتے ڈرتے آئے۔اور فرمایا”انی خشیت علی نفسی“ یعنی مجھے اپنے نفس کے نسبت بڑا اندیشہ ہوا ہے،کہ کوئی شیطانی مکر نہ ہو“۔

نزول مسیح صفحہ 114 ”اس جگہ یہ نقطہ خوب یاد رکھنے کے لائق ہے کہ جو الہامات ایسے کمزور اور ضعیف الاثر ہوں۔جو ملہم پر مشتبہ رہتے ہیں کہ خدا کی طرف سے ہیں۔یا شیطان کی طرف سے وہ درحقیقت شیطان کی طرف سے ہوتے ہیں۔یا شیطان کی آمیزش سے اور گمراہ ہے وہ شخص جو ان پر بھروسہ کرتا ہے اور بدبخت ہے وہ شخص جو اس خطرناک ابتلاء میں ماخوذ ہے شیطان اس سے بازی کرتا ہے اور چاہتا ہے کہ اس کو ہلاک کردے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

مرزا قادیانی کی صحیح انسانیت پر بحث

مرزا قادیانی صحیح انسان نہیں بوجوہ ذیل

1.....مرزا کا اقرار ہے۔ ضمیمہ کرم خاکی ہوں میرے پیارے نہ آدم زاد ہوں۔
ہوں بشر کی جائے نفرت اور انسانوں کی عار۔ براہین حصہ پنجم 110۔

2.....ست بچن، صفحہ 30 کسی سچیار اور عقلمند اور صاف دل انسان کی کلام میں تناقض نہیں ہوتا۔ ہاں اگر کوئی پاگل اور مجنون یا ایسا منافق ہو کہ خوشامد کے طور پر ہاں ملا دیتا ہو۔ اس کا کلام بے شک متناقض ہوتا ہے۔

ست بچن، صفحہ 31 ظاہر ہے کہ ایک دل سے دو متناقض باتیں نہیں نکل سکتیں، کیونکہ ایسے طریقہ سے انسان "پاگل" کہلاتا ہے یا "منافق"۔

انجام آتھم، صفحہ 83 "تلک کلم متناقضة متنافیه لاینطق بها الاالذی ضلت حواسهٗ وغرب عقلهٗ وقیاسهٗ وترک طریق المهتدین "

اور مرزا کا اقرار ہے کہ میرے کلام میں تناقض ہے۔ لہٰذا پہلے تمام القاب کا خود مستحق ٹھہرا۔

اعجاز احمدی، صفحہ 8 میں "ان دو متناقض باتوں کو براہین میں جمع کر دیا"۔

حقیقۃ الوحی، صفحہ 148 وصفحہ 149 "رہی یہ بات کہ ایسا کیوں لکھا گیا۔ اور کلام میں تناقض کیوں پیدا ہو گیا۔ سو اس بات کو توجہ کر کے سمجھ لو، کہ یہ اسی قسم کا تناقض ہے کہ جب براہین احمدیہ میں، میں نے یہ لکھا تھا کہ مسیح بن مریم آسمان سے نازل ہو گا۔ مگر بعد میں یہ لکھا کہ آنیوالا مسیح میں ہوں۔ اس تناقض کا سبب بھی یہی تھا۔

ایام الصلح، صفحہ 41 اس جگہ یاد رہے کہ میں نے کہ میں نے براہین احمدیہ میں غلطی

ہے ''توفی'' کے معنی ایک جگہ پورا دینے کے کئے ہیں۔ جس کو بعض مولوی صاحبان بطور اعتراض پیش کیا کرتے ہیں۔ مگر یہ امر جائے اعتراض نہیں۔ میں مانتا ہوں وہ میری غلطی ہے...... باوجود ان الہامی تصریحات کے ان الہامات کے منشا پر اطلاع نہ پا سکا، میرا اپنا عقیدہ جو میں نے براہین احمدیہ میں لکھا ہے ان الہامات کی منشا سے جو براہین احمدیہ میں درج ہیں۔ صریح نقیض پڑا ہوا ہے۔

3...... تحفہ گولڑویہ کا ضمیمہ ص 19 حاشیہ ''جھوٹ بولنا مرتد ہونے سے کم نہیں''۔

انجام آتھم کا ضمیمہ 59 تکلف سے جھوٹ بولنا گوہ کھانا ہے۔

آریہ دھرم، صفحہ 11 غلط بیانی بہتان طرازی راستبازوں کا کام نہیں، بلکہ نہایت بدذات اور شریر آدمی کا کام ہے۔

مرزا نے سینکڑوں جھوٹ بکے سر عدالت کے جھوٹ ہی سن لو۔

1...... ''انوار اسلام، صفحہ 2,8، یہ کتاب 1894ء کی تالیف ہے''۔

صفحہ 2 پیشگوئی میں فریق مخالف کے لفظ سے جس کے لیے ہاویہ یا ذات کا وعدہ تھا ایک گروہ مراد ہے جو اس بحث سے تعلق رکھتا ہے۔ خواہ خود بحث کرنے والا تھا۔ یا معاون یا حامی یا سرگروہ تھا۔

صفحہ 7,8 یہ تو مسٹر عبداللہ آتھم کا حال ہوا۔ مگر اس کے باقی رفیق بھی جو فریق بحث کے لفظ میں داخل تھے۔ ان میں سے کوئی بھی اثر ہاویہ سے خالی نہ رہا۔ اور ان سب نے میعاد کے اندر اپنی اپنی حالت موافق ہاویہ کا مزہ دیکھ لیا۔ ڈاکٹر مارٹن کلارک اور ویسے ہی اس کے دوسرے تمام دوستوں اور عزیزوں اور ماتحتوں کو سخت صدمہ پہنچا۔

اور کتاب البریہ میں جو 1897ء بیان عدالت میں دیا بالکل اس کے ضد ہے۔ اور بھی وہ بیان بعد تالیف انوار الاسلام کے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

کتاب البریہ، صفحہ 173 ہم نے کبھی پیشگوئی نہیں کی۔ کہ ڈاکٹر کلارک صاحب مرجائینگے۔ عبداللہ آتھم صاحب کی درخواست پر پیشگوئی صرف اس کے واسطے کی تھی، کل متعلقین مباحثہ کے بابت پیشگوئی نہ تھی۔

کتاب البریہ، صفحہ 244و245 ڈاکٹر کلارک صاحب کی بابت یہ پیشگوئی نہ تھی اور نہ وہ اس پیشگوئی میں شامل تھا فریق سے مراد آتھم تھا۔

جیسا کہ عبارت سے ظاہر ہے فریق اور شخص کا ایک ہی معنی ہیں میں نے کوئی پیشگوئی نہ اشارۃً نہ کنایۃً ڈاکٹر کلارک کی بابت کی۔

2......دوسرا جھوٹ عدالت میں یہ ہوا۔

1897 میں انجام آتھم کے ضمیمہ میں لکھا کہ میرے مریدوں کی تعداد آٹھ ہزار سے زائد ہے۔ اور جب انکم ٹیکس کا مقدمہ 1898ء میں دائر ہوا، تو اس وقت اپنے مریدوں کی تعداد صرف 318 تسلیم کی۔ گویا ایک سال بعد تمام تمام مریدوں میں طاعون ہی نازل ہوئی۔

ملاحظہ ہوں حوالجات:

صفحہ 66 ضمیمہ انجام آتھم مباہلہ سے پہلے میرے ساتھ شاید تین یا چار آدمی ہونگے اب آٹھ ہزار اس سے کچھ زیادہ وہ لوگ ہیں، جو اس راہ میں جانفشان ہیں۔

ضرورۃ الامام، صفحہ 43 مرزا غلام احمد ابتدائی ایام میں خود ملازمت کرتا رہا۔

ضرورۃ الامام، صفحہ 43 اور اس امر کی ہمیشہ کوشش کرتا رہا کہ وہ ایک مذہبی سرگروہ مانا جائے۔ اس فرقہ میں حسب فہرست منسلکہ ہذا 318 آدمی ہیں۔

ضرورۃ الامام، صفحہ 42 اس جگہ محنت اور تفتیش منشی تاج الدین صاحب تحصیلدار پر

Maktaba Tul Ishaat.com

گئے بٹالہ قابل ذکر ہے۔ جنہوں نے احقاق حق مقصود رکھ کر واقعات صحیحہ کو آئینہ کی طرح حکام بالا دست کو دکھایا دیا۔ یہ بیان جو داخل علاالت ہوا۔ وہ ایک تحصیلدار کا بیان ہے جس کی تصدیق صفحہ 42 میں خود مرزا نے بھی کردی۔

3......شہادۃ القرآن، صفحہ 41: خاص کر وہ خلیفہ جس کی نسبت بخاری میں لکھا ہے آسمان سے اس کے لیے آواز آوے گی کہ ھذا خلیفۃ اللّٰہ المھدی اور سوچو کہ یہ حدیث کس پایہ اور کس مرتبہ کی ہے، جو اس کتاب میں درج ہے، جو اصح الکتب بعد کتاب اللّٰہ ہے یہ بھی صاف جھوٹ ہے، کہیں بخاری شریف میں یہ روایت نہیں۔

حقیقۃ الوحی، صفحہ 390: مجدد صاحب سرہندی نے اپنے مکتوبات میں لکھا ہے جس شخص کو بکثرت اس مکالمہ ومخاطبہ سے مشرف کیا جاوے اور بکثرت امور غیبیہ اس پر ظاہر کیے جائیں وہ نبی کہلاتا ہے۔ یہ بھی جھوٹ ہے کہ حضرت مجدد صاحب نے کہیں نبی نہیں لکھا۔ بلکہ "محدث" لکھا ہے جس کو خود مرزا نے آج سے قبل براہین احمدیہ، صفحہ 505 وتحفہ بغداد، صفحہ 21، وازالہ واہام، صفحہ 1306 میں نقل کیا ہے۔ اور وہاں صاف لفظ "محدث" ہے۔

4......آریہ دہرم، صفحہ 55: وہ شخص بدذات اور حرامزادہ ہے جو متقدمین اور راستبازوں پر بے ثبوت تہمت لگاتا ہے۔

مثلاً صفحہ 60۔ مثلہٗ قریب منہٗ۔

پیغام صلح، صفحہ 21,22,30,31,32 وبراہین احمدیہ وضمیمہ، صفحہ 18 چشمہ معرفت مرزا نے خود راستبازوں پر بے ثبوت تہمتیں لگائیں۔ حضرت مریم پر۔

کشتی نوح، صفحہ 16: اور مریم کی وہ شان ہے جس نے ایک مدت تک اپنے تئیں نکاح سے روکا، پھر بزرگان قوم کے اصرار سے بوجہ حمل کے نکاح کرلیا۔ یہ سب مجبوریاں تھیں جو پیش آگئیں۔

Maktaba Tul Ishaat.com

زندہ نبی صفحہ 31,311: ایک اور خطرناک معاملہ ہے جس کا جواب عیسائیوں کے پاس ہرگز نہیں ہے۔ اور وہ یہ ہے کہ مریم کی ماں نے عہد کیا تھا کہ وہ بیت المقدس کی خدمت کریگی۔ اور تارکہ رہیگی، نکاح نہ کریگی۔ اور خود مریم نے بھی یہ عہد کیا تھا کہ میں ہیکل کی خدمت کرونگی۔ باوجود اس عہد کے پھر وہ کیا بلا اور آفت پڑی، کہ یہ عہد توڑا گیا۔ اور نکاح کیا گیا۔

دوم:...... جبکہ عیسائیوں کے نزدیک کثرت ازدواج زنا کاری ہے، تو وہ اس کا کیا جواب دیتے ہیں۔

سوم:...... جب کہ حمل ہو چکا تھا، تو پھر حمل میں نکاح کیوں کیا گیا۔ اصل بات یہ معلوم ہوتی ہے کہ مریم کو ہیکل میں پیٹ ہو گیا تھا۔ چار پانچ مہینے کے بعد جب پیٹ بڑھا اور پردہ نہ رہ سکا تو پھر رہا نہ گیا تو ہیکل کے بزرگوں کو بخوبی معلوم ہو گیا کہ مریم حاملہ ہے، اور انہیں فکر پیدا ہوئی اور جیسا کہ دیکھا جاتا ہے کہ اگر کسی شریف خاندان کی لڑکی حاملہ ہو جائے تو جھٹ پٹ اس کا نکاح کر دیتے ہیں، تا کہ ناک نہ کٹ جائے۔

حضرت مسیح پر بے ثبوت تہمت لگائی۔

کشتی نوح، صفحہ 65، حاشیہ: عیسیٰ شراب پیا کرتے تھے۔ شاید کسی بیماری کی وجہ سے یا پرانی عادت کی وجہ سے۔ ضمیمہ، صفحہ 7,8 انجام آتھم۔

دافع البلاء صفحہ 4 حاشیہ: یحییٰ بھائی کو اس پر ایک فضیلت ہے کیونکہ وہ شراب نہیں پیتا تھا (شراب ام الخبائث ہے۔ ملفوظات احمدیہ 1/344) اور کبھی نہیں سنا گیا کہ کسی فاحشہ عورت نے آکر اپنی کمائی کے مال سے اس کے سر پر ملا ہو۔ یا ہاتھوں اور اپنے سر کے بالوں سے اس کے بدن کو چھوا ہو۔ یا کوئی بے تعلق جوان عورت اس کی خدمت کرتی تھی اس

Maktaba Tul Ishaat.com

وجہ سے خدا نے قرآن میں یحییٰ کا نام حصور رکھدیا۔ مگر مسیح کا نام نہ رکھا کیونکہ ایسے قصے اس کے نام رکھنے سے مانع تھے۔

مرزا نے خود اقرار کیا ہے کہ میں نے حضرت حسینؓ اور حضرت مسیح کے حق میں زبان درازی کی۔

دیکھو اعجاز احمدی، صفحہ 38: میں نے اس قصیدہ میں جو امام حسینؓ کی نسبت لکھا ہے یا عیسیٰ کی نسبت بیان کیا ہے یہ انسانی کاروائی نہیں۔ خبیث ہے وہ شخص جو اپنے نفس سے کاملوں اور راستبازوں پر زبان درازی کرتا ہے۔ حضرت داود پر تہمت لگائی۔

ست بچن، صفحہ 168: اور ایک نانی یسوع صاحب کی جو ایک رشتہ سے دادی بھی تھی بنت مسبع کے نام سے موسوم ہے۔ یہ وہی پاکدامن تھے جس نے داود کے ساتھ زنا کیا تھا۔

دیکھو اصمویل 11-2 یہ حوالہ بھی غلط ہے۔

صمویل 2 باب 11 آیت 2 میں یہ واقع نہیں، بلکہ آیت 5.4 میں ہے۔

حضرت ابراہیم و موسیٰ والیسع و عیسیٰ پر مسمریزم کی تہمت لگائی خود مسمریزم کو بری چیز بھی سمجھتا ہے۔

ازالہ وہام، صفحہ 1015، لاہوری: اور اب یہ بات قطعی اور یقینی طور پر ثابت ہو چکی ہے کہ حضرت مسیح ابن مریم باذن وحکم الٰہی الیسع نبی کی طرح اس عمل اترب میں کمال رکھتے تھے اگر یہ عاجز اس عمل کو مکروہ اور قابل نفرت نہ سمجھتا۔ تو خداوند تعالیٰ کے فضل و توفیق سے امید قوی رکھتا تھا کہ ان اعجوبہ نمایوں میں حضرت ابن مریم سے کم نہ رہتا۔

ازالہ، صفحہ 1207،1208، لاہوری: پھر وہ ایک اور وہم پیش کرتے کہ قرآن کریم سے ثابت ہوتا ہے کہ بعض مردے زندہ ہو گئے، جیسے وہ مردہ جس کا خون بنی اسرائیل

Maktaba Tul Ishaat.com

نے چھپا دیا تھا جس کا ذکر اس آیت میں ہے۔ "وَاِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا فَادّٰرَءْتُمْ فِيْهَا. وَاللّٰهُ مُخْرِجٌ مَّا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ" (سورۃ البقرۃ ایت نمبر:72)

اس کا جواب یہ ہے کہ یہ طریق علم عمل اترب یعنی مسمیز یزم کا ایک شبہ تھا جس کے بعض خواص میں سے یہ بھی ہے کہ جمادات یا مردہ حیوانات میں ایک حرکت مشابہ بحرکت حیوانات پیدا ہو کر اس سے بعض مشتبہ اور مجہول امور کا پتہ لگ سکتا ہے اس میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کے معجزہ کو بے........... کیا جا رہا ہے۔

ازالہ، صفحہ 1200: اور یاد رکھنا چاہیے کہ جو قرآن کریم میں چار پرندوں کا ذکر لکھا ہے کہ ان کو اجزاء متفرقہ یعنی جدا جدا کر کے چار پہاڑوں پر چھوڑا گیا تھا، اور پھر وہ بلانے سے آگئے تھے۔ یہ بھی عمل اترب کی طرف اشارہ ہے۔ یہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے معجزہ کو بے حقیقت ثابت کرنے کی کوشش ہے۔ اور آنحضرت ﷺ پر یہ تہمت لگائی کہ آپ مدۃ العمر غلطی میں مبتلا رہے۔

ازالہ اوہام، صفحہ 1181، لاہوری: جب آنحضرت ﷺ کی بیبیوں نے آپ کے روبرو ہاتھ ماپنے شروع کر دیئے تھے تو آپ کو اس غلطی پر متنبہ نہیں کیا گیا یہاں تک کہ آپ فوت ہو گئے۔

مثلہ، صفحہ 1201 ازالہ۔

نیز آنحضرت ﷺ پر یہ تہمت لگائی کہ آپ کی پہلی وحی ہی شیطانی تھی۔

اگر کوئی جواب دے کہ مرزا کی ان باتوں کی بنیاد...... مقدس پر ہے، تو ہم کہتے ہیں کہ مرزا کے نزدیک اناجیل کا ایک ذرہ بھر بھی اعتبار نہیں۔ یہی تو دلیل ہے کہ یہ سب باتیں بے ثبوت تہمتیں ہیں۔

دیکھو اتریاق القلوب، صفحہ 8: یہ چاریں انجیل جو یونان سے ترجمہ ہو کر اس ملک

Maktaba Tul Ishaat.com

میں پھیلائی جاتی ہیں ایک ذرہ قابل اعتبار نہیں۔

نتیجہ:......

یہ ہوا کہ مرزا نے کیونکہ مقدسین پر بے ثبوت اتہامات لگائے ہیں۔اس لیے وہ آریہ دہرم صفحہ 55,66 کے تمام القابات کا مستحق ٹھہرا۔

5......ملفوظات احمدیہ، حصہ دوم، صفحہ 85:اس طرح انسانوں کو چاہیے کہ جب کوئی شریر گالی دے تو مومن کو لازم ہے کہ اعراض کرے۔نہیں تو وہی کت پن کی مثال صادق آئیگی۔مرزا کی گالیوں کی فہرست اس قدر مشہور ہے کہ محتاج بیان نہیں۔لہٰذا اگرچہ بالفرض مرزا نے جواباً ہی گالیاں دی ہوں، تو بھی اس پر کت پن کی مثال صادق آئیگی۔

6......اخفاء کرنا......کا کام ہے۔

الاستفتاء، صفحہ 36 ملحقہ حقیقۃ الوحی الا اخفاء معصیۃ عندی ومن سیر اللئام: مرزا کا خود اعتراف ہے کہ میں نے اخفاء کیا جس میں قسم سے تاکید ہے۔

التبلیغ صفحہ 438 لاہوری ملحقہ آئینہ کمالات اسلام: واللّٰہ قد کنت اعلم من ایام مدیدۃ انی جعلت المسیح ابن مریم وانی نازل منزلتہ ولکنی اخفیتہ وتوقفت فی الاظہار عشر سنین.

جواب

اگر کوئی اس میں تاویل کرے تو اس کی گنجائش نہیں۔کیونکہ حمامۃ البشریٰ، صفحہ 14 حاشیہ: میں مرزا نے لکھا ہے کہ جملہ قسمیہ میں تاویل اور استثنا نہیں ہو سکتا۔

دیکھو!

حمامۃ البشریٰ صفحہ 14 حاشیہ: والقسم یدل علی ان الخبر محمول علی

Maktaba Tul Ishaat.com

الظاھر لا تاویل فیہ ولا استثناء ......

فائدہ:......"کانت فی ذکر القسم"

7......براہین حصہ پنجم کا ضمیمہ، صفحہ 127: ایسا آدمی جو ہر روز خدا پر جھوٹ بولتا ہے۔ اور آپ ہی ایک بات تراشتا ہے۔ اور پھر کہتا ہے کہ یہ خدا کی وحی ہے، جو مجھ کو ہوئی ہے ایسا بدذات انسان تو کتوں اور سوروں اور بندروں سے بدتر ہوتا ہے۔

مرزا خود اس دفعہ کا مجرم ہے اس نے دعویٰ کیا تھا کہ محمدی بیگم کا نکاح مجھ سے ہوگا۔ اور اس الہام کو مؤکد بالقسم ذکر کیا۔

دیکھو! آسمانی فیصلہ، صفحہ 40: "وَيَسْتَنْبِئُونَكَ أَحَقٌّ هُوَ. قُلْ إِي وَرَبِّي إِنَّهُ لَحَقٌّ. وَمَا أَنْتُمْ بِمُعْجِزِينَ" (سورۃ یونس آیت نمبر: 53) زوجناک لا مبدل لکلماتی.

اس طرح براہین احمدیہ کے متعلق یہ لکھتا ہے کہ میں نے ملہم اور مامور ہو کر اس کتاب کو لکھا۔

دیکھو! سرمہ چشم آریہ، صفحہ 3، لاہوری۔

اور اسی براہین احمدیہ میں حیات مسیح علیہ السلام کو دو جگہ آیات قرآنی سے ثابت کیا ہے۔

براہین، صفحہ 258، 264: جس مسئلہ کو مرزائی کہا کرتے ہیں کہ یہ غلط ہے جس کو مرزا نے ملہم مامور ہو کر لکھا۔

براہین احمدیہ میں لکھا مرزا کے باقی الہامات کو بھی اس قبیلہ سے سمجھتے ہیں، لہٰذا مرزا بقول خود بدذات کتوں اور سوروں اور بندروں سے بدتر ہوا۔

8......مرزا کہتا ہے کہ قرآن مجید کی آیت کو توڑ مروڑ کر اپنا مطلب برآری کرنے والا یا جھوٹ بولنے والا سور بندر اور شریر گدھا ہے۔

نشان آسمانی، صفحہ 2: اگر چہ بے باک اور کذاب ہو جائیں اور خدا کے سامنے

Maktaba Tul Ishaat.com

افتراؤں سے نہ ڈریں، تو ہزار درجہ ہم سے کتے اور سور اور بندر اچھے ہیں۔

چشمہ معرفت، صفحہ 195: یونہی کسی آیت کا پیر سر کا ٹکرا اور اپنے مذاہب کے موافق بنا کر پیش کر دینا۔ یہ ان لوگوں کا کام ہے جو سخت شریر اور بدمعاش اور گنڈے کہلاتے ہیں۔

مرزا نے یہ سب کچھ کیا۔ جھوٹ بولا جیسا کہ ہم ماقبل صفحات میں بیان کر آئے ہیں۔ اور آیات میں بھی اپنا مطلب نکالنے کے لیے توڑ مروڑ کی۔

دیکھو!

کہ مرزائیوں کے نزدیک حیات مسیح بالکل غلط ہے۔

لیکن مرزا نے اس کو براہین احمدیہ، صفحہ 458،464 میں آیت قرآنیہ سے ثابت کیا۔

نیز مرزا نے اپنی تصانیف میں قرآنی آیات اور احادیث سے ختم نبوت کو ثابت کیا جس کے متعلق مرزا کا بیٹا بشیر محمود حقیقۃ النبوۃ میں لکھتا ہے کہ میرے ابا نے یہ غلطی کی۔ اور ان تمام عبارتوں کو جو مرزا قادیانی نے ختم نبوت کے لیے لکھی ہیں۔ اور 1901ء سے پہلے کی ہیں منسوخ سمجھو۔

حقیقۃ النبوۃ، صفحہ 121،123 سے معلوم ہوا کہ نبوت کا مسئلہ آپ (مرزا) پر 1900ء یا 1901ء میں کھلا ہے۔ اور چونکہ ایک غلطی کا ازالہ 1901ء میں شائع ہوا۔ جس میں آپ نے اپنی نبوت کا اعلان بڑے زور سے کیا ہے۔

اس سے ثابت ہوتا ہے کہ 1901ء میں آپ نے اپنے عقیدہ میں تبدیلی کی ہے۔ یہ بات ثابت ہے کہ 1901ء سے پہلے کے وہ حوالے جن میں آپ نے نبی ہونے سے انکار کیا ہے۔ منسوخ ہیں اور ان سے حجت پکڑنی غلط ہے۔

نیز مرزا نے کشتی نوح، صفحہ 45،46: میں توڑ مروڑ کر اپنا مطلب نکالا۔ اور اسی

Maktaba Tul Ishaat.com

واقعہ کو سورۃ تحریم میں بطور پیشگوئی کمال تصریح سے بیان کیا گیا ہے کہ عیسیٰ بن مریم اس امت میں اس طرح پیدا ہوگا کہ پہلے کوئی فرد اس امت کا مریم بنایا جائیگا، اور پھر بعد اس کے اس مریم میں عیسیٰ کی روح پھونک دی جائیگی۔ پس وہ مریمیت کے رحم میں ایک مدت تک پرورش پا کر عیسیٰ کی روحانیت میں تولد پائے گا، اور وہ عیسیٰ بن مریم کہلائیگا۔ کس قدر قرآن مجید میں تحریف...... رہی ہے۔

سورۃ تحریم میں اس مضمون کا ذکر ہی نہیں۔ وہ تو گذشتہ مریم اور ابن مریم کا ذکر ہے۔ اس امت کا اس میں نام ونشان نہیں اور بھی قرآن مجید کی غلط تفسیریں کر کے اپنی مطلب برآری مرزا نے کی ہے۔

مثلاً تحفہ گولڑویہ، صفحہ 33 جدید: ''كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّةٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ''

(سورۃ ال عمران آیت نمبر:110)

قرآن شریف میں ''الناس'' کا لفظ بمعنی دجال معبود بھی آتا ہے۔ اور جس جگہ ان معنوں کو قرینۂ قویہ متعین کریں تو پھر اور معنی کرنا معصیت ہے چنانچہ قرآن شریف کے ایک اور مقام میں الناس کا معنی دجال ہی لکھا ہے اور وہ یہ ہے۔

''لَخَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَكْبَرُ مِنْ خَلْقِ النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ''

(سورۃ حم مومن آیت نمبر:57)

دراصل لفظ رجال ہوگا جس کو خوش فہم نے دجال خیال کرلیا۔

نسیم دعوت صفحہ 43,57,85 میں ''رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ'' (سورۃ الفاتحۃ آیت نمبر:1 تا 3) کی تفسیر آکاش سورج قمر زمین کیا ہے۔ ''ظَهَرَ الْفَسَادُ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ'' (سورۃ الروم آیت نمبر:41) کی تفسیر پیغام صلح، صفحہ 34 و زندجانی صفحہ 13 میں دو تفسیریں کیں جو آپس میں متضاد ہیں اور ان میں دونوں

Maktaba Tul Ishaat.com

تحریف قرآن کی مثال ہیں۔اور بھی بہت سی ایسی مثالیں موجود ہیں۔

9......کسی کے بزرگ پیشوا کے حق میں ہتک آمیز الفاظ استعمال کرنا، پرلے درجہ کا شریر النفس بنتا ہے۔

جیسا کہ براہین احمدیہ صفحہ 53,54 لاہوری: میں ہے اور اس میں کوئی ایسا لفظ نہیں کہ جس میں کسی بزرگ یا پیشوا کسی فرقہ کی کسر شان لازم آئی، اور خود ہم ایسے الفاظ کو صراحتاً یا کنایتاً اختیار کرنا۔خبط عظیم سمجھتے ہیں۔اور مرتکب ایسے امر کو پرلے درجہ کا شریر النفس خیال کرتے ہیں۔مرزا نے سب فرقوں کے بزرگوں کی شان میں ہتک آمیز الفاظ استعمال کئے ہیں جیسا کہ حضرت مریم علیہا السلام، حضرت ابراہیم علیہ السلام اور حضرت الیسع علیہ السلام اور حضرت موسیٰ علیہ السلام اور حضرت مسیح علیہ السلام اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں ہتک آمیز عبارات پیش ہو چکی ہیں۔

نیز مرزا نے صحابہ کرام (رضی اللہ عنہم) کی بھی توہین کی ہے۔

براہین احمدیہ حصہ پنجم کا ضمیمہ، صفحہ 120: بعض نادان صحابی جن کو وراثت سے کچھ حصہ نہ تھا وہ بھی اس عقیدہ سے بے خبر تھے، کہ کل انبیاء فوت ہو چکے ہیں۔

اعجاز احمدی، صفحہ 18: بعض ایک دو کم سمجھ صحابہ کو جن کی وراثت عمدہ نہیں تھی جیسا کہ ابو ہریرہ جو غبی تھا اور وراثت اچھی طرح نہیں رکھتا تھا۔

مثلاً حقیقۃ الوحی، صفحہ 33,34۔

10......مجھے قسم ہے اللہ تعالیٰ کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے اور جس پر جھوٹ بولنا ایک شیطان اور لعنتی کا کام ہے۔حقیقۃ الوحی، صفحہ 209: مرزا نے خدا پر جھوٹ بولا آسمانی فیصلہ، صفحہ 40۔

"وَيَسْتَنْبِئُونَكَ أَحَقٌّ هُوَ ۖ قُلْ إِي وَرَبِّي إِنَّهُ لَحَقٌّ ۖ وَمَا أَنتُم بِمُعْجِزِينَ" (سورۃ یونس آیت نمبر:53) زوجنا کھا لا مبدل لکلماتی۔

Maktaba Tul Ishaat.com

اگر یہ سچا الہام ہے تو پھر الہام جو مؤکد بالقسم ہے۔ پورا کیوں نہ ہوا۔ اور محمدی بیگم سے نکاح کیوں نہ ہوا، اس میں تاویل کی گنجائش نہیں تھا۔ بلدۃ کلیہ حمامۃ البشری، صفحہ 14 حاشیہ۔

اربعین نمبر ۲۰، صفحہ 20 ہم کسی کو گالی نہیں دیتے اور نہ کسی کو برا کہتے ہیں بلکہ انصاف کی رو سے تمہارے الفاظ واپس دیتے ہیں۔

Maktaba Tul Ishaat.com

مرزا قادیانی کی تبدیلی عقائد سب کی علت غائیہ انگریزی حکومت کی چاپلوسی (پولیٹیکل غرض) تھی

1......آمد مسیح کی انکار میں بھی انگریز کی پولیٹیکل غرض ملحوظ خاطر تھی۔

دیکھو!

کشف الغطاء، صفحہ 24 اگر چہ عیسائی عقیدوں کے لحاظ سے حضرت مسیح کا دوبارہ آنا۔ پولیٹیکل مصالح سے کوئی تعلق نہیں رکھتا، مگر جس طور سے حال کے اسلامی مولویوں نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا آسمان سے اترنا، اور مہدی کے ساتھ اتفاق کر کے جہادی لڑائی کرنا غلط طور پر اپنے اعتقاد میں داخل کر لیا ہے۔ یہ عقیدہ نہ صرف جھوٹ ہے، بلکہ خطرناک بھی ہے۔ اور جو کچھ حال میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے ہندوستان میں آنے اور کشمیر میں وفات پانے کا مجھے ثبوت ملا ہے، وہ ان خطرناک خیالات کو دانشمندوں کے دلوں سے بکلی مٹا دیتا ہے۔

2......اہل اسلام کو گالیاں دینے میں اور حرمت جہاد بھی یہی پولیٹیکل غرض کارفرما تھی۔ اشتہار گورنمنٹ کی توجہ کے لائق صفحہ ج ملحقہ شہادۃ القرآن بعض احمق اور نادان سوال کرتے ہیں کہ اس گورنمنٹ سے جہاد کرنا درست ہے یا نہیں۔ سو یاد رہے کہ یہ سوال ان کا نہایت حماقت کا سوال ہے کہ جس کے احسانات کا شکریہ کرنا عین فرض ہے اور واجب ہے اس سے جہاد کرنا کیسا ہے۔ میں سچ سچ کہتا ہوں کہ محسن کی بدخواہی کرنا ایک حرامی اور بدکار آدمی کا کام ہے۔

سنو میرا مذہب جس کو میں بار بار ظاہر کرتا ہوں یہی ہے کہ اسلام کے دو حصے ہیں۔

ایک یہ کہ خدا تعالیٰ کی اطاعت کریں۔

اور دوسرے اس سلطنت کی جس نے امن قائم کیا ہے سو وہ سلطنت حکومت بر

Maktaba Tul Ishaat.com

طانیہ ہے سو اگر ہم گورنمنٹ برطانیہ سے سرکشی کریں تو گویا اسلام اور خدا اور رسول سے سرکشی کرتے ہیں۔

3......علماء اسلام کو گالیاں دینا گورنمنٹ کی پالیسی پر مبنی تھا۔

ازالہ اوہام، صفحہ 723,724 حاشیہ: جب ہم صفحہ 1857ء کی سوانح کو دیکھتے ہیں ۔اور اس زمانہ کے مولویوں کے فتووں پر نظر ڈالتے ہیں جنہوں نے عام طور پر مہریں لگادی تھیں ۔جو انگریزوں کو قتل کردینا چاہیے، تو ہم بحر ندامت میں ڈوب جاتے ہیں کہ کیسے مولوی تھے، کیسے ان کے فتوی تھے ۔جن میں نہ رحم تھا، نہ عقل تھی، نہ اخلاق، نہ انصاف۔ ان لوگوں نے چوروں اور قزاقوں اور حرامیوں کی طرح اپنی محسن گورنمنٹ پر حملہ کرنا شروع کیا اور اس کا نام جہاد رکھا۔

4......اپنی پیشگوئیوں کے اظہار و اخفا میں بھی انگریز کے ایماء پر کام کرتا تھا۔

اربعین، صفحہ 1 حاشیہ: پس ہر ایک پیشگوئی سے اجتناب رہیگا، جو امن عامہ اور اغراض گورنمنٹ کے خلاف ہو۔

5......حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی توہین میں بھی انگریز کی پالیسی ہی مطمح نظر تھی۔ حضور گورنمنٹ عالیہ میں ایک عاجزانہ وضع است، صفحہ ب، ج ملحقہ تریاق القلوب اب میں اپنی محسنہ گورنمنٹ کی خدمت میں جرأت سے کہہ سکتا ہوں کہ یہ وہ ......سالہ میری خدمت ہے جس کی نظیر برٹش انڈیا میں ایک بھی اسلامی خاندان پیش نہیں کرسکتا۔

ہاں میں اس بات کا اقرار کرتا ہوں کہ میں نیک نیتی سے دوسرے مذاہب کے لوگوں سے مباحثات بھی کیا کرتا ہوں۔

اور ایسا ہی پادریوں کے مقابل پر بھی مباحثات کی کتابیں شائع کرتا رہا ہوں۔

اور میں اس بات کا بھی اقرار کرتا ہوں۔ کہ جب کہ بعض پادریوں اور عیسائی

Maktaba Tul Ishaat.com

مشنریوں کی تحریر نہایت سخت ہوگئی، اور حد اعتدال سے بڑھ گئی، تو مجھے ایسی کتابوں اور اخباروں کے پڑھنے سے یہ اندیشہ دل میں پیدا ہوا، کہ بہادر مسلمانوں کے دلوں پر جو ایک جوش رکھنے والی قوم ہے۔ان کلمات کا کوئی سخت اشتعال دینے والا اثر ہوا ہو۔تب میں نے ان جوشوں کو ٹھنڈا کرنے کے لیے اپنی صحیح اور پاک نیت سے یہی مناسب سمجھا کہ اس عام کالے جوش کے دبانے کے لیے حکمت عملی یہی ہے کہ ان تحریرات کا کسی قدر سختی سے جواب دیا جائے۔تا کہ سریع الغضب انسانوں کے جوش فرو ہو جائیں۔اور ملک میں کوئی بے امنی پیدا نہ ہو۔

سو مجھے پادریوں کے مقابل میں جو کچھ وقوع میں آیا ہے یہی ہے حکمت عملی سے بعض وحشی مسلمانون کو خوش کیا گیا اور میں دعوی سے کہتا ہوں کہ میں تمام مسلمانوں سے اول درجہ کا خیر خواہ گورنمنٹ انگریزی کا ہوں کیونکہ مجھے تین باتوں نے خیر خواہی میں اول درجہ پر بنا دیا ہے۔3......خدا تعالیٰ کے الہام نے۔

6......جہاد حرام کرنے میں بھی یہی سیاسی غرض مخفی تھی۔

اشہار المنار، صفحہ 2 ملحقہ خطبہ الہامیہ اس جگہ بار ہا بے اختیار دل میں یہ بھی خیال گزرتا ہے کہ جس گورنمنٹ کی اطاعت اور خدمت گزاری کی نیت سے ہم نے کئی کتابیں مخالفت جہاد اور گورنمنٹ کی اطاعت میں لکھ کر دنیا میں شائع کیں، اور کافر وغیرہ اپنے نام رکھوائے اس گورنمنٹ کو اب تک معلوم نہیں کہ ہم دن رات کیا خدمت کر رہے ہیں۔

7......مرزا کو اگر جہاد کی اجازت ہوتی تو پہلے مسلمانوں کے لیے صفایا کرتا۔

اخبار الحکم، ع 12 جلد ع 12، 14 فروری 1908، صفحہ 7 کالم نمبر: 1 عنوان ملفوظات احمد یہ از بدر: اول خویشاں بعد درویشاں کے مطابق ہمارا فرض ہے کہ پہلے اپنی قوم کی اصلاح کریں، جب مسلمانوں میں ہی ہزاروں گند ہوں، تو دوسروں کو کیا کہا جا سکتا ہے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

جہاد جہاد پکارتے ہیں۔

میں کہتا ہوں اگر ہمیں جہاد کرنے کا حکم ہوتا تو سب سے پہلے انہی سے جہاد کیا جانا چاہیے تھا۔ یہ عادت اللہ ہے کہ جس قوم کے اندر کتاب اللہ ہو، پہلے اسے درست کیا جاتا ہے۔ پھر دوسری قوموں کی طرف توجہ ہوتی ہے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

مرزا کے الہامات میں اغلاط ہیں

1......ضرورۃ الہام، صفحہ 125×18 پہلا حصہ: "سچا الہام اپنے ساتھ۔ ایک لذت اور سرور کی خاصیت رکھتا ہے، اور اسکی عبارت فصیح اور غلطی سے پاک ہوتی ہے"۔

2......مرزا کو اپنی فصاحت کے متعلق الہام ہوا ہے۔

"کلام الصحت من لدن رب کریم" حقیقۃ الوحی، صفحہ 262 (پہلا الہام ہی غلط ہے)۔

3......ضرورۃ الامام صفحہ 28: "ایک آدمی کے الہامات کے متعلق لکھتا ہے۔ مگر میں کیا کہوں، اور کیا لکھوں۔ معافی مانگ کر کہتا ہوں کہ جس وقت میں نے آپ کے الہامات لکھے ہوئے سنے تھے تو ان میں بعض جگہ صرفی اور نحوی غلطیاں تھیں"۔

4......نزول مسیح صفحہ 56: "اعجاز نمائی کو انشاء پردازی کے وقت بھی اپنی نسبت دیکھتا ہوں کیونکہ جب میں عربی یا اردو میں کوئی عبارت لکھتا ہوں تو محسوس کرتا ہوں کہ کوئی اندر سے مجھے تعلیم دے رہا ہے"۔

5......حقیقۃ الوحی، صفحہ 139,140، البشریٰ صفحہ 3/1 تا 5: "رحمانی الہام اور وحی کے لیے اول شرط یہ ہے کہ انسان محض خدا کا ہو، اور شیطان کا کوئی حصہ اس میں نہ رہ جائے۔ شیطان گونگا ہے اپنی زبان میں فصاحت نہیں رکھتا۔ اور روانگی۔ اور گونگے کی طرح وہ فصیح اور کثیر المقدار باتوں پر قادر نہیں ہو سکتا۔ صرف ایک بدبودار پیرایہ میں، فقرہ در فقرہ دل میں ڈال دیتا ہے، اور نہ وہ بہت دیر تک چل سکتا ہے گویا جلدی تھک جاتا ہے، شیطان سے الہام پانے والے یہ قوت نہیں رکھتے، وہ بزدل ہوتے ہیں، کیونکہ شیطان بزدل ہے۔

یہ سوال آیا کہ شیطانی خواب یا الہام میں کوئی غیبی خبر ہو سکتی ہے یا نہیں۔؟

Maktaba Tul Ishaat.com

اس کا جواب یہ ہے کہ شیطانی خواب یا الہام میں جیسا کہ قرآن شریف سے ظاہر ہوتا ہے کہ کبھی خبر غیب تو ہو سکتی ہے مگر وہ تین علامتیں اپنے ساتھ رکھتی ہے۔

اول: یہ کہ وہ غیب کوئی اقتداری غیب نہیں ہوتا۔ جیسا کہ خدا تعالیٰ کے کلام میں اس قسم کے غیب ہوتے ہیں کہ فلاں شخص جو شرارت سے باز نہیں آتا ہم اس کو ہلاک کر دیں گے اور فلاں شخص جس نے صدق دکھایا، ہم اس کو ایسی ایسی عزت دیں گے اور ہم اپنے نبی کی تائید کے لیے فلاں فلاں نشان دکھائیں گے۔

مندرجہ بالا معیار پر مرزا کے الہامات

(دوسرا حصہ)

ہم دیکھتے ہیں۔

1......حقیقۃ الوحی، صفحہ 224,365,262، والبشری صفحہ 56/2:

"کلاماً افصحت من لدن رب کریم".

2......سراج منیر، صفحہ 81، وبراہین احمدیہ، صفحہ 447، البشری صفحہ 46/2:

"السماء والارض معک کماھو معی".

3......الحکم ع 33 جلد ع 10 صفحہ 1:

"قال ربک انه نازل من السماء مایرضیک"

اس کا معنی خود مرزا کرتا ہے:

"تیرے رب نے فرمایا ہے کہ وہ تیرے لیے آسمان سے وہ چیز اتارنے والا ہے جو تجھے خوش کرے گی"۔

4......البشری، صفحہ 23:

Maktaba Tul Ishaat.com

"فَبِمَا رَحْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ لِنْتَ لهم".

5......البشریٰ، صفحہ 22/1:

"یامریم اسکن انت وزوجک الجنة"

6......البشریٰ، صفحہ 28/1:

"عسی ربکم ان یرحم علیکم وان عدتم عدنا ......(سیرحم اللّٰہ)

7......البشریٰ، صفحہ 31/1:

"تلطف بالناس وترحم علیھم انت فیھم بمنزلہ موسیٰ"

قال فی المنجد صفحہ 255: "ترحم علیھم قال رحمہ اللّٰہ"

8......البشریٰ صفحہ 32/1:

"ویحبون ان تدھنون قل یاایھاالکفرون"

9......البشریٰ صفحہ 38/1:

"جمال ھوالذی انشاکم فی کل حال انشاکم" کا معنی مرزانے کیا(تعقیہ کیا ہے)۔

10......البشریٰ، صفحہ 44:

"قوت الرحمان لعبد اللّٰہ احمد"

11......البشریٰ، صفحہ 47:

"والسماء والطارق جواب قسم ندارد"

12......البشریٰ، صفحہ 49/1:

"کذب علیکم الخبیث کذب علیکم الخنزیر"

اللہ تعالیٰ آنحضرت ﷺ سے تو خطاب بصیغہ مفرد کرے، لیکن مرزا کو تعظیم بصیغہ

Maktaba Tul Ishaat.com

جع۔

(والمنجد :تکذب علیه زعم انه کاذب)

13......البشریٰ صفحہ 55/1،مکتوبات احمدیہ صفحہ 63:

"وان تمسسک بضر فلا کاشف لہ الاھوان یردک بخیر فلاراد لفضلہ"

14......البشریٰ، صفحہ 56/1:

"الذین امنو عملوا الصحلت مستثنیٰ منه ندارد"

15......البشریٰ صفحہ 56/1،23/2:

تہد ستان قسم را......مبتدا خبر کا پتہ نہیں۔

16......البشریٰ، صفحہ 2/2:

"اللّٰھم صل علی محمد وعلی محمد بلا اعادہ جار"

17......البشریٰ 7/2:

"نازل من السماء"۔

18......البشریٰ صفحہ 9/2:

"یاتی علیک زمان مختلف بازواج مختلف"۔

19......البشریٰ، صفحہ 19/3:

"رفع منہ یزید ٗن قادیان مونث ہے منھا چاہیے"۔

(المنجد: اخرجه الشی ابرزہ)

20......البشریٰ، صفحہ 26/2:

"بندلنک من بعد خوفک امنا"......نون ثقیلہ کا موقعہ کیا ہے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

21......البشریٰ، صفحہ 28/2، آئینہ کمالات اسلام، صفحہ 355:

"امرک یتطا" تیرا ظاہر ہوگا۔

(المنجد: تاتی الامر تهیأو تساهلا)

22......البشریٰ، صفحہ، 53/2:

"برّق طفلی البشیر"

ترجمہ: میرے لڑکے بشیر کی آنکھیں اچھی ہوگئیں۔

(المنجد: برّقه زینیه برّق عینیه وبعینه وسعهاواحد النظر)

23......البشریٰ، صفحہ، 55/2:

"سیدی الامر وننسفنّ نسفا"......تقلیہ کا کیا مقام ہے۔

24......البشریٰ، صفحہ، 65/2:

"یریدون ان یروا طمثک"

25......البشریٰ، صفحہ، 69/2:

"هذا علاج الوقت والنرسی"

26......البشریٰ، صفحہ، 69/2:

"رشن الخبر" ناخواندہ مہمان کی خبر.

"المنجدرشن رشناّ لطفل الرشن"

"والرشن فرضته ای الثلمته التی ینحدرمنه الماء"

27......البشریٰ، صفحہ، 71/2:

"انت لهی وانی معک انی بایعتک بایعنی الی"

میرے رب تو میری بیعت قبول کر

Maktaba Tul Ishaat.com

(بالید عقد معه البیع وعاهده المنجد)

28......البشریٰ، صفحہ 72/2:

"انی احافظ کل من فی الدار الاالذ ین علواً باستکبار۔

البشریٰ، صفحہ 73/2: "الا الذین علواً من استکبار"۔

29......البشریٰ، صفحہ 75/2:

"خسف القمر والشمس فی رمضان فبایّ آلای ربکما تکذبان"

(صحیح ترکیب شمس وقمر بتقدیم شمس ہوتی ہے۔)

30......البشریٰ، صفحہ 78/2:

"افائین آیات"

31......البشریٰ، صفحہ 68/2:

"غاسق اللّٰہ"

ترجمہ: خدا کے نزدیک غاسق

32......البشریٰ، صفحہ 91/2:

"معنی دیگر نہ پسندیدم ما" اس کا معنی ہمیں دوسرے معنی پسند نہیں۔

یہی لفظ حقیقۃ الوحی، صفحہ 38: میں ہے وہاں ترجمہ کیا۔

33......البشریٰ، صفحہ 98/2:

"صلوۃ العرش الی الفرش"

ترجمہ: رحمت الٰہی جو تجھ پر ہے اس کی کیفیت یہ ہے کہ وہ عرش سے لیکر فرش تک ہے۔

34......البشریٰ، صفحہ 40/1، 102/2:

"لموت وان راض منک"

Maktaba Tul Ishaat.com

35......البشریٰ،صفحہ......:

"زوجة اسماعیل فاخفاها حتی یخرج "اس کی ترکیب کیا ہے اور نیز" زوجة "کو پہلے مونث کہا پھر مذکر۔

36......البشریٰ،صفحہ،120/2:

"امانرینک بعض الذی نورهم نزید هم رقعة" (''اما'' کے بعد''او''نہیں آیا۔

37......البشریٰ،صفحہ،4/2ومکتوبات احمدیہ،صفحہ......:

''ہی پلٹس ان ڈی ضلع پشاور انگریزی''

38......البشریٰ،صفحہ،3/2 مکتوبات احمدیہ،صفحہ40/1:

''اصلها ثابت وفرعها السماء'' آسمانی فیصلہ،صفحہ......

39......اخبار الحکم ع11،جلد10،صفحہ1:

''رب اخروقت ہذا زلزلہ کی طرف اشارہ مذکر ہذا''

40......سراج منیر،صفحہ11،حجۃ اللہ،صفحہ39:

''ستة سنة تو صحیح سته سنین''

41......قصیدہ اعجازیہ صفحہ 69،الاستفتاء،صفحہ54:

''فالآن مسکنکم خلاة عوراء ودشت لیس مناک الماء''

Maktaba Tul Ishaat.com

مرزا قادیانی کی اصلاحی خدمات

پنجاب میں جہاں مرزا مدعی اصلاح ہو کر غو...... ہوا، اس میں بہت سی غیر شرعی رسوم موجود تھیں، جن کو مرزا رد تو کیا کرتا، خود ان میں مبتلا نظر آتا ہے۔

دیکھو!

1...... پنجاب میں عام رواج تھا کہ لوگ اپنی لڑکیوں کا مہر بطور فخر بہت زیادہ مقرر کیا کرتے تھے مرزا نے اس میں کیا اصلاح کی ذیل میں درج ہے۔

سیرۃ المہدی، صفحہ 82/2:

''ہماری ہمشیرہ مبارکہ بیگم کا نکاح حضرت صاحب نے نواب محمد علی فانی صاحب کے ساتھ کیا، تو مہر چھپن ہزار (56000) روپیہ مقرر کیا''۔

''ہماری چھوٹی ہمشیرہ امۃ الحفیظ بیگم کا نکاح محمد عبداللہ خان صاحب پندرہ ہزار (15000) روپیہ مقرر کیا گیا''۔

2...... عام مذہبی پیشوا مذہبی رنگ میں اپنے رنگ...... منانے کے لیے نامحرم عورتوں سے میل جول رکھتے تھے۔ مرزا نے بھی یہی وتیرہ اختیار کیا نامحرموں سے شہتوت وغیرہ کھائے ان کو باغ میں لے گیا۔

دیکھو!

سیرۃ المہدی، صفحہ 117/2:

''آج صبح حضرت مسیح موعود حضرت ام المومنین کے ساتھ سیر کے لیے اپنے باغ کو تشریف لے گئے، تمہاری بیوی بھی ساتھ چلی گئی۔ اور میری بیوی اور بعض مستورات بھی ساتھ تھیں۔ باغ میں جا کر حضرت مسیح موعود نے کچھ شہتوت منگوائے، جس پر بعض عورتیں

Maktaba Tul Ishaat.com

حضرت کے لیے شہتوت لانے کے واسطے گئیں، اور تمہاری بیوی بھی گئی۔ مگر اور عورتیں تو یونہی درخت پر سے شہتوت جھاڑ کر لے آئیں مگر تمہاری بیوی باغ کے ایک طرف جا کر اور، صفحہ 18 خود شہتوت کے درخت پر چڑھ کر اچھے اچھے شہتوت اپنے ہاتھ سے توڑ کر لائی ......الخ (اس کے بعد اس عورت کو بچہ کی خوشخبری دی)۔

دیکھو!

صفحہ 160 اور صفحہ 70 پر بھی ثبوت ملاحظہ ہو۔

3......پنجابی بدمعاش و دیگر شراب کے عادی تھی، اس میں مرزا نے کیا اصلاح کی۔

اس کا جواب سید عطاء اللہ شاہ صاحب بخاری (رحمہ اللہ) کے مقدمہ میں جو ''سیشن جج جی۔ڈی کھوسلہ'' کا فیصلہ لکھا ہوا ہے، اس کو ملاحظہ کیا جاوے۔

''مقدمہ بخاری صفحہ 13 معلوم ہوتا ہے کہ مرزا ایک ٹانک استعمال کیا کرتا ہے جس کا نام پلومر کی شراب تھا۔ اور ایک موقعہ پر اس نے اپنے ایک دوست کو لکھا کہ وہ پلومر کی شراب خرید کر اسے بھیجدے''۔

''دوسرے چند ایک خطوط میں یاقوتی کا ذکر ہے۔ موجودہ مرزا نے خود اعتراف کیا ہے کہ اس کے باپ نے پلومر کی شراب ایک دفعہ بطور دوائی استعمال کی تھی''۔

4......مسئلہ وراثت میں عام لوگ علماء و صوفی وغیرہ بھی غیر شرعی رواج کے پابند تھے۔ مرزا نے بھی اس کی رواجی پیروی کی۔ اور قرآن مجید کی مقرر کردہ وراثت پر عمل نہ کیا۔ جیسے کہ سیرۃ المہدی، صفحہ 137,22، حصہ اول میں بھی ایک متنبہ کا ذکر ہے۔

نقل بیان بشیر احمد مشمولہ، مثل عدالت دیوانی اجلاس مرزا عبدالرب صاحب سینیر سب جج گورداسپور نمبر مقدمہ ع 38 تاریخ مرجوعہ 31-6-2 تاریخ فیصلہ 33-11-14 تام موضع قادیان تحصیل بٹالہ مرزا اعظم بیگ ولد مرزا اکرم بیگ قوم مغل چوغطہ ساکنہ قادیان

Maktaba Tul Ishaat.com

مغلان بنام مرزا اکرم بیگ ولد مرزا افضل بیگ قوم مغل چوغطہ ساکنہ قادیان۔

(بیان بشیر احمد پسر غلام احمد) مرزا غلام حسین ہمارے رشتہ داروں میں سے تھے،

وہ مفقود الخبر 1870ء اور 1880ء کے درمیان ہو گئے، ان کی رہائش کا پتہ نہ رہا، اس کی

جائیداد ان کی بیوہ مسماۃ امام بی بی کے نام چڑھی، امام بی بی کے بھائیوں نے چاہا کہ وہ

جائیداد ان کے پسروں کے نام منتقل ہو ئے۔ یہ واقعہ صفحہ 230 آئینہ کمالات اسلام جو

1893ء ☆

(نیز قادیان کی واجب الارض میں مرزا کا رواج کی پابندی کا بیان موجود

ہے)

☆ میں چھپی ہے اس کے مصنف میرے والد بزرگوار ہیں۔ یہ واقعہ اس وقت کا ہے جب کہ ہمارے خاندان شریعت کا پابند حقوق وراثت میں نہیں تھا۔ اور ھبہ کی جوازیت میرے والد صاحب کی رضامندی پر پابندتھی، کیونکہ شریعت کے مطابق نہیں ہے۔ مکرر حرج واقعہ یوں ہے کہ مرزا سلطان احمد کو میرے تایا نے متبنیٰ نہیں بنایا تھا۔ مگر تایا کی وفات کے بعد ہماری تائی صاحبہ نے والد صاحب کو کہا کہ جو ان کی جائیداد تایا کی ہے، اس کا انتقال سلطان احمد کے نام کرا دیں کیونکہ وارث مابعد ہو گا اس وقت میرے والد صاحب کے دولڑ کے تھے۔ مرزا فضل احمد اور مرزا سلطان احمد۔ مرزا فضل احمد جب فوت ہو گئے اور والد صاحب زندہ تھے مرزا سلطان احمد کی والدہ پہلے مر چکی تھیں، ہمارے والد نے ہماری والدہ کو کہا کہ سلطان احمد نے پہلے سے 1/2 حصہ پالیا ہے۔ اب جائیداد اس کے بچوں کو ملے گی اس کے پیشتر کئی سال صفحہ 137118 میں ذکر سیرۃ المہدی میں کر دیا ہوا ہے۔ اور صفحہ 16/22 میں بھی ذکر متبنیٰ کا ہے اس کے لئے آئینہ کمالات اسلام، صفحہ 230 بھی دیکھ لینا چاہیے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

5...... پنجاب میں جھوٹی قسمیں کھانیکا عام رواج تھا مرزا نے بھی بہت سی جھوٹی قسمیں کھائیں۔

6...... پنجابی لوگ عدالتوں میں جا کر ایک ایک سوڈا واٹر کی بوتل پر جھوٹی گواہی اور غلط بیان کرایا کرتے۔ مرزا نے بھی عدالت مں جھوٹے بیانات دیئے تھے۔

7...... پنجابی عوام نماز کے پابند نہ تھے۔ مرزا بھی اس مرض میں خود مبتلا تھا کہ بلاوجہ نمازوں کو جمع کرتا اور پھر اس کو اپنا معجزہ بناتا۔

دیکھو!

اشتہار خدا کے فضل سے بڑا معجزہ ظاہر ہوا۔ صفحہ ج ملحقہ اعجاز عیسوی:

"بہت سے دن تفسیر لکھنے سے سخت معذوری رہی، ان نمازوں کو جو جمع ہو سکتی ہیں، جمع کرنا پڑا۔ اور اس سے آنحضرت ﷺ کی وہ پیشگوئی پوری ہوئی، جو در منثور اور فتح باری اور تفسیر ابن کثیر وغیرہ میں ہے۔

"تجمع له الصلوة" کوئی نظیر پیش کریں کہ کسی نے مسیح موعود کا دعویٰ کر کے دو ماہ تک نمازیں جمع کی ہوں، یا بغیر دعویٰ ہی نظیر پیش کردو (رافضی جمع کرتے ہیں لہٰذا وہ سب کے سب مسیح موعود ہوئے)۔

8...... پنجابی لوگ اعلانیہ رمضان کے دنوں میں کھانا پیا کرتے اور بے تحاشا رمضان کی بے حرمتی کرتے مرزا بھی اس میں کچھ کم نہ تھا:

دیکھو!

اخبار الحکم، ج 4 جلد 10 صفحہ 8 کالم ج 1,2,3، مسائل کا خط (۵):

ابھی کسی حال کے اخبار وکیل امرتسر میں یہ خبر پڑھی کہ مرزا صاحب (یعنی حرامی) نے بزمانہ قیام امرتسر میں باوجود رمضان کے اثناء لیکچر میں چائے نوشی شروع کی، اور جب

Maktaba Tul Ishaat.com

اعتراض کیا گیا تو آپ لوگوں کے طرف سے یہ عذر پیش ہوا، کہ یہ خیال نہ کیجیے گا کہ میں مجادلہ کرنا چاہتا ہوں۔ حاشا وکلا یہی سبب ہے کہ میرے بہت سے دوست مجھ کو مرزائی احمدی قادیانی وغیرہ ناموں سے یاد کرتے ہیں۔

9...... پنجابی حکومت پرست علماء انگریز کو قرآن مجید کی آیت ''وَاُولِی الْاَمْرِ مِنْکُمْ'' (سورۃ النساء آیت نمبر:59) کا مصداق بناتے مرزا بھی اس چاپلوسی میں کسی سے پیچھے نہ رہا بلکہ لوگ تو زبانی کہتے، مرزا نے اپنی تحریروں میں لکھ دیا۔

دیکھو!

ضرورۃ الامام، صفحہ 23:

''اَطِیْعُوا اللّٰہَ وَاَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ وَاُولِی الْاَمْرِ مِنْکُمْ''

(سورۃ النساء آیت نمبر:59)

''وَاُولِی الْاَمْرِ'' سے مراد جسمانی طور پر بادشاہ اور روحانی طور پر امام الزمان ہے۔ اور جسمانی طور پر جو شخص ہمارے مقاصد کا مخالف نہ ہو، اور اس سے مذہبی فائدہ ہمیں حاصل ہو سکے۔ وہ ہم میں سے ہے اس لیے میری نصیحت اپنی جماعت کو یہی ہے کہ وہ انگریزوں کی بادشاہت کو ''وَاُولِی الْاَمْرِ'' میں داخل کریں، اور دل کی سچائی سے ان کی مطیع رہیں۔

شہادۃ القرآن

10...... پنجابی لوگ عام طور پر رواج کی پابندی کرتے۔ قرآن وحدیث کی چنداں پرواہ نہ کرتے۔ مرزا بھی اس مرض کا شکار رہا۔

ہاں آپ کو گالیاں دینے اور بدزبانی کی اکثر عادت تھی۔ ادنیٰ ادنیٰ بات میں غصہ آجاتا تھا، اپنے نفس کو جذبات سے روک نہیں سکتے تھے، مگر میرے نزدیک آپ کی حرکات جائے افسوس نہیں، کیونکہ آپ تو گالیاں دیتے تھے، اور یہودی ہاتھ سے کسر نکال لیا کرتے تھے۔ یہ بات بھی یاد رہے کہ آپ کو کسی قدر جھوٹ بولنے کی بھی عادت تھی۔

ضمیمہ انجام اتھم، صفحہ 7:

ان کا کنجروں سے میلان اور صحبت بھی شاید اسی وجہ سے ہو کہ جدی مناسبت

Maktaba Tul Ishaat.com

درمیان ہے، ورنہ پرہیزگار انسان ایک جوان کنجری (کسی) کو یہ موقع نہیں دے سکتا، وہ اس کے سر پر اپنے ناپاک ہاتھ لگا دے، اور زنا کاری کی کمائی کا پلید عطر اس کے سر پر ملے، اور اپنے بالوں کو اسکے پیروں پر ملے، سمجھنے والے سمجھ لیں کہ ایسا انسان کس چلن کا آدمی ہو سکتا ہے۔

ضمیمہ انجام، صفحہ 7 حاشیہ:

آپ کا خاندان بھی نہایت پاک اور مطہر ہے تین دادیاں اور نانیاں آپ کی زنا کار عورتیں تھیں۔جن کے خون سے آپ کا وجود ظہور پذیر ہوا۔

حاشیہ کشتی نوح، صفحہ 65:

یورپ کے لوگوں کو جس قدر شراب نے نقصان پہنچایا ہے اس کا سبب تو یہ تھا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام شراب پیا کرتے تھے۔ شاید کسی بیماری کی وجہ سے یا پرانی عادت کی وجہ سے۔

اخبار بدر 7 نومبر 1902 صفحہ 10:

یحییٰ جو نشہ نہیں پیتے تھے۔تو اس سے معلوم ہوا کہ اس وقت بھی منع تھی، مسیح نے مرشد کی تقلید کیوں نہ کی، اور مرزا شراب کو اُم الخبائث کہتا ہے۔

نور القرآن، ملفوظات احمدیہ، صفحہ 344/1 و تریاق القلوب، و نور القرآن، صفحہ 46,47/2:

مگر آپ کے یسوع صاحب کی نسبت کیا کہیں، اور کیا لکھیں، اور کب تک ان کے حال پر روویں۔ کیا یہ مناسب تھا کہ وہ ایک زانیہ عورت کو یہ موقعہ دیتا، کہ وہ عین جوانی اور حسن کی حالت میں ننگے سر اس سے مل کر بیٹھتی، اور نہایت ناز اور نخرہ سے اس کے پاؤں پر اپنے بال ملتی اور باقی، صفحہ 160 دافع البلاء مگر یحییٰ نبی کو اس پر فضیلت ہے، کیونکہ وہ شراب نہیں پیتا تھا، اور کبھی نہیں سنا گیا کہ کسی فاحشہ عورت نے آ کر اپنی کمائی کے مال سے اپنے سر پر عطر ملا ہو

Maktaba Tul Ishaat.com

،یا ہاتھوں یا بالوں سے اس کو چھوڑ ہو، یا کوئی جوان عورت اس کی خدمت کرتی تھی۔ اسی وجہ سے خدا نے قرآن میں یحییٰ کا نام حصور رکھا، مگر مسیح کا یہ نام نہ رکھا، کیونکہ ایسے ایسے قصے اس کے نام رکھنے سے مانع تھے۔

مرزا قادیانی نے حضرت مسیح کو گالیاں دیں اور اس کے جواب کی تردید

(دوسرا حصہ)

یہ کہ مرزا اور مرزائی لوگ ان گالیوں کا جواب یہ دیا کرتے تھے کہ یہ الزاماً گالیاں دی گئی ہیں، یعنی بطور تسلیم یا کبھی یہ کہا کرتے ہیں کہ یہ جواباً گالیاں دی گئی ہیں، کیونکہ انہوں نے آنحضرت ﷺ کو گالیاں دیں، تو ہم نے جواباً یہ دشنام طرازی ہے، اور کبھی یہ عذر پیش کیا کرتے ہیں، کہ یہ مسیح علیہ السلام کو گالیاں نہیں، بلکہ ایک فرضی یسوع کو گالیاں دی گئی ہیں، جس کا دعویٰ الوہیت کا تھا۔

نور القرآن، صفحہ 2/2 حاشیہ ضمیمہ انجام آتھم: میں ثابت کر دونگا یہ سب جوابات عذر گناہ بدتر از گناہ کا مصداق ہیں۔ بوجوہ ذیل:

1...... بقول مرزا قادیانی یسوع اور مسیح دو نہیں، ایک ہی ہیں۔ بتمسک اقوال ذیل:

دعوت حق، صفحہ 8 ملحقہ تتمہ حقیقۃ الوحی:

قسم دیتا ہوں جو آپ لوگ اپنے زعم میں حضرت یسوع مسیح ابن مریم سے رکھتے ہیں۔

توضیح مرام، صفحہ 859 لاہوری:

مسیح بن مریم جس کو عیسیٰ اور یسوع بھی کہتے ہیں۔

مثلاً چشمہ مسیحی، صفحہ 40 ایام الصلح، صفحہ 116 و تحفہ قیصریہ، صفحہ 20,21,22۔

Maktaba Tul Ishaat.com

2......مرزا کہا کرتا ہے کہ کسی قوم کے پیشوا کو گالیاں نہ دو، کیونکہ قرآنی تعلیم "وَلَا تَسُبُّوا الَّذِیْنَ یَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ......الخ" (سورۃ الانعام آیت نمبر: 108) خلاف ہے۔

اخبار الحکم، صفحہ 18 جلد ع 8 صفحہ 4 کالم ع 1، 21 مئی 1904ء:

میں اپنی جماعت کو نصیحت کہتا ہوں کہ جو کچھ اشتہار کے لکھنے والوں اور ان کی جماعت نے محض دل دکھانے اور توہین کی نیت سے ہمارے نبی ﷺ کی نسبت مال خور اور ٹھگ اور کاذب اور نمک حرام کے لفظ کو استعمال میں لائے ہیں اور مجھے لوگوں کے دغا بازی سے مال کھانے والا قرار دیا ہے اور یا جو خود میری جماعت کی نسبت سور اور کتے اور مردار خوار اور گدھے اور بندر وغیرہ کے الفاظ استعمال کیے ہیں اور ریچھ ان کا نام رکھا ہے۔ ان تمام دکھ دینے والے الفاظ پر وہ صبر کریں اگر تم ان گالیوں اور بدزبانیوں پر صبر نہ کرو، تو پھر تم میں اور دوسرے لوگوں میں کیا فرق ہوگا۔ تمہیں چاہیے کہ آریوں کے رشیوں اور بزرگوں کی نسبت ہر گز سختی کے الفاظ استعمال نہ کرو، تا کہ وہ بھی خدائے قدوس اور اس کے رسول پاک کو گالیاں نہ دیں۔

بالکل یہی عبارت نسیم دعوت، صفحہ 2 میں بھی ہے۔

قریب منہ براہین احمدیہ، صفحہ 53,54 وتحفہ قیصریہ 6 تا 8۔

3......عیسائی لوگ آخر حضرت مسیح کو اپنا پیشوا سمجھتے ہیں، وہ خواہ اس کو یسوع کے نام سے پکاریں خواہ عیسیٰ کے نام سے بہر حال شخصیت تو واحد ہے۔ مثلاً اگر کوئی لاہوری مرزائی اس غلام احمد قادیانی گالیاں دے، جو مدعی نبوت ہوا ہے۔ یا قادیانی مرزائی اس غلام احمد کو گالیاں دے جو قادیانی منکر دعوی نبوت ہے۔ یا مسلمان اس مرزا کو گالیاں دیں جس نے مسلمانوں کو اور عیسائیوں کے بزرگوں کو برا بھلا کہا، جو خود کو رودر گوپال وغیرہ سمجھتا ہے تو کیا وہ اس صورت میں حق بجانب ہونگی اور کہا جاویگا کہ یہ فرضی نام تھا۔

Maktaba Tul Ishaat.com

4.......اگر یہ کہا جاتا ہے کہ یہ جوابی گالیاں ہیں کیونکہ عیسائیوں نے آنحضرت ﷺ کو گالیاں دی تھیں، تو اس کے جواب میں ہم لوگوں نے حضرت مسیح کو گالیاں دیں۔ ضمیمہ ع3 تریاق وانجام اتھم صفحہ 13: تو مرزا اس کو بھی رد کرتا ہے وہ کہتا ہے کہ جواباً بھی گالیاں نہ دو۔ جیسے ع2 اخبار الحکم اور نسیم دعوت، صفحہ 2 کا حوالہ نقل کیا جا چکا ہے۔

تبلیغ رسالت جلد دسویں، صفحہ 102 منقول از بشارت احمد مولفہ بابو حبیب اللہ امرتسری سابق کلرک:

بعض جاہل مسلمان کسی عیسائی کی بدزبانی کے مقابل پر خود آنحضرت ﷺ کی شان میں کرتا ہے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی نسبت سخت الفاظ کہدئے ہیں۔

چشمہ معرفت کا ضمیمہ، صفحہ 18:

کسی صاحب کے دل میں یہ بھی خیال آجائے کہ مسلمان بھی مباحثہ کی وقت نامناسب الفاظ دوسری قوموں کے بزرگوں کے نسبت استعمال کرتے ہیں۔ پس یاد رہے کہ وہ قرآنی تعلیم سے باہر چلے جاتے ہیں، اور بسا اوقات ان کی بدتہذیبی کا موجب وہی لوگ ہو جاتے ہیں جو آنحضرت ﷺ کو گالیاں نکالتے ہیں۔ بہرحال جاہلوں کے مقابل پر صبر کرنا بہتر ہے، کیونکہ کسی نبی کی اشارہ سے بھی تحقیر کرنا سخت معصیت ہے، اور موجب نزول غضب الٰہی۔

ضمیمہ ع3، صفحہ ج ملحقہ تریاق القلوب:

مسلمان سے یہ ہرگز نہیں ہوسکتا کہ اگر کوئی پادری ہمارے نبی کریم ﷺ کو گالی دے تو ایک مسلمان اس کے عوض میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو گالی دے، کیونکہ مسلمانوں کے دلوں میں دودھ کیساتھ ہی یہ اثر پونچایا گیا ہے کہ وہ جیسے کہ اپنے نبی ﷺ سے محبت رکھتے ہیں ایسا ہی وہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے محبت رکھتے ہیں۔

Maktaba Tul Ishaat.com

5......مرزا کا خود اقرار موجود ہے کہ واقعہ میں ہے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے حق میں سخت گوئی سے کام لیا ہے، مگر گورنمنٹ کی پالیسی کی حمایت کرتے ہوئے۔

دیکھو!

ضمیمہ ع 3 صفحہ ج ملحقہ تریاق القلوب:

سو مجھ سے پادریوں کے مقابل پر جو کچھ وقوع میں آیا ہے یہی ہے کہ حکمت عملی سے بعض وحشی مسلمانوں کو خوش کیا گیا ہے......الخ

ضمیمہ انجام، صفحہ 8 حاشیہ:

بالآخر ہم لکھتے ہیں کہ یہی پادریوں کا یسوع اور اس کے چال چلن سے کچھ غرض نہ تھی انہوں نے ناحق ہمارے نبی کریم ﷺ کو گالیاں دیکر ہمیں آمادہ کیا کہ ان کے یسوع کا کچھ تھوڑا سا حال اُن پر ظاہر کریں۔

اعجاز احمدی، صفحہ 38:

میں نے قصیدہ میں جو امام حسین رضی اللہ عنہ کی نسبت لکھا ہے یا حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی نسبت بیان کیا ہے یہ انسانی کاروائی نہیں۔ خبیث ہے وہ انسان جو اپنے نفس ملون اور راستبازوں پر زبان دراز کرتا ہے۔

6......حضرت مسیح علیہ السلام کو عیسائی خواہ خدا سمجھیں، یا نبی۔ بہر حال وہ ان کے مقتدیٰ اور پیشوا ہیں اور کسی کے پیشوا کو گالیاں دینا قرآنی تعلیم کے خلاف ہے۔

حسب عبارت نسیم دعوت، صفحہ 2، واخبار الحکم نمبر ع 18 جلد ع 8 صفحہ 4 کالم نمبر 1، تبلیغ رسالت، صفحہ 102، وچشم معرفت کا ضمیمہ، صفحہ 184

نیز اس پر آخر عیسائیوں کو غصہ آیا، اور انہوں نے اس غصہ کے جواب پر آنحضرت ﷺ پر طعن وتشنیع کی اور برے الفاظ استعمال کیے، توان برے الفاظ کے استعمال وطعن وتشنیع

Maktaba Tul Ishaat.com

کا ذمہ دار کون ہے۔ اور در حقیقت یہ گالیاں کس نے نکلوائیں۔ اس کا ذمہ دار خود مرزا ہے کیونکہ وہ کہتا ہے کہ اگر کسی کے بزرگ کو کوئی گالی دے، اور وہ اس کے جواب اس کے بزرگ پر زبان درازی کرے تو اس کا ذمہ دار وہ پہلا شخص ہوگا۔

ملاحظہ ہو۔

ضمیمہ، صفحہ 18 چشم معرفت کی عبارت کا فقرہ:

اور بسا اوقات ان کی بدتہذیبی کا موجب وہ لوگ ہوتے ہیں جو آنحضرت ﷺ کو گالیاں نکالتے ہیں۔

پیغام صلح، صفحہ 37:

ایسی مہذب قوم کی کتاب اور رشیوں کو برے الفاظ سے یاد کرے، آنحضرت ﷺ کو گالیاں دلوائیں ایسی گالیاں تو درحقیقت انہی لوگوں کی طرف منسوب کی جاویں گی، جو اس حرکت کے مرتکب ہوگے۔

قریب منہ پیغام صلح، صفحہ 31,32:

تو گویا سب گالیاں آنحضرت ﷺ کو مرزا نے ہی دلوائیں۔ (العیاذ باللہ)

7.....اگر مرزا یہ کہے کہ میں نے ایسے یسوع کو گالیاں دی ہیں جس نے خدائی کا دعوا کیا تھا تو اس کے جواب میں ہم کہیں گے کہ تو خود کہتا کہ اللہ نے میرے حق میں ان الفاظ سے زیادہ تو قیر والے استعمال کئے ہیں جن سے عیسائی لوگ حضرت مسیح کی الوہیت ثابت کیا کرتے ہیں۔

دیکھو!

چشمہ مسیحی، الحکم نمبر 11 جلد 1، صفحہ 31،8 مارچ 1906ء اصلیات یہ ہے کہ......لوگوں کو خدا تعالیٰ سے محبت ذاتیہ کا تعلق ہوتا ہے بسا اوقات استعارہ کے رنگ میں خدا تعالیٰ ان سے ایسے

Maktaba Tul Ishaat.com

کلمے ان کے نسبت کہلا دیتے ہیں کہ ناداں لوگ ان کے ان کلموں سے خدائی ثابت کرنا چاہتے ہیں چنانچہ میری نسبت مسیح سے بھی زیادہ وہ کلمات فرمائیے گئے ہیں۔ تو اب ہم بھی کیا مرزا کو گالیاں دیں جس نے خدائی کا دعویٰ کیا ہے اور کیا اس پر مرزائی امت آگ بگولا تو نہیں ہو گی۔

8......نیز مرزا نے خود لکھا ہے: جس شخص کا وجود ہی نہ ہو، اور وہ محض فرضی شخص ہو، تو اس شخص پر نکتہ چینی نہیں ہو سکتی۔

دیکھو!

نور القرآن، صفحہ 15:

ہمیں تو اب تک بھی پتہ نہیں لگا کہ مریدوں کے رش کچھ وجود بھی رکھتے تھے یا کہ نہیں اور کہاں تھے اور کس شہر میں تھے اور اُن کی زندگی کی سوانح کیا تھی اور ان کے مؤلف کا سلسلہ کس طور پر تھا پھر ہم کیونکر ان کی نکتہ چینی کر سکتے ہیں، ہمیں اب تک ان کے وجود میں ہی شک ہے تو یقیناً مرزا کی نکتہ چینی اس مسیح پر ہو گی جو واقع میں موجود تھے، کیونکہ فرضی شخصیت پر کسی کے نکتہ چینی کرنے کا مطلب میں کیا ہے۔

9......نیز مرزا نے لکھا ہے کہ خبیث یہودیوں نے حضرت مسیح کی پیشگویوں اور ان کے چال چلن پر اعتراضات کیے ہیں، تو گویا اگر مرزا نے بھی آپکی پیشگویوں پر اور آپ کے اخلاق پر اعتراضات کیے تو وہ بھی خبیث یہودیوں کا متبع ہوا۔

حقیقۃ الوحی کا تتمہ، صفحہ 106:

کہیں خبیث النفس لوگوں نے ان برگزیدوں پر جو صاحب تزکیہ نفس تھے ناپاک تہمتیں لگائی ہیں یہودی لوگ حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر طرح طرح کی تہمتیں لگاتے ہیں چنانچہ تھوڑی مدت ہوئی ہے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

کہ میں نے ایک یہودی کی کتاب دیکھی، جس میں نہ صرف ناپاک اعتراض تھا کہ نعوذ باللہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی ولادت ناجائز طور پر ہے، بلکہ آپ کے چال چلن پر بھی نہایت گندے اعتراضات کئے تھے اور جو آپ کی خدمت میں بعض عورتیں رہتی تھی بہت بُرے پیرایہ میں ان کا ذکر کیا ہے۔ اب جبکہ پلید طبع دشمنوں نے ایسے پاک فطرت اور مقدس لوگوں کو شہوت پرست لوگ قرار دیا۔

تتمہ حقیقۃ الوحی، صفحہ 148:

یہودی اب تک کہتے ہیں کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی ایک پیشگوئی بھی پوری نہ ہوئی یہ اتہامات حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر مرزا نے قائم کیے ہیں جیسے ہم شروع مضمون میں پہلے حصہ مضمون میں مرزا کی عبارتیں مسئلہ دافع البلاء کشتی نوح، صفحہ 65 وضمیمہ انجام آتھم، صفحہ 5 تا 8 سے پیش کر چکے ہیں اور مرزا نے آپ کی پیشگویوں پر اعتراضات کئے ہیں۔

دیکھو!

اعجاز احمدی، صفحہ 94:

ہائے کس قصہ میں یہ فریاد لے جاویں کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی تین پیشگویاں صاف طور پر جھوٹی نکلیں، اور آج کون زمین پر ہے جو اس عقیدہ کو حل کرے۔

تو ثابت ہوا کہ مرزا بھی یہودی خبیث النفس ہی ہے بلکہ یہودیوں سے بھی بدتر ہے کیونکہ یہودی تو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو نبی نہیں سمجھتے، اور یہ زبانی طور پر نبی تسلیم کر کے پھر ان پر اتہامات لگاتا ہے۔

10...... نیز جو اعتراضات مرزا نے نور القرآن، صفحہ 46,47/2 میں اور ضمیمہ انجام آتھم، صفحہ 4 تا 8 میں بقول خود فرضی یسوع پر کئے ہیں، وہی اعتراضات اس نے کشتی نوح صفحہ 65 حاشیہ و دافع البلاء میں شراب خوری اور بداخلاق حضرت مسیح علیہ السلام پر وارد کئے ہیں اور پھر ان

Maktaba Tul Ishaat.com

اعتراضات کودافع البلاء میں از روئے قرآن مجید ثابت کرنے کی کوشش کی ہے، تو یہ عذر کہ اس یسوع مسیح کا ذکر قرآن مجید میں نہیں، یہ بھی غلط ٹھہرا، کیونکہ اسی مسیح کو اس نے قرآن مجید "والمسیح" تسلیم کرکے پھر لکھا کہ ان کو قرآن مجید نے حصور نہیں فرمایا۔

11...... فرضی یسوع کا جواب دینا اس لیے بھی عذر لنگ ہے کہ اس نے اپنی بعض کتابوں میں حضرت مسیح یا حضرت عیسیٰ کے نام سے حضور کو تعبیر کیا ہے، نہ کہ یسوع کے نام سے۔ مثلاً کشتی نوح، صفحہ 65 حاشیہ ودافع البلاء ازالہ اوہام، صفحہ 898 جدید، 1810 قدیم:

اس جگہ حضرت مسیح کی تہذیب اور اخلاقی حالت پر ایک سخت اعتراض وارد ہوتا ہے۔ زندہ نبی، صفحہ 7:

اور ایسے ہی حضرت عیسیٰ علیہ السلام ناکام رہے۔

صفحہ 23:

اور اصل بات یہ ہے کہ نبی ﷺ کو اس قسم کا موقعہ ملا ہے، مسیح کو نہیں ملا۔ یہ ان کی بدقسمتی ہے۔

صفحہ 23:

مسیح کے اخلاق کا نمونہ اسی قسم کا ہے لیکن جب یہ موقع ہی ان کو نہیں ملا۔ تو پھر انہیں اخلاق کا نمونہ ٹھہرانا صریح بے حیائی ہے۔

صفحہ 26:

طمانچہ کھا کر اور سر پھرے ہی کی تعلیم دینے والے معلم کی عمل حالت میں اس خلق کا ہمیں کوئی پتہ نہیں لگتا۔ دوسروں کو کہتا ہے کہ گالی نہ دو، مگر یہودیوں کے مقدس فریسیوں اور فقیہوں کو حرام کار سانپ کے بچے آپ ہی کہتا ہے۔ یہودیوں میں بالمقابل اخلاق پائے جاتے ہیں وہ اسے نیک استاد کہہ کر پکارتے ہیں اور یہ ان کو حرام کار کہتے ہیں۔

Maktaba Tul Ishaat.com

نوٹ: بالکل یہی نمونہ اخلاق خود مرزا میں ہے کہ لوگوں کو گالیوں سے منع کرتا ہے اور خود اس قدر گالیوں کے پیچھے لگتا ہے کہ نہ مولویوں کو چھوڑتا ہے، نہ سلف کو، نہ انبیاء علیہم السلام کو، نہ حضرت مسیح علیہ السلام کو۔

Maktaba Tul Ishaat.com

مرزا کی نظر میں دوسرے مسلمان کافر یا مومن؟

مرزا کے نزدیک دوسرے مسلمان داخل اسلام ہیں۔انجام آتھم،صفحہ 145انجام آتھم 144،ایام الصلح،صفحہ 87۔

یادرہے کہ ہم میں اوران لوگوں میں بجزایک مسئلہ کے اورکوئی مخالفت نہیں۔یعنی یہ کہ یہ لوگ نصوص صریحہ قرآن اوراحادیث کوچھوڑکرحضرت عیسیٰ علیہ السلام کی حیات کے قائل ہیں اورہم بموجب نصوص قرآنیہ اورحدیثیہ متذکرہ بالااوراجماع آئمہ اہل بصارت کے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی حیات کے قائل ہیں۔

آسمانی فیصلہ،صفحہ 3:

ان سب عقائد پرایمان رکھتاہوں۔جواہل سنت والجماعت مانتے ہیں،اورکلمہ "لاالہ الااللہ محمد رسول اللہ" کاقائل ہوں اورقبلہ کی طرف منہ کرکے نمازپڑھتاہوں،اورمیں مدعی نبوت کانہیں،ایسے مدعی کودائرہ اسلام سے خارج سمجھتاہوں۔

چشمہ معرفت،صفحہ 180:

ہم میں اورہمارے مخالف مسلمانوں میں صرف نزاع لفظی ہے۔

حقیقۃ الوحی،صفحہ 311:

پھرفروعی مسائل کاجواحمدیوں اورغیراحمدیوں میں مختلف فیہ ہے ذکرچھیڑکرمیرے ساتھ مجادلہ شروع کیا۔گورنمنٹ کے توجہ کے لائق،صفحہ 5ملحقہ شہادۃ القرآن میں نے سناہے کہ ایک شخص ساکن بٹالہ ضلع گورداسپورنے جواپنی تئیں مولوی ابوسعیدمحمدحسین کرکے مشہورکرتاہے اس اختلاف رائے کے سبب جوبعض اختلافی مسائل ہیں۔وہ اس عاجزکے ساتھ رکھتاہے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

گورنمنٹ کو بدظن کرنے کے لیے لکھتا ہے۔

ازالہ اوہام، صفحہ 1161:

میاں عبدالحق نے مباہلہ کی بھی درخواست کی تھی لیکن اب تک میں نہیں سمجھ سکتا کہ ایسے اختلافی مسائل میں جنکی وجہ سے کوئی فریق کافر یا ظالم نہیں ٹھہر سکتا، کیونکر مباہلہ جائز ہے کیونکہ میں اپنے مخالفین کو کاذب تو نہیں سمجھتا، بلکہ مؤول مخطی سمجھتا ہوں۔ مولوی عبدالحق صاحب حالانکہ مرزا کو کافر جہنمی بھی کہہ چکے ہیں، لیکن پھر بھی مرزا ان کو کافر نہیں سمجھتا، اس سے لاہوری مرزائیوں کو شرمندہ ہونا چاہیے جو یہ کہا کرتے ہیں کہ ہم مرزا کو کافر سمجھتے ہیں۔

دیکھو! مرزا کی عبارت

ازالہ اوہام، صفحہ 1157:

میاں عبدالحق صاحب غزنوی اور مولوی محی الدین لکھو کے والے اس عاجز کے حق میں لکھتے ہیں کہ ہمیں الہام ہوا ہے کہ یہ شخص جہنمی ہے۔ چنانچہ عبدالحق صاحب کے الہام میں تو تصریح "سَیَصْلٰی نَارًا ذَاتَ لَهَبٍ" (سورۃ اللهب آیت نمبر:3) موجود ہے۔ اور مولوی محی الدین صاحب کو یہ الہام ہوا ہے کہ یہ شخص ملحد اور کافر ہے۔

تریاق القلوب، صفحہ 130 قدیم:

ابتداء سے میرا یہی مذہب ہے کہ میرے دعویٰ کے انکار کی وجہ سے کوئی شخص کافر یا دجال نہیں ہوسکتا۔

مرزا کے نزدیک دوسرے اہل اسلام دائرہ اسلام سے خارج ہیں:

حقیقۃ الوحی صفحہ ۱۷۹: کفر دو قسم ہے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

1 ...... یہ کفر کہ ایک شخص اسلام سے انکار کرتا ہے اور آنحضرت ﷺ کو خدا کا رسول نہیں مانتا۔

2...... دوسرا یہ کفر کہ وہ مسیح موعود کو نہیں مانتا۔ اگر غور سے دیکھا جائے تو دونوں قسم کے کفر ایک ہی قسم میں داخل ہیں۔

فتاوی احمدیہ، صفحہ 271:

جبکہ خدا تعالی نے مجھ پر ظاہر کیا ہے کہ ہر ایک شخص جس کو میری دعوت پہنچی ہے اور اس نے مجھے قبول نہیں کیا، وہ مسلمان نہیں ہے۔

فتاوی احمدیہ، صفحہ 279:

جو پیغمبر خدا ﷺ کو نہ مانے وہ کافر ہے مگر جو مہدی اور مسیح کو نہ مانے اس کا بھی سلب ایمان ہو جاتا ہے۔ انجام ایک ہی ہے۔

فتاوی احمدیہ، صفحہ 280:

میرا انکار میرا انکار نہیں، بلکہ اللہ اور اس کے رسول کا انکار ہے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

مرزا قادیانی کے غلط حوالجات وتحریفات

جھوٹے پرفتویٰ مرزا

1......چشمہ معرفت، صفحہ 222: اگر کوئی شخص ایک بات میں جھوٹا ثابت ہوجائے تو پھراس کی کسی بات کا اعتبار نہیں رہتا۔

2......آریہ دہرم: میرے نزدیک جھوٹا ثابت ہونے کی ذلت ہزار موتوں سے بدتر ہے۔

اب مرزا کے افتراءاور تحریفات ملاحظہ ہوں:

1......حقیقۃ الوحی، صفحہ 390: مجدد صاحب سرہندی نے اپنے مکتوبات میں لکھا ہے جس شخص کو بکثرت اس مکالمہ اور مخاطبہ سے مشرف کیا جاوے اور بکثرت امور غیبیہ اس پر ظاہر کئے جائیں، وہ نبی کہلاتا ہے۔ یہ بالکل جھوٹ ہے اور عمداً غلط بیانی کی گئی ہے۔ کیونکہ اس میں نبی کا لفظ نہیں، بلکہ انہوں نے تو لکھا کہ ''محدث'' کہلاتا ہے۔ حالانکہ خود مرزا نے اس حوالہ کو تین جگہ میں پہلے درج کیا ہے، اور وہاں ''محدث'' لکھا۔

دیکھو!

براہین احمدیہ، صفحہ 505 حاشیہ:

امام ربانی صاحب اپنے مکتوبات کی جلد ثانی میں مکتوبات پنجاہ ویکم میں اسمیں صاف لکھتے ہیں کہ غیر نبی بھی مکالمات ومخاطبات حضرت احدیت سے مشرف ہوتا ہے، اور ایسا شخص محدث کے نام سے موسوم ہے۔

مثلاً ازالہ اوہام، صفحہ 1306 وتحفہ بغداد، صفحہ 21 حاشیہ:

پس معلوم ہوا کہ مرزا نے بتکلف عمداً جھوٹ سے کام لیا ہے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

2......ازالہ اوہام، صفحہ 81 قدیم: صحیح مسلم میں یہ لفظ موجود ہے کہ حضرت مسیح جب آسمان سے اتریں گے، تو ان کا لباس زرد رنگ کا ہوگا یہ بھی بالکل کذب ہے۔

مسلم میں تو آسمان کا لفظ ہے ہی نہیں۔ اور اگر ہے تو پھر مرزا اور اس کی امت کا انکار کا کیا معنی ہے کہ کسی صحیح حدیث میں آسمان کا لفظ نہیں آیا۔

3......شہادۃ القرآن، صفحہ 41: مثلاً صحیح بخاری کی وہ حدیثیں جن میں آخری زمانہ میں بعض خلیفوں کی نسبت خبر دی گئی ہے، خاص کر وہ خلیفہ جس کی نسبت بخاری میں لکھا ہے کہ آسمان سے اس کے لیے آواز آوے گی کہ "ھذا خلیفة اللہ المھدی"۔

اب سوچو! کہ یہ حدیث کس پایہ اور مرتبہ کی ہے جو ایسی کتاب میں درج ہے جو "اصح الکتب بعد کتاب اللہ" کے ہے (کس قدر صاف غلط بیانی ہے بخاری میں یہ کہیں نہیں)۔

4......انجام آتھم یہ کس قدر غلط بیانی ہے کیونکہ احادیث صحیحہ میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے لیے رجوع کا لفظ آیا ہے جس کو حضرت علامہ انور شاہ صاحب نے اپنی کتاب عقیدۃ الاسلام، صفحہ 68 میں ثابت کیا ہے بلکہ خود مرزا نے تسلیم بھی کیا ہے۔

دیکھو!

الحکم 2 فروری 1908ء ع 9 جلد 12 کالم ع 2، صفحہ 3 جیسا کہ حدیثوں میں صریح طور پر وارد ہو چکا ہے کہ جب مسیح دوبارہ دنیا میں آویگا تو تمام جنگوں کا خاتمہ کر دیگا۔

5......حمامۃ البشریٰ: حالانکہ احادیث صحیحہ میں "من السماء" کا لفظ موجود ہے جیسا کہ ابن عباس کی روایت میں کنز العمال میں ہے، اور اسی حدیث کو مرزا نے حمامۃ البشریٰ، صفحہ 88،89 میں دو دفعہ ذکر کیا لیکن اپنی عادت کے موافق "من السماء" کا لفظ دونوں جگہ سے کاٹ دیا ہے۔ نیز مرزا نے صحیح مسلم میں خود آسمان کا لفظ تسلیم کیا ہے جیسا کہ اسی

Maktaba Tul Ishaat.com

مضمون میں ازالہ اوہام، صفحہ 81 قدیم: کی عبادت درج ہو چکی ہے، علاوہ ازاں مرزا نے ابن واطبل کی روایت سے بھی مرزا نے آسمان کا لفظ مانا ہے۔

دیکھو اتحفہ گولڑویہ۔

6......حقیقۃ الوحی، صفحہ 189: میں قرآن مجید کی آیت کا صریح انکار ہے۔ خدا تعالیٰ کی رحمت ہے کہ وعید کی پیشگوئیوں میں منسوخی کا سلسلہ اس کی طرف سے جاری ہے، یہاں تک جو جہنم میں ہمیشہ رہنے کی وعید قرآن مجید میں کافروں کے لیے ہے، وہاں بھی یہ آیت موجود ہے۔ "اِلَّا مَا شَآءَ رَبُّکَ. اِنَّ رَبَّکَ فَعَّالٌ لِّمَا یُرِیْدُ" (سورۃ ہود آیت نمبر:107) یعنی کافر ہمیشہ دوزخ میں رہیں گے لیکن اگر تیرا رب چاہے، کیونکہ وہ جو کچھ چاہتا ہے اس کے کرنے پر قادر ہے، لیکن بہشتیوں کے لیے ایسا نہیں فرمایا کیونکہ وہ وعدہ ہے۔ وعید نہیں۔

حاشیہ میں یہ لکھا ہے کہ قرآن شریف میں کفار اور مشرکین کی سزا کے لیے بار بار ابدی جہنم کا ذکر ہے اور بار بار فرمایا ہے۔ "خٰلِدِیْنَ فِیْهَا اَبَدًا" اور پھر باوجود اس کے قرآن شریف میں دوزخیوں کے لئے حق میں "اِلَّا مَا شَآءَ رَبُّکَ" موجود ہے۔

اس کا خلاصہ مطلب یہ ہے کہ آیت میں جملہ استثنائیہ "اِلَّا مَا شَآءَ رَبُّکَ" دوزخیوں کے حق میں ہے مگر بہشتیوں کے حق میں نہیں، کیونکہ وعدہ او وعید میں فرق ہے یہ کس قدر جراُت بیانی سے کذب ہے۔ کیونکہ پارہ ع 12 بہشتیوں اور دوزخیوں دونوں کے حق میں "اِلَّا مَا شَآءَ ...... الخ" وہیں موجود ہے گویا جو آیت سامنے پڑی ہے اس کا بھی انکار کر دیا۔ اب اس کذاب پر کوئی کیا اعتبار کرے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

مرزا کی نظر میں انبیاء کرام علیہم السلام

زبانی طور سے تو مرزا انبیاء کا مداح بننا چاہتا ہے۔ جیسے وہ کہتا ہے براہین میں
''ہمچو خاک افتادہ بردرے''
لیکن درپردہ وہ انبیاء (علیہم السلام) کی سخت توہین کا مرتکب ہوتا ہے۔

(پہلا حصہ)

1...... براہین احمدیہ، صفحہ 18:

طعنہ برپاکان نہ برپاکان بود   خود کنی ثابت کہ ہستی فاجری

2...... براہین احمدیہ، صفحہ 53:

بخدمت جملہ صاحبان یہ عرض ہے کہ یہ کتاب کمال تہذیب اور نہایت آداب سے تصنیف کی گئی ہے اور اس میں کوئی ایسا لفظ نہیں جس میں کسی بزرگ یا پیشوا کسی فرقہ کی کسر شان لازم آوے۔ اور خود ہم ایسے الفاظ کو صراحۃً یا کنایۃً اختیار کرنا خبث عظیم سمجھتے ہیں اور مرتکب ایسے امر کو پرلے درجہ کا شریر النفس خیال کرتے ہیں۔

3...... آریہ دھرم، صفحہ 60:

ایسا ہی وہ شخص بھی اس سے کچھ کم بدذات نہیں جو مقدس اور راستبازوں پر بے ثبوت تہمت لگاتا ہے۔ ہم سوچتے ہیں کیونکہ خدا کے مقدس پیاروں پر ایسے ایسے حرامزادے جو سفلہ طبع دشمن ہے جھوٹے الزام لگائے ہیں۔

4...... براہین احمدیہ حصہ پنجم، صفحہ 72:

جن لغزشوں کا انبیاء کی نسبت خدا تعالیٰ نے ذکر فرمایا ہے جیسا کہ آدم (علیہ السلام) کا دانہ کھانا اگر تحقیر کی راہ سے ان کا ذکر کیا جاوے تو یہ موجب کفر اور سلب ایمان ہے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

دوسرا حصہ کہ مرزا نے کیا انبیاء (علیہم السلام) کو سمجھا

1......انبیاء (علیہم السلام) کی وحی والہام میں شیطانی دخل ہوا کرتا ہے اور یہ قران...... سے ثابت ہے:

ازالہ اوہام، صفحہ 1157 جدید، صفحہ 128 قدیم:

جب انسان اپنے نفس اور خیال کو دخل دیکر کسی بات کے انکشاف کے لیے بطور استخارہ واستخبار وغیرہ کے توجہ کرتا ہے، خاص کر اس حالت میں جب اس کو دل میں یہ تمنا مخفی ہوتی ہے کہ میری مرضی کے موافق کسی کی نسبت کوئی برا یا بھلا کلمہ بطور الہام مجھے معلوم ہو جائے تو شیطان اس وقت اس کی آرزو میں دخل دیتا ہے، اور کوئی کلمہ اس کی زبان پر جاری ہو جاتا ہے اور دراصل وہ شیطانی کلمہ ہوتا ہے یہ دخل کبھی انبیاء اور رسولوں کی وحی میں بھی ہو جاتا ہے جس حالت میں قرآن کریم کی رو سے الہام اور وحی میں دخل شیطانی ممکن ہے اور پہلی کتابیں تورات اور انجیل اس دخل کی مصدق ہیں۔

ضرورۃ الامام، صفحہ 17:

پس جو شخص شیطانی الہام کا منکر ہے وہ انبیاء کی تمام تعلیموں کا منکر ہے، اور نبوت کے تمام سلسلہ کا منکر ہے کہ ایک دفعہ چار سو نبی کو شیطانی الہام ہوا تھا۔

2......انبیاء (علیہم السلام) کا نعوذ باللہ غاصب ہونا، جھوٹ بولنا اور فاحشات سے میل جول: "آئینہ کمالات اسلام، صفحہ 478"۔

یاد رہے کہ اکثر ایسے اسرار دقیقہ بصورت اقوال افعال انبیاء (علیہم السلام) سے ظہور میں آتے رہے ہیں کہ جو نادانوں کی نظر میں سخت بیہودہ اور شرمناک ہیں جیسا کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کا مصریوں کے برتن اور پرچات مانگ کر لیجانا اور پھر اپنے صرف میں لانا۔ اور

Maktaba Tul Ishaat.com

حضرت مسیح علیہ السلام کا کسی فاحشہ کے گھر میں چلے جانا اور اس کے عطر جو حلال وجہ سے نہیں تھا استعمال کرنا اور اس کے لگانے سے روک نہ دینا۔ اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کا تین مرتبہ ایسے طور پر کلام کرنا جو بظاہر دروغگوئی میں داخل تھا: شہ تریاق القلوب، صفحہ 123 تا 127 قدیم حاشیہ وار بعین ع 21/4، صفحہ 32/2۔

3......انبیاء علیہم السلام اور رسول حرام زادے (العیاذ باللہ) ہو سکتے ہیں:

تریاق القلوب، صفحہ 65 تا 67:

اولیاء اللہ اور نبی اور رسول جن پر خدا کا رحم وفضل ہوتا ہے اور خدا ان کو اپنے طرف کھینچتا ہے۔

وہ دو قسم کے ہوتے ہیں:

1......ایک وہ جو دوسروں کے اسلام کے لیے بانور نہیں ہوتے، ان کے لیے یہ ضروری نہیں ہوتا کہ وہ کسی ایسے عالی خاندان سے اور عالی قوم سے ہوں جو اعلیٰ نسبت اور شرافت اور نجابت اور امارت اور ریاست کا خاندان ہوں بلکہ حسب آیہ کریمہ "اِنَّ اَکْرَمَکُمْ عِنْدَ اللّٰہِ اَتْقٰکُمْ" (سورۃ الحجرات آیت نمبر: 13) صرف ان کی تقوی دیکھی جاتی ہے گو وہ دراصل چوروں میں سے ہوں، یا چماروں میں سے یا مثلاً کوئی ان میں سے ذات کا کنجر ہو جس نے اپنے پیشہ سے توبہ کر لی ہو، یا ان قوموں سے ہو جو اسلام میں دوسری قومنگی خادم اور نیچ قومیں سمجھے جاتے ہیں جیسے حجام، موچی، تیلی، ڈوم، ستی، قصائی، جولائی، کنجری، تینولی، دھوبی، پچیوی بھڑ بھونجی نانبائی وغیرہ یا مثلاً ایسا شخص جو کہ اس کی ولادت میں بھی شک ہو کہ آیا حلال کا ہے یا حرام کا۔

2......تریاق القلوب صفحہ 67: لیکن ایک دوسری قسم کے ولی ہیں جو رسول یا نبی یا محدث کہلاتے ہیں۔ اور وہ خدا تعالیٰ کی طرف سے ایک منصب حکومت اور قضاء لیکر آتے

Maktaba Tul Ishaat.com

ہیں مثلاً ایک شخص ایک قوم کا چوہڑہ یعنی بھنگی ہے اور ایک گاؤں کے شریف مسلمانوں کے تیس چالیس سال سے خدمت کرتا ہے۔ اور دو وقت ان کی گھر ونگی گندی نا ہونکو صاف کرنے آتا ہے اور ان کی پاخانوں کی نجاست اٹھاتا ہے۔ اور ایک دو دفعہ چوری میں بھی پکڑا گیا ہے، اور چند دفعہ زنا میں بھی گرفتار ہو کر اس کی رسوائی ہو چکی ہے، اور چند سال قید خانے میں بھی رہ چکا ہے اور چند دفعہ ایسے بری کاموں میں گاؤں کے نمبرداروں نے اس کو جوتی بھی ماری ہیں اور اس کی ماں اور دادیاں اور نانیاں ہمیشہ سے ایسے نجس کام میں مشغول رہی ہیں اور سب مردار کھاتے تھے اور گوہ یعنی غل اٹھاتے تھے۔

اب خداتعالیٰ کی قدرت یہ خیال کر کے ممکن تو ہے کہ وہ اپنے کاموں سے تائب ہو کر مسلمان ہو جائے اور پھر یہ بھی ممکن ہے کہ خدا کا ایسا فضل اس پر ہو، کہ وہ رسول اور نبی بھی بن جائے۔

4......انبیاء (علیہم السلام) کا نعوذ باللہ زانی ہونا:

ست بچن، صفحہ 168 اور ایک نانی یسوع صاحب کی جو ایک رشتہ سے دادی بھی تھی بنت یسوع کے نام سے موسوم ہے یہ وہی پاکدامن تھی جس نے حضرت داود کے ساتھ زنا کیا تھا۔ دیکھو: صموئیل 11-2۔

5......انبیاء (علیہم السلام) کی پیشگوئیاں ہمیشہ ٹلتی رہتی ہیں:

حقیقۃ الوحی کا تتمہ، صفحہ 32: وعید کی پیشگوئیاں ٹل سکتی ہیں اور ہمیشہ ٹلتی رہتی ہیں۔

حقیقۃ الوحی، صفحہ 140: یہ بھی ہمارا خدا جو اپنے پیشگوئیوں کے بدلے پر بھی قادر ہے۔

حقیقۃ الوحی کا تتمہ، صفحہ 133: کیسے نادان وہ لوگ ہیں جن کا یہ مذہب ہے کہ خدا اپنے ارادوں کو بدل نہیں سکتا ہے اور وعید یعنی عذاب کی پیشگوئی کو ٹال نہیں سکتا، مگر یہ ہمارا

Maktaba Tul Ishaat.com

مذہب ہے کہ وہ ٹال سکتا ہے اور ہمیشہ ٹالتا رہتا ہے۔ اور ٹالتا رہیگا۔

6......انبیاء (علیہم السلام) پر ناکامی شرمندی ہونے کی تہمت لگانا:

براہین احمدیہ حصہ پنجم، صفحہ 8: موسیٰ علیہ السلام بھی بدگمانیوں سے شرمندہ ہو گیا۔ قرآن میں خضر (علیہ السلام) نے جو کیا تھا پڑھو ذرا۔

اور حضرت ادریس علیہ السلام کے متعلق کہتا ہے۔ ازالہ اوہام، صفحہ 150/388 طبع اول:

اور ایک ناکام نبی کی نسبت اس نے فرمایا: "وَّرَفَعْنٰهُ مَكَانًا عَلِيًّا" (سورۃ مریم آیت نمبر:57)

7......انبیاء (علیہم السلام) کی بداخلاقی۔ (نعوذ باللہ)

دافع البلاء کی عبارت کو دیکھو جس میں حضرت مسیح کو بداخلاق ثابت کیا۔

8......حضرت موسیٰ علیہ السلام فرشتوں کو برے الفاظ سے یاد کیا:

تریاق القلوب، صفحہ 123 تا 127: جس کا خلاصہ مطلب یہ ہے کہ بعض اوقات کوتاہ بین اور شریر شخص حضرت خضر اور حضرت آدم کے کاموں پر اعتراض کرتے ہیں یہ سب کو معلوم ہے کہ حضرت خضر پر باز پرس کرنے والے حضرت موسیٰ ہیں اور حضرت آدم کے متعلق گفتگو کرنے والے ملائکہ اللہ تھے تو اس کو گذشتہ گالی کوتاہ بین شریر شخص کا مورد کون ٹھہر لگا۔ العیاذ باللہ

9......تمام انبیاء کرام علیہم السلام شیطان سے مغلوب کہتا ہے: العیاذ باللہ۔

سطور کو غالب ما الفرق فی آدم والمسیح الموعود، صفحہ حاشیہ ملحقہ خطبہ الہامیہ:

"ان اللہ خلق آدم وجعلہ سید او حاکما وامیرا علی کل ذی روح من الانس والجآن کما یفہم من آیت اسجدوا لآدم ثم ازلّہ الشیطن واخرجہ من الجنان. ورد الحکومت الی ھذا الثعلبان ومس آدم ذلّۃ وخزی فی ھذہ الحرب والھوان .وانّ الحرب سجال ودالا تقیاء آمال عند الرحمٰن وخلق

Maktaba Tul Ishaat.com

المسیح والموعود لیجعل الهزیمة علی الشطین فی آخرالزمان،حاشیہ ا وکان اللّٰہ قد قدر من الازل ان تقع حرب الشدید مرتین من الشیطان والانسان مرۃ فی اول الزمان ومرۃ فی آخرالزمان واخرج آدم من الجنۃ ونال ابلیس مرادا شاء وکان من الغلبین ولما جاء وعد الاخرۃ ارادالله ان یرد کرۃ علی الا بلیس وفوجہ ویقتل ھذا الرجال بحربۃ منہ وخلق المسیح الموعود الذی ھو آدم وقد اشارا للّٰہ الی ھذا الفتح العظیم وقتل الدجّال الذی القدیم الذی والشیطان فی قولہ قال انک من المنظرین یعنی لایقع امر استیصالک محمد التام الافی آخرالزمان وقت المسیح الامام ومثلہ،صفحہ خ،د،ذ"

ان عبارات سے ثابت ہوا، کہ شیطان پہلے نبی کے وقت مغلوب نہیں ہوا،حتی کہ آنحضرت ﷺ کے وقت بھی مغلوب نہیں ، بلکہ یہ شرف صرف مرزا کے لیے مقدر تھا۔ العیاذ باللہ

Maktaba Tul Ishaat.com

مرزا خود کو "خاتم النبیین" ہونے کا دعویدار ہے

اہل سلام کے نزدیک خاتم النبیین کا معنی نبوت کو بند کرنے والا ہے۔ یعنی اب آنحضرت ﷺ کے بعد کوئی نبی نہ آویگا، جس سے انبیاء کی تعداد میں اضافہ ہو۔

اور مرزائیوں کے نزدیک خاتم النبیین کا مفہوم یہ ہے کہ مہر لگا کر نبی بنانے والا یعنی نبی گر دونوں معنوں سے مرزا خود کو خاتم النبیین سمجھتا ہے۔ اہل اسلام کے معنی سے تو مرزا بھی آخری نبی ٹھہریگا اور اس کے آنے سے انبیاء کی تعداد میں اضافہ ہو گیا، لیکن مرزائیوں کے معنی سے بھی مرزا ہی خاتم النبیین نبی گر ہے، جس کے چند وجوہ ہیں:

1......کیونکہ مرزا آنحضرت ﷺ کو خاتم النبیین کہتا ہے، اور خود کو اپنی نبوت کا ہو بہو بروز یعنی عکس تام سمجھتا ہے۔

دیکھو!

خطبہ الہامیہ، صفحہ 171:

"من فرق بینی وبین المصطفی فی غرض ومارای".

اخبار الحکم ج15 جلد ع10 صفحہ 8 کالم ع1,2:

جب میں بروزی طور پر آنحضرت ﷺ ہوں اور بروزی رنگ میں تمام کمالات محمدی مع نبوت محمدیہ کے میرے آئینہ ظلیت میں منعکس ہیں، تو پھر کونسا الگ انسان ہوا، جس نے علیحدہ طور پر نبوت کا دعوی کیا۔

کالم ع3: پس جیسا کہ ظلی طور پر اس کا نام لیگا، اس کا خلق لیگا، اس کا علم لے گا، ایسا ہی اس کا نبی لقب لے گا، کیونکہ بروزی تصویر پوری نہیں ہو سکتی جب تک یہ تصویر ہر ایک پہلو سے اپنے اصل کے کمال اپنے اندر نہ رکھے پس چونکہ نبوت بھی نبی میں ایک کمال ہے

Maktaba Tul Ishaat.com

۔اس لئے ضروری ہے کہ تصویر بروزی میں وہ کمال بھی نمودار ہو، تمام نبی اس بات کو مانتے چلے آئے کہ وجود بروزی اپنی اصل کی پوری تصویر ہوتی ہے ایک غلطی کا ازالہ میں بعینہٖ یہی عبارت ہے۔نزول مسیح، صفحہ 3 حاشیہ۔

2......اربعین، صفحہ 5/1:

اور میں صرف یہی نہیں دعویٰ کرتا کہ خدا کی پاک وحی سے غیب کی باتیں میرے پر کھلتی ہیں اور خارق عادت امر ظاہر ہوتے ہیں، بلکہ یہ بھی کہتا ہوں کہ جو شخص دل کو پاک کر کے اور خدا اور اس کے رسول پر سچی محبت رکھکر میری پیروی کرے گا۔ وہ بھی خدا سے یہ نعمت پاویگا یعنی مرزا کے متبعین بھی نبوت حاصل کریں گے، چنانچہ کئی ایک نے دعویٰ کیا۔

3......تحفہ گولڑویہ، صفحہ 122,123:

میں مرزا اپنی امت کے متعلق لکھتا ہے اور آیت ''وَّاٰخَرِیْنَ مِنْهُمْ'' (سورۃ الجمعہ آیت نمبر:3) پر گفتگو کرتا ہوا لکھتا ہے کہ ''ثُلَّةٌ مِّنَ الْاَوَّلِیْنَ o وَثُلَّةٌ مِّنَ الْاٰخِرِیْنَ'' (سورۃ الواقعہ آیت نمبر:39,40) بھی ابرار واخیار کے بڑے گروہ جن کے ساتھ بدمذاہب کی آمیزش نہیں وہ وہی ہیں۔

ایک پہلوں کی جماعت اور یعنی صحابہ کی جماعت جو زیر تربیت آنحضرت ﷺ ہیں۔دوسرے پچھلوں کی جماعت جو بوجہ تربیت روحانیہ ﷺ جیسا کہ آیت ''وَّاٰخَرِیْنَ مِنْهُمْ'' (سورۃ الجمعہ آیت نمبر:3) سے سمجھا جاتا ہے صحابہ کے رنگ میں ہمیں دو جماعتیں اسلام میں حقیقی طور پر ''منعم علیهم'' ہیں، اور خدا کا ان پر انعام یہ ہے اپنے ہاتھ سے ان کو پاک گروہ بنایا ہے ان میں سے جو لوگ خدا کا الہام پانے والے اور خدا کے خاص جذبہ سے اس کی طرف کھینچے ہوئے ہیں، نبیوں کے رنگ میں ہیں۔اور جو لوگ وہ صدیقوں کے رنگ میں ہیں، اور جو لوگ انہیں سے وہ شہیدوں کے رنگ میں ہیں، اور جو لوگ ان میں سے وہ صلحاء

Maktaba Tul Ishaat.com

کے رنگ میں ہیں۔

اس سے صاف معلوم ہوا کہ مرزا کی امت میں بھی چار قسم لوگ ہونگے انبیاء، صدیقین، شہدا، صالحین پس مرزا نبی گر ہوا۔

4......دوسرا معنی ہم لوگ خاتم النبیین کا کرتے ہیں یعنی وہ نبی جو آخری نبی ہو، اور اس کے بعد کوئی نبی نہ آوے۔ اس لحاظ سے بھی مرزا خود کو ہی آخری نبی سمجھتا ہے۔

دیکھو!

حقیقۃ الوحی، صفحہ 391:

غرض اس حصہ کثیر وحی الہی اور امور غیبیہ میں اس امت میں سے بھی ایک فرد مخصوص ہوں، اور جس قدر پہلے اولیاء اور ابدال اور اقطاب اس امت میں گذر چکے ہیں ان کو یہ حصہ کثیر اس نعمت کا نہیں دیا گیا۔ پس اس وجہ سے نبی کا نام پانے کے لیے میں ہی مخصوص کیا گیا۔

Maktaba Tul Ishaat.com

مرزا در پردہ تشریعی نبوت کا دعویدار ہے

1......ایک تو اس لیے کہ وہ اپنی نبوت کو آنحضرت ﷺ کی بعینہ نبوت سمجھتا ہے جیسا کہ ہم نے پیچھے ذکر دیا ہے۔ بحوالہ ایک غلطی کا ازالہ و اخبار الحکم و نزول مسیح تو آپ کی نبوت کیونکہ تشریعی نبوت ہے اس لیے مرزا کی نبوت بھی عیاذ باللہ تشریعی ہوئی۔

2......اربعین صفحہ 6,7/4: اور اگر کہو صاحب شریعت افتراء کر کے ہلاک ہوتا ہے نہ ہر ایک مفتری، تو اول تو یہ دعویٰ بے دلیل ہے اس لیے یہ بھی تو سمجھو کہ شریعت کیا چیز ہے جس نے اپنے وحی کے ذریعہ سے چند امر اور نہی بیان کئے اور اپنی امت کے لیے قانون مقرر کیا، وہی صاحب الشریعت ہو گیا۔ پس اس تعریف کی رو سے بھی ہمارے مخالف لازم ہیں۔ یعنی میری وحی میں امر بھی ہے اور نہی بھی۔ اور اگر کہو کہ شریعت سے وہ شریعت مراد ہے جسمیں نئے احکام ہوں تو یہ باطل ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: ''اِنَّ هٰذَا لَفِي الصُّحُفِ الْاُوْلٰى ۝ صُحُفِ اِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى'' (سورۃ الاعلیٰ ایت نمبر: ۱۸,۱۹) یعنی قرآنی تعلیم توراۃ میں بھی موجود ہے۔

اس سے ثابت ہوا کہ مرزا خود کو بھی صاحب الشریعت سمجھتا ہے اور کہتا ہے شریعت جدیدہ ہونا ضروری نہیں، کیونکہ جدیدہ شریعت تو آنحضرت ﷺ کی بھی نہیں۔

3......مرزا کہتا ہے کہ میرا منکر کافر ہے اور کافر وہی ہوتا ہے جب صاحب شریعت جدیدہ نبی کا انکار کرے، نہ کہ ہر ایک نبی کا منکر:

مقدمہ اولیٰ کا اثبات، فتاوی احمدیہ، صفحہ 279:

جو پیغمبر خدا کو نہ مانے وہ کافر ہے مگر جو مہدی اور مسیح کو نہ مانے اس کا بھی سلب ایمان ہو جاتا ہے، انجام ایک ہی ہے۔

Maktaba Tul Ishaat.com

حقیقۃ الوحی، صفحہ 179:

کفر دو قسم ہے ایک یہ کفر کہ ایک شخص اسلام سے انکار کرتا ہے اور آنحضرت ﷺ کو خدا کا رسول نہیں مانتا۔ دوسرا یہ کفر کہ مسیح موعود کو نہ ماننا۔ مگر غور سے دیکھا جاوے تو دونوں قسم کے کفر ایک ہی قسم میں داخل ہیں۔

مثلاً صفحہ 163 فتاوی احمدیہ، صفحہ 271:

جب کہ خدا نے مجھ پر ظاہر کیا ہے کہ ہر ایک شخص جسکو میری دعوت پونچی ہے اور اس نے مجھے قبول نہیں کیا، وہ مسلمان نہیں ہے۔

مقدمہ ثانیہ کا اثبات تریاق القلوب، صفحہ 130 حاشیہ:

یہ نکتہ یاد رکھنے کے لائق ہے کہ اپنے دعویٰ کا انکار کرنے والے کو کافر کہنا یہ صرف ان نبیوں کی شان ہے جو خدا کی طرف سے شریعت اور احکام جدیدہ لاتے ہیں لیکن صاحب الشریعت کے ماسواء جس قدر ملہم اور محدث ہیں گو وہ کیسے ہی جناب الٰہی میں اعلیٰ شان رکھتے ہوں اور خلعت مکالمہ الٰہیہ سے سرفراز ہوں ان کے انکار سے کوئی کافر نہیں بن جاتا۔

1...... نتیجہ ظاہر ہے کہ مرزا نے جہاد کو منسوخ کیا لہٰذا وہ صاحب شریعت نبی ہوا، آنحضرت ﷺ نے فرمایا تھا: الجهاد ماض الى يوم القيمة۔

تحفہ گولڑویہ، صفحہ 39:

اب چھوڑ دو جہاد کا اے دوستو خیال — دین کے لیے حرام ہے اب جنگ اور قتال
اب آگیا مسیح جو دین کا امام ہے — دین کے تمام جنگوں کا اب اختتام ہے

ضمیمہ تحفہ گولڑویہ، صفحہ 43:

"فلاجل ذلک بدل الله حكمه فى هذا الدوران ومنع ان يحارب للدين" اشتہار چندہ منارۃ المسیح، صفحہ ملحقہ خطبہ الہامیہ:

Maktaba Tul Ishaat.com

آج سے دین میں کسی سے لڑنا حرام کیا گیا۔

اربعین صفحہ 15 حاشیہ:

جہاد یعنی دینی لڑائیوں کی شدت کو خدا تعالیٰ آہستہ آہستہ کم کرتا گیا حضرت موسیٰ کے وقت میں اس قدر شدت تھی پھر ہمارے آنحضرت ﷺ کے وقت میں بچوں اور بوڑھوں اور عورتوں کو قتل کرنا حرام کیا گیا۔ پھر مسیح موعود کے وقت قطعاً جہاد کا حکم موقوف کر دیا گیا۔

5...... مرزا نے کئی اور ترامیم تناسخ کر کے نئی شریعت نکالی کہ مرزا سے پہلے حیات مسیح کا عقیدہ صرف اجتہادی غلطی تھی لیکن اب وہ شرک عظیم ہو گیا:

مقدمہ اولیٰ حقیقۃ الوحی، صفحہ 30 حاشیہ:

مسیح موعود کے ظہور سے پہلے اگر امت میں سے کسی نے یہ خیال بھی کیا کہ حضرت عیسیٰ دوبارہ دنیا میں آجاویں گے تو ان پر کوئی گناہ نہیں، صرف اجتہادی خطا ہے۔

مقدمہ ثانیہ الاستفتاء صفحہ 39 ملحقہ حقیقۃ الوحی:

"فمن سوء الادب ان یقال ان ماماتَ ان ھو الشرک عظیم"

6...... مرزا نے اجرت زنا کو جائز قرار دیا جس کے متعلق آنحضرت ﷺ کا حکم تھا:

"انما السحت مهر البغی"

7...... کشتی نوح، صفحہ 68:

پھر یہ عیسیٰ مسیح مہدی صاحب کیسے ہوں گے جو آپ ہی لوگوں کو قتل کرنا شروع کر دیں گے یہاں تک کہ کسی اہل کتاب سے بھی جزیہ قبول نہیں کریں گے۔ اور آیت "حَتّٰى يُعْطُوا الْجِزْيَةَ عَنْ يَّدٍ وَّهُمْ صٰغِرُوْنَ" (سورۃ التوبہ آیت نمبر: 29) کو بھی منسوخ کر دیں گے، یہ دین اسلام کے کیسے حامی ہوں گے، کہ آتے ہی قرآن کی ان آیتوں کو بھی منسوخ کر دیں گے، جو آنحضرت ﷺ کے وقت میں بھی منسوخ نہیں ہوئیں، اور اس قدر انقلاب

Maktaba Tul Ishaat.com

سے بھی ختم نبوۃ میں فرق نہیں آئیگا، اس سے مرزا ثابت کرتا ہے کہ اگر حضرت مسیح اور مہدی اگر جزیہ قبول نہ کریں گے اور "یضع الجزیۃ" کی حدیث پر عمل کریں گے تو یہ آیت منسوخ ہو جائیگی گویا ترمیم و تنسیخ ہوگی، لیکن ہم کہتے ہیں کہ مرزا نے نہ تو انگریزوں سے جہاد کیا اور نہ جزیہ وصول کیا تو اس کے عمل نے زیادہ ترمیم و تنسیخ کر دی۔ لہٰذا اس نے شریعت جدیدہ قائم کر لی اور اس کے علاوہ اور بہت سے مسائل ہیں جو مرزا نے نکالے ہیں مثلاً سود کو حلال کر دیا جس کا حکم تھا: "وَاَحَلَّ اللّٰهُ الْبَيْعَ وَحَرَّمَ الرِّبٰوا" (سورۃ البقرہ آیت نمبر: 275)

Maktaba Tul Ishaat.com

لاہوری پارٹی کے لیے

لاہوری مرزائی کہا کرتے ہیں کہ مرزا قادیانی نے نبوت کا دعویٰ نہیں کیا، اور نہ اس نے اپنے منکرین کو کافر کہا ہے اس لیے ان دونوں باتوں کی تردید ضروری ہوئی۔

1...... تو یہ کہ مرزا نے دعویٰ نبوت کیا ہے کہ اس نے اپنے منکرین کو کافر کہا۔

اڈلہ دعویٰ نبوت:

1...... مرزا نے اپنے آپ کو انبیاء سے افضل قرار دیا ہے، اور کسی غیر نبی کو نبی پر فضیلت نہیں ہو سکتی۔ ہاں بزعم مرزا فضیلت ضروری ہو سکتی ہے۔ جیسے

حمامۃ البشریٰ، صفحہ 77,78: میں لکھا ہے۔ "حکم من کمال یوجد فی الانبیاء بالامامۃ ویحصل لنا افضل منہ واولی بالطریق الظلی"۔

صفحہ 78:

"فقد اتفق علی الاسلام انہ قد یوجد فی غیر نبی لایوجد فی نبی"

لیکن مرزا نے اپنے لیے کلی فضیلت ثابت کی ہے۔

دیکھو!

دافع البلاء، صفحہ 13:

اس مسیح کے مقابل پر جس کا نام خدا رکھا گیا تھا خدا نے اس امت میں سے مسیح موعود بھیجا، جو اس پہلے مسیح سے اپنی تمام شان میں بہت بڑھ کر ہے۔

حقیقۃ الوحی، صفحہ 150:

میں یہ بھی دیکھتا ہوں کہ مسیح بن مریم آخری خلیفہ موسیٰ علیہ السلام کا ہے اور میں آخری خلیفہ اس نبی کا ہوں جو خیر الرسل ہے اس لیے خدا نے چاہا کہ مجھے اس سے کم نہ رکھے۔ پس

Maktaba Tul Ishaat.com

خدا دکھاتا ہے کہ اس رسول کے ادنیٰ خادم اسرائیلی مسیح بن مریم سے بڑھکر ہیں۔

براہین احمدیہ حصہ پنجم، صفحہ 83:

پس اس امت کا یوسف یعنی یہ عاجز اسرائیلی یوسف سے بڑھکر ہے۔

3......صرف مرزا اپنے آپ کو نبی ہی نہیں مانتا، بلکہ نبی صاحب الشریعہ بھی مانتا ہے:

دیکھو! عبارت

اربعین، صفحہ 7/4:

یہ بھی تو سمجھو کہ شریعت کیا چیز ہے جس نے اپنی وحی کے ذریعہ سے چند امر اور نہی بیان کئے، اور اپنی امت کے لئے ایک قانون مقرر کیا، وہی صاحب الشریعہ ہو گیا۔ پس اس تعریف کی رو سے بھی ہمارے مخالف ملزم ہیں کیونکہ میری وحی میں امر بھی ہے، نہی بھی۔

4......نور الحق، صفحہ 48/2:

"واللہ انی مرسل ومقرب" اس میں اپنی رسالت کو مؤکد با قسم کیا ہے۔ اور حمامۃ البشریٰ، صفحہ 14 حاشیہ میں لکھا ہے کہ جملہ قسمیہ میں کوئی گنجائش تاویل نہیں۔ اس لیے مرسل کا حقیقی معنیٰ مراد ہوگا۔ انجام آتھم صفحہ 101: میں بھی دعویٰ رسالت ہے۔

5......براہین احمدیہ حصہ پنجم، صفحہ 55 حاشیہ:

میری دعوت کے مشکلات میں سے ایک رسالت اور وحی الٰہی اور مسیح موعود ہونے کا دعویٰ ہے۔

6......ضمیمہ ج 3 ملحقہ حقیقۃ النبوۃ، صفحہ 272:

ہمارا دعویٰ ہے کہ ہم رسول اور نبی ہیں کسی امر کے حق پونچانے میں کسی قسم کا اخفاء نہ کرنا چاہیے۔

7......نیز مرزا نے تریاق القلوب، صفحہ 130 حاشیہ میں لکھا ہے کہ:

Maktaba Tul Ishaat.com

صاحب الشریعت نبی کا منکر ہی کافر ہوتا ہے۔

دیکھو! عبارت

یہ نکتہ یاد رکھنے کے لائق ہے کہ اپنے دعویٰ سے انکار کرنے والے کو کافر کہنا یہ صرف ان نبیوں کی شان ہے جو خدا کی طرف سے شریعت اور احکام جدیدہ لاتے ہیں اور خود مرزا اپنے منکرین کو کافر کہتا ہے لہذا وہ نبی ہی ہیں بلکہ تشریعی نبی بھی ہوا۔

دیکھو! عبارت

اکفار منکرین فتاویٰ احمدیہ، صفحہ 279:

جو پیغمبر خدا ﷺ کو نہ مانے وہ کافر ہے، مگر جو مہدی اور مسیح کو نہ مانے اس کا بھی سلب ایمان ہو جاتا ہے انجام ایک ہی ہے۔

فتاوی احمدیہ، صفحہ 279:

جبکہ خدا تعالیٰ نے مجھ پر ظاہر کیا ہے کہ ہر ایک شخص جس کو میری دعوت پونچی ہے، اور اس نے مجھے قبول نہیں کیا۔ وہ مسلمان نہیں ہے۔ حقیقۃ الوحی۔

8......نیز وہ اپنے متبعین کو حکم دیتا ہے کہ وہ کسی غیر مرزائی کے پیچھے نماز نہ پڑھیں، یہ حرام ہے:

اربعین، صفحہ 34/3 حاشیہ:

پس یاد رکھو کہ جیسا کہ خدا نے مجھے اطلاع دی ہے، تمہارے پر حرام ہے اور قطعی حرام ہے کہ کسی مکفر اور مکذب اور متردد کے پیچھے نماز پڑھو، بلکہ چاہیے کہ تمہارا وہی امام ہو، جو تم میں سے ہو۔ تمہیں دوسرے فرقوں کو جو دعویٰ اسلام کرتے ہیں بکلی ترک کرنا پڑیگا۔ اور تمہارا امام تم میں سے ہوگا۔ مثلاً

تحفہ گولڑویہ کا ضمیمہ، صفحہ 27 حاشیہ:

Maktaba Tul Ishaat.com

نیز مرزا حقیقۃ الوحی میں اقرار کرتا ہے، تو پہلے میں جب کوئی امر میری وحی میں میری افضلیت پر مسیح کا ظاہر ہوتا تھا تو اس کو جزوی فضیلت سمجھا تا تھا مگر بعد میں میں نے اپنا عقیدہ تبدیل کرلیا تو بعد میں فضیلت کلی کا قائل ہو گیا، اور نبوت کا دعویدار بن گیا۔

دیکھو!

حقیقۃ الوحی، صفحہ 149,150:

اوائل میں میرا یہی عقیدہ تھا کہ مجھ کو مسیح ابن مریم سے کیا نسبت ہے، وہ نبی ہے خدا کا بزرگ مقربین میں سے ہے۔ اور اگر کوئی امر میری فضیلت کی نسبت ظاہر ہوتا تو میں اس کو جزوی نسبت قرار دیتا ہوں، مگر بعد میں جو فضیلت خدا کی یعنی وحی بارش کی طرح میری پر نازل ہوئی، تو اس نے مجھے اس عقیدہ پر قائم نہ رہنے دیا، اور صریح طور پر نبی کا خطاب مجھے دیا گیا۔

”افضلیت مرزا از جمیع انبیاء علیہم السلام“

انجام آتھم، صفحہ 77، التبلیغ آئینہ کمالات اسلام، صفحہ 309: میں مرزا کا قول ہے۔ ”واعطانی مالم یعط احد من العالمین“. نکرہ نفی میں مفید استغراق ہے۔ انجام آتھم صفحہ 58۔

وحقیقۃ الوحی، صفحہ 106: میں مرزا کا الہام ہے ”یاتی قمر الانبیاء“ یعنی مرزا تمام انبیاء علیہم السلام کا چاند ٹھہرا۔

الاستفتاء، صفحہ 83، ملحقہ اربعین واربعین، صفحہ 45/3، وحقیقۃ الوحی، صفحہ 89 ضمیمہ تحفہ گولڑویہ، صفحہ 37: ”آسمان سے کئی تخت اترے، مگر سب سے اونچا تیرا تخت بچھایا گیا“۔

حقیقۃ الوحی، صفحہ 95: میں الہام ہے۔ ”یسبحک اللّٰہ“ یعنی خدا تعالیٰ مرزا کی تسبیحیں پڑھتا

Maktaba Tul Ishaat.com

ہے۔

خطبہ الہامیہ، صفحہ 174 تحفہ حقیقۃ الوحی، صفحہ 136: بلکہ سچ تو یہ ہے کہ اس قدر معجزات کا دریا رواں کر دیا ہے کہ باستثناء ہمارے آنحضرت ﷺ کا باقی تمام انبیاء علیہم السلام میں ان کا ثبوت اس کثرت کے ساتھ تے قطعی اور یقینی طور پر محال ہے۔

آئینہ کمالات اسلام، صفحہ 78: میں مرزا کو الہام ہوا "اول المؤمنین" اور اس کا معنی آئینہ کمالات اسلام، صفحہ 156 میں یہ کیا ہے میں "اول المسلمین" ہوں۔

اربعین، صفحہ 6/2: میں مرزا کو الہام ہوا "انی فضلتک علی العلمین" گویا سب سے افضل مرزا ہوا۔

9...... لیکچر سیالکوٹ، صفحہ 50: میرے دعوٰی کی نسبت اگر شبہ ہو، اور حق جوئی بھی ہو، تو اس شبہ کا دور کرنا بہت سہل ہے، کیونکہ ہر ایک نبی کی سچائی تین طریقوں سے پہچانی جاتی ہے۔ معلوم ہوا کہ مرزا نبی بھی ہوا، اور خود کو معیار نبوت پر لاتا ہے۔

10...... ازالہ اوہام، صفحہ 637,638,660: میں مباہلہ کرنے کا انکار کرتا رہا۔ اور کہتا ہے کہ میری مخالفت دائرہ اسلام سے خارج نہیں ہے حالانکہ مولوی عبد الحق اس کو پہلے جہنمی اور کافر بھی کہہ چکا ہے۔ ازالہ اوہام، صفحہ 1157: مگر پھر بھی مباہلہ نہ کرنا اور حالانکہ اس وقت ازالہ، صفحہ 139,185,413,665 طبع اول: دعوٰی مسیحیت بھی موجود تھا، مگر اس وقت مباہلات سے انکار کرنا، پھر اس کے بعد مباہلات کا پھاٹک کھول دینا اس امر کی کھلی وجی دلیل ہے کہ وہ اب مسیحیت سے گذر کر نبوت کو پہنچ گیا ہے، اور اپنے مخالفین کو اب کافر سمجھتا ہے۔ ملاحظہ ہوں عبارات ازالہ اوہام وانکار از مباہلات، صفحہ 637 طبع اول، صفحہ 1161 جدید ناظرین پر واضح رہے۔

11...... نیز مرزا کو جو لوگ قبول کر کے پھر اس سے اس کے کذب اور دجل کی وجہ سے برگشتہ

Maktaba Tul Ishaat.com

ہو گئے ہیں ان کو مرزا نے مرتد کہکر پکارا ہے۔ مرتد وہی ہوتا ہے جو کسی نبی کو مان کر پھر اس سے برگشتہ ہو جائے۔

حقیقۃ الوحی، صفحہ (69) عبدالحکیم خان نامی ایک شخص جو اسسٹنٹ سرجن بٹالہ ہے جو بیعت توڑ کر مرتد ہو گیا ہے۔ مثلہ، صفحہ 124,148۔

12...... مرزا کہتا ہے میری وہی نبوت ہے جو آنحضرت ﷺ کی نبوت ہے ایک غلطی کا ازالہ واخبار الحکم، صفحہ 15 جلد 1 صفحہ 8 کالم ع 1,2: بروزی رنگ میں تمام کمالات محمدی مع نبوت محمدیہ کے میرے آئینہ ظلیت میں منعکس ہیں۔ اخبار مذکور کالم ع 3: پس جیسا کہ ظلی طور پر اس کا نام لیگا۔ اس کا خلق لیگا اس کا علم لے گا، ایسی ہی اس کا نبی لقب بھی لیگا کیونکہ بروزی تصویر پوری نہیں ہوسکتی، جب تک یہ تصویر ہر ایک پہلو سے اپنے اصل کے کمال اپنے اندر نہ رکھتی ہو پس چونکہ نبوت بھی نبی میں ایک کمال ہے اس لیے ضروری ہے کہ تصویر بروزی میں وہ کمال بھی نمودار ہو۔ جب آنحضرت ﷺ کی کامل نبوت مرزا میں (عیاذ باللہ) منعکس ہوئی تو وہ نبی ہوا۔

Maktaba Tul Ishaat.com

مرزا بریلوی جماعت کا ہمنوا ہے

1......بریلی اور مرزا قادیانی بزرگوں کو متصرف فی الکائنات سمجھتے ہیں:

براہین احمدیہ، صفحہ 198,199 حاشیہ: جس حالت میں اکثر جاہلوں نے گذشتہ اولیاء اور صالحین پر صدہا اس قسم کی تہمتیں لگا رکھی ہیں کہ گویا انہوں نے آپ یہ فرمائش کی تھی کہ ہم کو خدا کا شریک ٹھہراؤ۔ ہم سے مرادیں مانگو، اور ہم کو خدا کی طرح قادر اور متصرف فی الامور سمجھو۔ تو اس صورت میں اگر کوئی نیا مصلح ایسی تعریفوں سے عزت یاب نہ ہو۔ کہ وہ تعریفیں ان کو اپنے پیروں کی نسبت ذہن نشین ہیں تب تک وعظ اس کا اور پند اس مصلح جدید بہت ہی کم مؤثر ہوگا۔

2......بریلوی اور مرزا قادیانی غیر خدا کو حاضر و ناظر سمجھتے ہیں:

دیکھو! عبارت

مولوی احمد رضا خان، صفحہ 143 سرمہ چشم آریہ، صفحہ 186 لاہوری: ''بعض اکابر نے اپنے وجود کو ایک وقت اور ایک آن میں مختلف مقامات پر دکھایا ہے''۔

آئینہ کمالات اسلام، صفحہ 142,143۔ یہی مثال مکمل اولیاء کی ہے جو واقع متفرقہ میں بصور متعددہ نظر آجاتے ہیں۔

3......بریلوی اور مرزا قادیانی دونوں علم غیب کے کلی کے قائل ہیں:

حقیقۃ الوحی، صفحہ 336: ''فَلَا يُظْهِرُ عَلٰى غَيْبِهٖٓ اَحَدًا ٥ اِلَّا مَنِ ارْتَضٰى مِنْ رَّسُوْلٍ'' (سورۃ الجن آیت نمبر: 26,27) یعنی غیب کا ایسا دروازہ کھولتا ہے کہ گویا وہ غیب پر غالب اور غیب اس کے قبضے میں ہے یہ تصرف علم غیب ہے بجز خدا کے برگزیدہ رسولوں کی اور کسی کو نہیں دیا جاتا کہ کیا باعتبار کیفیت اور کیا باعتبار کمیت غیب کے دروازے کھولے جاتے

Maktaba Tul Ishaat.com

ہیں۔

ضرورۃ الامام، صفحہ 13 دیکھو صفحہ 94۔

براہین احمدیہ حصہ پنجم، صفحہ 71،72 خدا اپنے کلام پاک میں فرماتا ہے کہ ہر ایک مومن پر غیب کے کامل امور ظاہر نہیں کیے جاتے بلکہ محض ان بندوں پر جو اصطفاء اور اجتباء کا درجہ رکھتے ہیں۔ ''فَلَا یُظْهِرُ عَلٰی غَیْبِهٖ ...... الخ'' (سورۃ الجن آیت نمبر:26) یعنی اللہ تعالیٰ اپنے غیب پر کسی کو غالب نہیں کرتا مگر ان لوگوں کو جو اس کے درگاہ کے پسندیدہ ہیں۔

ایام الصلح، صفحہ 171: ''فَلَا یُظْهِرُ عَلٰی غَیْبِهٖ ......الخ (سورۃ الجن آیت نمبر:26) یعنی کامل طور پر غیب کا بیان کرنا صرف رسولوں کا کام ہے، دوسرے کو یہ مرتبہ حاصل نہیں رسولوں سے مراد وہ لوگ ہیں جو خدا کی طرف سے بھیجے جاتے ہیں، خواہ نبی ہوں، خواہ محدث خواہ مجدد۔

4...... بریلوی اور مرزا قادیانی دونوں متفق ہیں کہ از روئے قرآن مجید اللہ تعالیٰ نے آنحضرت ﷺ کو فرمایا: کہ تو بندوں کو اپنے بندے کہہ کر پکار، یعنی اے محمد ﷺ کے بندو! اور قرآن مجید کی اس آیت ''قُلْ یٰعِبَادِیَ الَّذِیْنَ اَسْرَفُوْا'' (سورۃ الزمر آیت نمبر:53) کا معنی یہ کرتے ہیں کہ اے میرے بندو! (یعنی ای حضرت کے بندو) سرمہ چشم آریہ، صفحہ 176: ''قُلْ یٰعِبَادِیَ الَّذِیْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰی اَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِیْعًا'' (سورۃ الزمر آیت نمبر:53) یعنی کہہ دے۔ اے میرے بندو...... الخ

5...... بریلوی اور مرزا قادیانی دونوں کا عقیدہ ہے کہ آنحضرت ﷺ خدا کی الوہیت اور صفات ذاتیہ خداوندی کے مظہر اتم ہیں، اور آپ گویا ظلی خدا ہیں۔

سرمہ چشم آریہ، صفحہ 146 تا 179 حاشیہ: مولوی احمد رضا خان بریلوی اور مرزا

Maktaba Tul Ishaat.com

قادیانی اس نظریہ کے قائل ہے کہ اسلام میں اونچ نیچ قومیت کے لحاظ سے فرق ہے مثلاً احمد رضا خان نے لکھا ہے کہ کمینوں مثلاً نائیوں وغیرہ کو نہ پڑھایا جائے۔

دیکھو! ملفوظات احمدیہ۔ دیکھو! عبارت احمد رضا خان، صفحہ 123 اور مرزا نے بھی قومیت اور نسلوں کا امتیاز کیا ہے جو قرآن مجید کی آیت ''وَجَعَلْنٰکُمْ شُعُوْبًا......الخ'' (سورۃ الحجرات آیت نمبر:13) خلاف ہے۔ مرزا قادیانی اور احمد رضا خان کے نزدیک جہاد حرام ہے۔

دیکھو! عبارت احمد رضا خان طریق الہدی والارث، مولفہ مولوی احمد رضا خان بریلوی مطبوعہ یونائیڈ پریس دہلی 1341، صفحہ 30,31: ایک جان مسلم کا اتلاف کعبہ گرانے سے بدتر ہے بلکہ ساری دنیا کا زوال اللہ کے نزدیک ایک مسلمان کے ناحق قتل سے کہیں ہلکا ہے نبی ﷺ فرماتے ہیں...... دنیا اھون علی اللّٰہ من قتل رجل مسلم رواہ الترمذی والنسائی عن ابن عمر بن العاص ؓ ایسی حالت میں جہاد جہاد کی رٹ لگانا غیر قوموں کو اپنے اوپر ہنسانا اور طعنے اٹھانا ہے۔

اس سادگی پہ کون نہ مر جائے اے خدا　　لڑتے ہیں اور ہاتھ میں تلوار ہی نہیں

اور جب کہ وہ ان قبائح پر مشتمل ہے۔ حرام۔ حرام۔ حرام ہے، ہرگز حکم شرع نہیں شریعت پر افتراء وزیادت ہے۔ جو آج اسے حکم الٰہی وامر رسالت پناہ ہی ٹھہرا رہی ہے۔ مسلمانوں کے سخت دشمن ہیں۔ اللہ اور رسول پر افتراء باندھتے ہیں۔ یہ تو احمد رضا خان کی عبارت پیش کردی۔

رہی مرزا قادیانی کی جہاد کی حرمت پر عبارتیں، وہ تو اظہر من الشمس ہیں۔

مشتی نمونہ از خروارے ملفوظ حصہ اول ملفوظات مولوی احمد رضا خان بریلوی مطبوعہ حسنی پریس دہلی 1338، صفحہ 103: حضور اولیاء ایک وقت میں چند جگہ حاضر ہونے کی قوت

Maktaba Tul Ishaat.com

